بَلاَءٍ حَسَنٍ اَبْلاَنَا ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ غَیْرَ مُوَدَّعٍ رَبِّیْ لَا مُکَافِیءٍ وَلَا مَکْفُوْرٍ وَلَا مُسْتَغْنًی عَنْهُ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَ مِنَ الطَّعَامِ ، وَسَقٰی مِنَ الشَّرَابِ ، وَکَسٰی مِنَ الْعُرٰی ، وَهَدٰی مِنَ الضَّلَالَةِ ، وَبَصَّرَ مِنَ الْعَمٰی وَفَضَّلَ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَهٗ تَفْضِیْلًا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ.

ترجمة الحديث:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

قبا والوں میں سے ایک انصاری صحابی رضی اللہ عنہ نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کھانے کی دعوت دی۔ہم بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ وہاں گئے جب کھانا کھانے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہاتھ دھونے لگے تو یہ دعا پڑھی:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ یُطْعِمُ وَلَا یُطْعَمُ ، مَنَّ عَلَیْنَا فَهَدَانَا ، وَاَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَکُلَّ بَلاَءٍ حَسَنٍ اَبْلاَنَا ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ غَیْرَ مُوَدَّعٍ رَبِّیْ لَا مُکَافِیءٍ وَلَا مَکْفُوْرٍ وَلَا مُسْتَغْنًی عَنْهُ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَ مِنَ الطَّعَامِ ، وَسَقٰی مِنَ الشَّرَابِ ، وَکَسٰی مِنَ الْعُرٰی ، وَهَدٰی مِنَ الضَّلَالَةِ ، وَبَصَّرَ مِنَ الْعَمٰی وَفَضَّلَ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَهٗ تَفْضِیْلًا اَلْحَمْدُ

غایۃ الاحکام	رقم الحدیث (۱۰۵۶۲)	جلد ۵	صفحہ ۵۳۱
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۰۶۰)	جلد ۹	صفحہ ۱۳۰
عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی	رقم الحدیث (۴۸۵)		صفحہ ۴۳۷
قال المحقق	اسنادہ حسن		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۲۰۰۳)	جلد ۲	صفحہ ۷۶۱
قال الحاکم:	ھذا حدیث صحیح علی شرط مسلم		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۲۱۹)	جلد ۱۲	صفحہ ۲۲
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۱۹۶)	جلد ۷	صفحہ ۴۲۵
قال الالبانی	حسن الاسناد		

لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں جو مخلوق کو کھلاتا ہے اور اسے نہیں کھلایا جاتا اس نے ہم پر احسان فرمایا کہ ہمیں ہدایت فرمائی ہمیں کھلایا پلایا اور ہر اچھی نعمت سے ہمیں سرفراز فرمایا۔

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں جس کو چھوڑا نہیں جا سکتا جو میرا رب ہے نہ اس کے بغیر کفایت کی جا سکتی ہے اور نہ اس کی ناشکری کی جا سکتی ہے اور نہ اس سے بے نیازی برتی جا سکتی ہے۔

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں جس نے کھلایا، پلایا اور تن ڈھانکنے کو کپڑے دیئے گمراہی سے بچا کر ہدایت دی اندھے پن سے بچا کر بینائی عطا فرمائی اور بہت سی مخلوق پر نمایاں فضیلت عطا فرمائی۔ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔

-☆-

کھانا کھا کر

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ ، وَاَطْعِمْنَا خَیْرًا مِنْہُ

دودھ پی کر

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَزِدْنَا مِنْہُ

عَنْ عَبْدِاللّٰہِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُما قَالَ :

دَخَلْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلہٖ وَسَلَّمَ – اَنَا وَخَالِدُ بْنُ الْوَلِیْدِ عَلٰی مَیْمُوْنَۃَ فَجَاءَ تْنَا بِاِنَاءٍ فِیْہِ لَبَنٌ فَشَرِبَ رَسُوْلُ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلہٖ وَسَلَّمَ– وَاَنَا عَلٰی یَمِیْنِہٖ وَخَالِدٌ عَنْ شِمَالِہٖ فَقَالَ لِیْ:

اَلشَّرْبَۃُ لَکَ فَاِنْ شِئْتَ آثَرْتَ بِھَا خَالِدًا فَقُلْتُ: مَا کُنْتُ اُوْثِرُ عَلٰی سُؤْرِکَ اَحَدًا ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلہٖ وَسَلَّمَ – :

مَنْ اَطْعَمَہُ اللّٰہُ الطَّعَامَ ، فَلْیَقُلْ : اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ ، وَاَطْعِمْنَا خَیْرًا مِنْہُ ، وَمَنْ سَقَاہُ اللّٰہُ لَبَنًا فَلْیَقُلْ : اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَزِدْنَا مِنْہُ.

ترجمۃ الحدیث،

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا:

میں اور حضرت خالد بن ولید حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے ام المؤمنین حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے ہاں تو آپ ہمارے لئے برتن میں دودھ لائیں۔حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دودھ نوش فرمایا میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دائیں جانب اور حضرت خالد بن ولید آپ کے بائیں جانب تھے۔حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

دودھ پینے کا حق تو تمہارا ہے (کیونکہ تم میری دائیں جانب ہو) اگر تم چاہو تو تم خالد کو اپنے آپ پر ترجیح دے دو۔

السنن الکبری للنسائی رقم الحدیث (۱۰۰۳۶) جلد۹ صفحہ۱۱۵

سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ رقم الحدیث (۲۳۳۰) جلد۵ صفحہ۴۱۱

صحیح سنن الترمذی رقم الحدیث (۳۴۵۵) جلد۳ صفحہ۴۲۵

قال الالبانی ھذا حدیث حسن

حصن المسلم من اذکار الکتاب والسنۃ صفحہ۲۲۶

سنن ابن ماجہ رقم الحدیث (۳۳۲۲) جلد۴ صفحہ۳۹

قال محمود محمد محمود الحدیث حسن

صحیح الجامع الصغیر رقم الحدیث (۶۰۳۵) جلد۲ صفحہ۱۰۴۴

قال الالبانی صحیح

صحیح سنن ابوداؤد رقم الحدیث (۳۷۳۰) جلد۲ صفحہ۴۳۲

قال الالبانی حسن

جامع الاصول رقم الحدیث (۲۳۱۲) جلد۴ صفحہ۳۵۵

السنن الکبری للنسائی رقم الحدیث (۱۰۰۳۵) جلد۹ صفحہ۱۱۵

مسند الامام احمد رقم الحدیث (۲۵۶۹) جلد۳ صفحہ۱۶۱

قال احمد محمد شاکر اسنادہ صحیح

مسند الامام احمد رقم الحدیث (۱۹۷۸) جلد۲ صفحہ۳۷۰

قال احمد محمد شاکر اسنادہ صحیح

میں نے عرض کی:

یا رسول اللہ! میں آپ کے چھوڑے ہوئے دودھ پر کسی اور کو ترجیح نہیں دے سکتا۔ پھر حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اللہ جسے کھانا کھلائے اسے چاہئے کہ یہ دعا مانگے۔

اَللّٰهُمَّ بَارِکْ لَنَا فِيْهِ، وَاَطْعِمْنَا خَيْرًا مِنْهُ.

اے اللہ! ہمارے لئے اس میں برکت عطا فرما اور ہمیں اس سے بہتر کھانا کھلا۔

اور جسے اللہ تعالٰی دودھ پلائے اسے چاہئے کہ وہ یوں دعا مانگے۔

اَللّٰهُمَّ بَارِکْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ.

اے اللہ! اس میں ہمارے لئے برکت رکھ دے اور اس سے ہمیں اور زیادہ عطا فرما۔

-☆-

کھانا کھلانے والے کیلئے

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَھُمْ فِیْمَارَزَقْتَھُمْ ، وَاغْفِرْلَھُمْ ، وَارْحَمْھُمْ

عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ بُسْرٍ الصَّحَابِيِّ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – قَالَ:

نَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ – عَلٰی اَبِی ، فَقَرَّبْنَا اِلَیْہِ طَعَامًا وَرَطْبَۃً ، فَاَکَلَ مِنْھَا ، ثُمَّ اُتِیَ بِتَمْرٍ ، فَکَانَ یَاْکُلُہٗ وَیُلْقِی النَّوٰی بَیْنَ اِصْبَعَیْہِ ، وَیَجْمَعُ السَّبَّابَۃَ وَالْوُسْطٰی،قَالَ شُعْبَۃُ:

ھُوَ ظَنِّی وَھُوَ فِیْہِ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ اِلْقَاءُ النَّوٰی بَیْنَ الْاِصْبَعَیْنِ ، ثُمَّ اُتِیَ بِشَرَابٍ ، فَشَرِبَہٗ ثُمَّ نَاوَلَہُ الَّذِیْ عَنْ یَمِیْنِہٖ ، فَقَالَ اَبِی : وَاَخَذَ بِلِجَامِ دَابَّتِہٖ : اُدْعُ اللّٰہَ لَنَا ، فَقَالَ:

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَھُمْ فِیْمَا رَزَقْتَھُمْ ، وَاغْفِرْلَھُمْ ، وَارْحَمْھُمْ .

صحیح مسلم رقم الحدیث (۲۰۴۲) جلد۳ صفحہ۱۶۱۵

صحیح مسلم رقم الحدیث (۵۳۲۸) جلد۳ صفحہ۳۷۰

صحیح سنن ابی داؤد رقم الحدیث (۳۷۲۹) جلد۲ صفحہ۴۳۱

قال الالبانی صحیح

صحیح سنن الترمذی رقم الحدیث (۳۵۷۶) جلد۳ صفحہ۴۶۸

قال الالبانی صحیح

ترجمۃ الحدیث،

حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے ابا جان کے پاس تشریف لائے ،ہم نے کھانا اور رطبہ (رطبہ ایک کھانا ہے جو کھجور اور پنیر اور گھی ملا کر بنتا ہے) پیش کیا آپ نے کھایا۔پھر کھجوریں لائی گئیں ۔آپ ان کو کھاتے تھے اور گٹھلیاں دونوں انگلیوں میں رکھ کر۔ایک جگہ۔پھینکتے جاتے شہادت کی انگلی اور درمیانی انگلی سے۔شعبہ راوی بیان کرتے ہیں:

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۶۰۶)	جلد ۱۳	صفحہ ۴۰۶
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۶۱۴)	جلد ۱۳	صفحہ ۴۰۴
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۶۲۵)	جلد ۱۳	صفحہ ۴۰۶
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۶۷۳۰)	جلد ۶	صفحہ ۲۶۵
السنن الکبری	رقم الحدیث (۶۸۷۱)	جلد ۶	صفحہ ۳۱۰
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۰۵۰)	جلد ۹	صفحہ ۱۱۷
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۰۵۱)	جلد ۹	صفحہ ۱۱۷
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۰۵۲)	جلد ۹	صفحہ ۱۱۸
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۰۵۳)	جلد ۹	صفحہ ۱۱۸
جامع الاصول	رقم الحدیث (۵۴۵۸)	جلد ۷	صفحہ ۴۸۸
قال المحقق	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۲۹۷)	جلد ۱۲	صفحہ ۱۰۹
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۲۹۸)	جلد ۱۲	صفحہ ۱۱۰
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۲۹۹)	جلد ۱۲	صفحہ ۱۱۰
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۶۰۴)	جلد ۱۳	صفحہ ۴۰۶
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۲۶۳)	جلد ۳	صفحہ ۶

میرا یہی خیال ہے اور میرے گمان میں انشاء اللہ یہ صحیح ہے کہ آپ دو انگلیوں کے درمیان گٹھلی رکھ کر پرے کر دیتے تھے۔ پھر مشروب لایا گیا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے پیا۔ اس کے بعد جو آپ کے داہنی طرف بیٹھا تھا اس کو دیا۔ پھر میرے والد گرامی نے آپ کی سواری کی باگ تھامی اور عرض کی:

ہمارے لیے دعا فرما دیجیے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَھُمْ فِیْمَا رَزَقْتَھُمْ ،وَاغْفِرْلَھُمْ ،وَارْحَمْھُمْ ۔

اے اللہ! ان کی روزی میں برکت دے اور ان کو بخش دے اور ان پر رحم فرما۔

-☆-

جب دسترخوان اٹھایا جائے

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ ، غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَلَامُوَدَّعٍ ، وَلَامُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا

عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – اَنَّ النَّبِیَّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – كَانَ اِذَا رَفَعَ مَائِدَتَهُ قَالَ:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَلَامُوَدَّعٍ وَلَامُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۴۵۸)	جلد۴	صفحہ۱۷۵۳
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۴۵۹)	جلد۴	صفحہ۱۷۵۳
السنن الکبری	رقم الحدیث (۶۸۶۸)	جلد۶	صفحہ۳۰۹
السنن الکبری	رقم الحدیث (۶۸۶۹)	جلد۶	صفحہ۳۰۹
السنن الکبری	رقم الحدیث (۶۸۷۰)	جلد۶	صفحہ۳۰۹
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۰۴۲)	جلد۹	صفحہ۱۱۴
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۰۴۳)	جلد۹	صفحہ۱۱۵
صحیح سنن ابوداود	رقم الحدیث (۳۸۴۹)	جلد۲	صفحہ۴۵۸
قال الالبانی	صحیح		

ترجمۃ الحدیث،

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے سے جب دسترخوان اٹھایا جاتا تو آپ یہ دعا پڑھتے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَلَا مُوَدَّعٍ وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا.

تمام حمد وتعریفیں اللہ ہی کیلئے ہیں، ایسی حمد جو کثرت کے وصف سے متصف ہو، طیب پاکیزہ ہو اور اس میں برکت ہو۔ نہ اس سے کفایت کی گئی ہو نہ یہ آخری کھانا ہے اور نہ اس سے بے نیازی ہو سکے، اے ہمارے رب!۔

-☆-

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۴۵۶)	جلد ۳	صفحہ ۴۲۶
قال الالبانی:	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۱۴۹)	جلد ۴	صفحہ ۱۵۱
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۲۸۴)	جلد ۴	صفحہ ۱۹
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۳۰۹)	جلد ۴	صفحہ ۲۵۳
قال المحقق	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۲۰۶۸)	جلد ۱۶	صفحہ ۲۲۴
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۲۱۰۰)	جلد ۱۶	صفحہ ۲۳۴
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۲۱۵۷)	جلد ۱۶	صفحہ ۲۴۹
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۲۱۷)	جلد ۱۲	صفحہ ۲۰
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۲۱۸)	جلد ۱۲	صفحہ ۲۲
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		

کھانا کھا کر میزبان کیلئے دعا

اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّآئِمُوْنَ ، وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ

عَنْ اَنَسٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – اَنَّ النَّبِیَّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – جَآءَ اِلٰی سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – فَجَآءَ بِخُبْزٍ وَزَيْتٍ فَاَكَلَ ثُمَّ قَالَ النَّبِیُّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّآئِمُوْنَ ، وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ.

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۲۱۱۶)	جلد ۱۰	صفحہ ۳۷۸
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۳۸۵۴)	جلد ۲	صفحہ ۴۵۹
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۶۸۷۴)	جلد ۶	صفحہ ۳۱۱
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۰۵۵)	جلد ۹	صفحہ ۱۱۸
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۰۵۶)	جلد ۹	صفحہ ۱۱۹
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۰۵۷)	جلد ۹	صفحہ ۱۱۹

ترجمة الحديث،

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے ہاں تشریف لائے۔انہوں نے آپ کی خدمت میں روٹی اور روغن زیتون پیش کیا۔آپ نے کھانا کھایا پھر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ ، وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ.

تمہارے ہاں روزہ رکھنے والے روزہ افطار کرتے رہیں،نیک وصالح لوگ تمہارا کھانا کھاتے رہیں اور فرشتے تمہارے لئے دعائے مغفرت ورحمت مانگتے رہیں۔

-☆-

یہ کتنی عمدہ اور پیاری دعا ہے اگر اس دعا کے حصول کے لئے انسان اپنی ساری زندگی کی کمائی بھی صرف کردے تو سودا مہنگا نہیں ہے۔

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ روزہ افطار کرانے والے کو اتنا ہی ثواب ملتا ہے جتنا روزہ دار کو ملتا ہے۔

جس کے دسترخوان پر روزہ دار روزہ افطار کریں اسے محنت ومشقت کے بغیر بے حساب اجر

مسند الامام احمد　رقم الحدیث (۱۲۳۴۶)　جلد۱۰　صفحہ۴۲۶
قال حمزة احمد الزین　اسنادہ صحیح
مسند الامام احمد　رقم الحدیث (۱۳۰۴۰)　جلد۱۱　صفحہ۸۶
قال حمزة احمد الزین　اسنادہ صحیح
جامع الاصول　رقم الحدیث (۴۳۱۳)　جلد۶　صفحہ۲۵۶
قال المحقق　صحیح
صحیح ابن حبان　رقم الحدیث (۵۲۹۶)　جلد۱۲　صفحہ۱۰۷
قال شعیب الارنؤوط　اسنادہ صحیح علی شرط
صحیح الجامع الصغیر　رقم الحدیث (۱۱۳۷)　جلد۱　صفحہ۲۵۳
قال الالبانی　صحیح

مل گیا۔

جس کے دستر خوان پر صالح، نیک اور متقی لوگ کھانا کھائیں اس کی قسمت تک رسائی کسے نصیب ہوگی۔ نیک آدمی کو کھانا کھلانے کا فائدہ تو قیامت کے دن معلوم ہوگا جب نیک اور صالح آدمی دنیا میں پانی پلانے والے اور انہیں کھانا کھلانے والوں کو پکڑ پکڑ کر جنت لے جارہے ہوں گے۔

اللہ کے فرشتے جب کسی کے لئے رحمت و مغفرت کی دعا کردیں اس دعا کی قبولیت میں کیا شک رہ جاتا ہے؟ وہ خود معصوم ہیں اور ان کی زبانیں معصوم ان کی زبان سے نکلے ہوئے کلمات تقدیر بدل دیتے ہیں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت سعد بن عبادہ کے ہاں تشریف لے گئے اور انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں روٹی اور زیتون پیش کیا آپ نے اس جانثار صحابی کے کھانے کو تناول فرمایا اس کے بعد آپ نے ان کے لئے یہی دعا فرمائی۔

اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّآئِمُوْنَ ، وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ.

-☆-

روزہ افطار کرتے وقت

ذَهَبَ الظَّمَأُ ، وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ ، وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰی

عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْمُقَفَّعِ قَالَ :

رَاَيْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقْبِضُ عَلٰی لِحْيَتِهٖ فَيَقْطَعُ مَا زَادَ عَلَی الْكَفِّ ، قَالَ :

وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا اَفْطَرَ قَالَ:

ذَهَبَ الظَّمَأُ ، وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ ، وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰی۔

مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۹۹۳)	جلد۲	صفحہ۲۲۳
قال الالبانی	اسنادہ حسن		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۴۵۶۱)	جلد۶	صفحہ۴۵۷
صحیح سنن ابوداؤد والفظ لہ	رقم الحدیث (۲۳۵۷)	جلد۲	صفحہ۵۹
قال الالبانی	حسن		
عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی	رقم الحدیث (۴۷۸)		صفحہ۴۶۸
قال المحقق	حسن		
غایۃ الاحکام	رقم الحدیث (۸۴۵۶)	جلد۴	صفحہ۴۲۹

ترجمة الحديث؛

جناب مروان بن مُقَفَّع کا بیان ہے کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا کہ انہوں نے اپنی داڑھی کو مٹھی میں پکڑا اور جو مٹھی سے زیادہ تھی اس کو کاٹ دیا اور ارشاد فرمایا کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جب روزہ افطار فرماتے تو یوں فرماتے:

ذَهَبَ الظَّمَأُ ، وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ ، وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰی۔

پیاس ختم ہوگئی، رگیں تر ہوگئیں اور روزے کا اجر وثواب مل گیا ان شاء اللہ۔

-☆-

السنن الکبری رقم الحدیث (۳۳۱۵) جلد۳ صفحہ۳۷۴

السنن الکبری رقم الحدیث (۱۰۰۵۸) جلد۹ صفحہ۱۱۹

بارش سے متعلق اذکار

باران رحمت کیلئے

اَللّٰهُمَّ اسْقِ عِبَادَکَ وَبَهَائِمَکَ ،
وَانْشُرْ رَحْمَتَکَ،وَاَحْيِ بَلَدَکَ الْمَيِّتَ

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ –رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ– قَالَ :
كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – اِذَا اسْتَسْقٰى قَالَ:
اَللّٰهُمَّ اسْقِ عِبَادَکَ وَبَهَائِمَکَ ، وَانْشُرْ رَحْمَتَکَ ، وَاَحْيِ بَلَدَکَ الْمَيِّتَ.

ترجمة الحديث؛

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد (شعیب) سے ،وہ انکے دادا رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بارش کیلئے دعا فرماتے تو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں یوں عرض کرتے:

صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۱۱۷٦)	جلد ۱	صفحہ ۳۲۲
قال الالبانی	حسن		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۴۲۹٦)	جلد ٦	صفحہ ۲۱۸
قال المحقق	صحیح		

اَللّٰھُمَّ اسْقِ عِبَادَکَ وَبَھَائِمَکَ ، وَانْشُرْ رَحْمَتَکَ ، وَاَحْیِ بَلَدَکَ الْمَیِّتَ.

اے اللہ! بارش نازل فرما کر اپنے بندوں کو اور اپنے پیدا فرمودہ جانوروں کو پانی پلا دے۔ اور اپنی رحمت کو پھیلا دے، عام کردے اور اپنی مردہ زمین کو زندہ کردے۔

-☆-

اللہ کے حضور اس کے پیاسے بندوں کا تذکرہ کیا جارہا ہے اور اس کی مخلوق کا تذکرہ کیا جارہا ہے جسے اس نے جان تو عطا فرمائی لیکن زبان نہیں۔ اور پھر اس کی اس زمین کا ذکر کیا جارہا ہے جو پانی نہ ہونے کی وجہ سے اپنی زندگی کھوچکی ہے۔

دراصل یہ تمام تذکرے اللہ کی رحمت کو متوجہ کرنے کے لئے ہیں۔ اسی کی رحمت سے بارش کا نزول ہوتا ہے۔ اور اسکی رحمت سے مردہ تن میں زندگی کی لہر دوڑتی ہے اور اسی کی رحمت سے نظام کائنات قائم ہے۔

نعمت ایمان سے مالا مال سعادت مند ہر جگہ اور ہر موقع پر اپنے اللہ سے تعلق استوار کرتا ہے اور اس کا ذات وحدہ لاشریک پر یقین محکم ہوتا ہے پھر وہ کسی بھی جگہ اس کے فضل وکرم اور رحمت سے محروم نہیں ہوتا۔

-☆-

حصول بارش کیلئے

اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا غَیْثًا مُغِیْثًا ، مَرِیْعًا، نَافِعًا غَیْرَ ضَارٍّ ، عَاجِلًا غَیْرَ آجِلٍ

عَنْ جَابِرِبْنِ عَبْدِاللّٰہِرَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا قَالَ :

اَتَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ بَوَاکِیْ ، فَقَالَ:

اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا غَیْثًا مُغِیْثًا ، مَرِیْعًا ، نَافِعًا غَیْرَ ضَارٍّ ، عَاجِلاً غَیْرَ آجِلٍ ، قَالَ:

فَاَطْبَقَتْ عَلَیْھِمُ السَّمَاءُ.

صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۱۱۷۶)	جلد۱	صفحہ۳۲۲
قال الالبانی	حسن		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۴۳۹۶)	جلد۶	صفحہ۲۱۸
قال المحقق	صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۱۰۶۰)	جلد۳	صفحہ۳۳۳
قال الالبانی	حذ السنا د صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۱۱۶۹)	جلد۱	صفحہ۳۲۰
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کچھ لوگ (بارش نہ برسنے کی وجہ سے) روتے ہوئے آئے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یوں دعا فرمائی:

اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا غَیْثًا مُغِیْثًا ، مَرِیْعًا ، نَافِعًا غَیْرَ ضَارٍّ ، عَاجِلاً غَیْرَ آجِلٍ ،

اے اللہ! ہم پر بارش نازل فرما جو نفع دینے والی ہو، مددگار ہو، خیر و بہتر انجام والی ہو، فائدہ دینے والی ہو، نقصان نہ دینے والی ہو، جلد (بروقت) نازل ہونے والی ہو، دیر سے (وقت گزرنے کے بعد) نہ نازل ہونے والی ہو۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ (اس دعا کے فوراً بعد) ان لوگوں پر بادل چھا گئے (اور بارش برسنا شروع ہوگئی)۔

-☆-

جامع الاصول	رقم الحدیث (۴۲۹۵)	جلد ۶	صفحہ ۲۱۷
قال المحقق	صحیح		
مشکوٰۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۴۵۳)	جلد ۲	صفحہ ۱۴۶
قال الالبانی	اسنادہ صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۲۲۲)	جلد ۲	صفحہ ۲۷۲
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین		

بارش کیلئے

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ، الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ، مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَفْعَلُ مَايُرِيْدُ ، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْغَنِىُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَاءُ ، اَنْزِلْ عَلَيْنَا الْغَيْثَ ، وَاجْعَلْ مَا اَنْزَلْتَ لَنَا قُوَّةً وَبَلَاغًا اِلٰى حِيْنٍ

عَنْ عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ :

شَكَا النَّاسُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – قُحُوْطَ الْمَطَرِ ، فَاَمَرَ بِمِنْبَرٍ ، فَوُضِعَ لَهُ فِى الْمُصَلّٰى ، وَوَعَدَ النَّاسَ يَوْمًا يَخْرُجُوْنَ فِيْهِ ، فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – حِيْنَ بَدَا حَاجِبُ الشَّمْسِ فَقَعَدَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَكَبَّرَ وَحَمِدَ اللّٰهَ – عَزَّوَجَلَّ – ثُمَّ قَالَ :

اِنَّكُمْ شَكَوْتُمْ جَدْبَ دِيَارِكُمْ ، وَاسْتِئْخَارَ الْمَطَرِ عَنْ اِبَّانِ زَمَانِهٖ عَنْكُمْ ، وَقَدْ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ اَنْ تَدْعُوْهُ ، وَوَعَدَكُمْ اَنْ يَسْتَجِيْبَ لَكُمْ ، ثُمَّ قَالَ :

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ، الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ، مٰالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ یَفْعَلُ مَا یُرِیْدُ ، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْغَنِیُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَاءُ ، اَنْزِلْ عَلَیْنَا الْغَیْثَ ، وَاجْعَلْ مَا اَنْزَلْتَ لَنَا قُوَّةً وَبَلَاغًا اِلٰی حِیْنٍ ، ثُمَّ رَفَعَ یَدَیْهِ ، فَلَمْ یَزَلْ فِی الرَّفْعِ حَتّٰی بَدَا بَیَاضُ اِبْطَیْهِ.

ثُمَّ حَوَّلَ اِلَی النَّاسِ ظَهْرَهُ وَقَلَّبَ ، اَوْ حَوَّلَ رِدَاءَهُ وَهُوَ رَافِعٌ یَدَیْهِ ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَی النَّاسِ ، وَنَزَلَ فَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ ،فَاَنْشَا اللّٰهُ – عَزَّوَجَلَّ – سَحَابَةً فَرَعَدَتْ وَبَرَقَتْ ثُمَّ اَمْطَرَتْ بِاِذْنِ اللّٰهِ – تَعَالٰی – فَلَمْ یَاْتِ مَسْجِدَهُ حَتّٰی سَالَتِ السُّیُوْلُ فَلَمَّا رَاٰی سُرْعَتَهُمْ اِلَی الْکِنِّ ضَحِکَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حَتّٰی بَدَتْ نَوَاجِذُهُ ، فَقَالَ:

اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ، وَاَنِّیْ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ.

صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۱۰۶۴)	جلد۴	صفحہ ۳۳۶
قال الالبانی	حذا اسنادہ حسن		
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۱۱۷۳)	جلد۱	صفحہ ۳۲۰
قال الالبانی	حسن		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۴۲۹۰)	جلد۶	صفحہ ۲۱۳
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۵۰۸)	جلد۲	صفحہ ۱۳۶
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۲۲۵)	جلد۲	صفحہ ۴۷۳
قال الحاکم	حذا الحدیث صحیح علی شرط الشیخین		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۲۳۱۰)	جلد۱	صفحہ ۴۵۸
قال الالبانی	صحیح		
الارواء الغلیل	رقم الحدیث (۶۶۵)	جلد۳	صفحہ ۱۳۵
قال الالبانی	حسن		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۹۹۱)	جلد۳	صفحہ ۲۷۲
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ حسن		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۸۶۰)	جلد۷	صفحہ ۱۰۹
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ حسن		

ترجمۃ الحدیث :

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ لوگوں نے حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے شکایت کی کہ بارش نہیں ہو رہی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک دن عید گاہ میں منبر رکھنے کا حکم دیا اور لوگوں کو حکم دیا کہ وہ وہاں پہنچیں ۔ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا:

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (نماز استسقاء کیلئے) اس وقت نکلے جب سورج کی ٹکیہ نکل آئی تھی ۔آپ منبر پر بیٹھے اور اللہ عزوجل کی کبریائی بیان کی اور اس کی حمد وثنا بیان کی پھر ارشاد فرمایا:

تم نے شکایت کی ہے کہ تمہارے علاقے خشک ہو رہے ہیں اور بارش میں اپنی آمد کے وقت سے تاخیر ہو رہی ہے تو اللہ عزوجل نے تمہیں حکم دیا ہے کہ اس سے دعا مانگو اور تم سے اس کا وعدہ ہے کہ وہ تمہاری دعا قبول فرمائے گا۔پھر ارشاد فرمایا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ، الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ، مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْغَنِيُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَاءُ ، اَنْزِلْ عَلَيْنَا الْغَيْثَ ، وَاجْعَلْ مَا اَنْزَلْتَ لَنَا قُوَّةً وَبَلَاغًا اِلٰى حِيْنٍ .

تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جو سب جہانوں کا پالنے والا ہے،سب سے بڑا رحم فرمانے والا اور ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔جزا کے دن (قیامت کے دن) کا مالک ہے،اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں،وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

اے اللہ! تو ہی اللہ ہے،تیرے سوا اور کوئی عبادت کے لائق نہیں تو غنی اور بے پرواہ ہے اور ہم فقیر ومحتاج ہیں۔ہم پر بارش نازل فرما اور جو تو بارش نازل فرمائے اسے ہمارے لئے قوت اور ایک وقت تک کیلئے ہماری روزی بنا۔

پھر آپ نے اپنے ہاتھ اٹھائے اور اٹھاتے گئے حتیٰ کہ آپ کی بغلوں کی سفیدی دکھائی دینے لگی ۔پھر آپ نے لوگوں کی طرف پیٹھ کر لی (یعنی قبلہ رخ ہو گئے) اپنی چادر پلٹائی اور آپ نے ہاتھ اٹھائے ہوئے تھے ۔اس کے بعد لوگوں کی طرف منہ کیا اور منبر سے اتر آئے اور دو رکعتیں پڑھائیں ۔

پس اللہ تعالیٰ نے ایک بادل کا ٹکڑا پیدا فرمایا وہ بادل کا ٹکڑا گرجا اور اس نے اپنی بجلی کو چمکایا اور اللہ تعالیٰ کے اذن وحکم سے بارش برسانے لگا، آپ اپنی مسجد تک نہ پہنچے کہ نالے بہنے لگے ۔جب آپ نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ سایوں اور چھپروں کی طرف جلدی جلدی بھاگ رہے ہیں تو آپ مسکرانے لگے حتیٰ کہ آپ کے دندان مبارک ظاہر ہو گئے ۔آپ نے ارشاد فرمایا:

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے اور میں اللہ کا عبد اور اس کا رسول ہوں ۔

-☆-

جب تیز ہوا چلے

اَللّٰهُمَّ لَقْحًا لا عَقِيْمًا

عَنْ سَلْمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ قَالَ :

كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا اشْتَدَّتِ الرِّيْحُ يَقُوْلُ:

اَللّٰهُمَّ لَقْحًا لا عَقِيْمًا.

ترجمة الحديث،

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب تیز ہوا چلتی تو حضور رسول اللہ

المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۷۷۷۰)	جلد ۷	صفحہ ۲۷۷
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین		
الادب المفرد	رقم الحدیث (۷۱۸)		صفحہ ۳۹۹
قال	حسن		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۱۰۰۸)	جلد ۳	صفحہ ۲۸۸
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ حسن		
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۶۲۹۶)	جلد ۷	صفحہ ۳۳
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۱۷۱۳۴)	جلد ۱۰	صفحہ ۱۹۴

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یوں دعا مانگتے:

اَللّٰھُمَّ لَقْحًا لَا عَقِیْمًا.

اے اللہ! اس ہوا کو بارش لانے والی بنا، بانجھ نہ بنا جس میں کوئی خیر و بھلائی نہ ہو۔

-☆-

جب آندھی چلنے لگے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ خَیۡرَھَا وَخَیۡرَ مَا فِیۡھَا وَخَیۡرَ مَا اُرۡسِلَتۡ بِهٖ وَاَعُوۡذُبِکَ مِنۡ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا فِیۡھَا وَشَرِّ مَا اُرۡسِلَتۡ بِهٖ

عَنۡ عَآئِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنۡهَا قَالَتۡ :

کَانَ النَّبِیُّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیۡهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – اِذَا عَصَفَتِ الرِّیۡحُ قَالَ:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ خَیۡرَھَا وَخَیۡرَ مَا فِیۡھَا وَخَیۡرَ مَا اُرۡسِلَتۡ بِهٖ وَاَعُوۡذُبِکَ مِنۡ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا فِیۡھَا وَشَرِّ مَا اُرۡسِلَتۡ بِهٖ.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۸۹۹)	جلد۲	صفحہ۶۱۶
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۰۸۵)	جلد۲	صفحہ۳۱
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۷۱۰)	جلد۹	صفحہ۳۲۲
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۷۱۱)	جلد۹	صفحہ۳۲۲
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۳۳۰)	جلد۴	صفحہ۲۶۶
قال المحقق	صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۴۴۹)	جلد۳	صفحہ۴۲۲
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحدیث،

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب تیز آندھی چلتی تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یوں عرض کرتے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَھَا وَخَیْرَ مَا فِیْھَا وَخَیْرَ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا فِیْھَا وَشَرِّ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ.

اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں اس کی خیر و بھلائی اور اس میں جو ہے اس کی خیر و بھلائی اور اس چیز کی خیر و بھلائی جس کے ساتھ اس کو بھیجا گیا ہے، اور میں تیری پناہ وحفاظت مانگتا ہوں اس کے شر سے اور اس چیز کے شر سے جو اس میں ہے، اور اس چیز کے شر سے جس کے ساتھ اسے بھیجا گیا ہے۔

-☆-

جب آندھی چلتی تو حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کلمات کے ساتھ دعا مانگا کرتے تھے۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب بادل گھر کر آجاتا (تو حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ کے قہر وجلال کی یاد تازہ ہو جاتی) تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رنگ متغیر ہو جاتا۔ کبھی باہر جاتے اور کبھی اندر آتے اور یوں ہی کبھی آگے بڑھتے اور کبھی پیچھے ہٹتے۔ آپ کے اضطراب اور بے قراری کی یہ کیفیت اس وقت تک رہتی جب تک بارش خیر سے ہو نہ جاتی۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اس کیفیت کو محسوس کیا تو عرض کر دی اس پر حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۴۵۸)	جلد ۲	صفحہ ۱۴۹
سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ	رقم الحدیث (۲۷۵۷)	جلد ۶	صفحہ ۶۰۲
قال الالبانی	ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین		

اے عائشہ! آسمان پر بادل دیکھ کر مجھے ڈر لگتا ہے کہ یہ کہیں اس قسم کا بادل نہ ہو جو بادل قوم عاد پر آیا تھا۔ تو قوم عاد نے اپنی وادیوں کی طرف بڑھتا دیکھ کر کہا تھا: یہ ہمارے علاقہ پر برس کر ہمارے کھیتوں کو سرسبز و شاداب کر دے گا (حالانکہ وہ عذاب الٰہی تھا جس نے ان تمام کو ہلاک کر دیا اور انکا نشان تک نہ چھوڑا)۔

-☆-

آندھی چلتے وقت

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ ھٰذِہِ الرِّیْحِ وَخَیْرِ مَا فِیْھَا وَخَیْرِ مَا اُمِرَتْ بِہٖ ، وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ ھٰذِہِ الرِّیحِ وَشَرِّ مَا فِیْھَا وَشَرِّ مَا اُمِرَتْ بِہٖ

عَنْ اُبَیِّ ابْنِ کَعْبٍ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ – :

لَا تَسُبُّوا الرِّیْحَ ، فَاِذَا رَاَیْتُمْ مَّا تَکْرَھُوْنَ فَقُوْلُوْا :

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ ھٰذِہِ الرِّیْحِ وَخَیْرِ مَا فِیْھَا وَخَیْرِ مَا اُمِرَتْ بِہٖ ، وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ ھٰذِہِ الرِّیحِ وَشَرِّ مَا فِیْھَا وَشَرِّ مَا اُمِرَتْ بِہٖ۔

السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۷۰۳)	جلد ۹	صفحہ ۳۲۱
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۷۰۴)	جلد ۹	صفحہ ۳۲۲
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۳۳۱)	جلد ۴	صفحہ ۲۶۷
قال المحقق	ھذا الحدیث حسن بشواھدہ		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۲۵۲)	جلد ۲	صفحہ ۵۰۰
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

آندھی کو گالی نہ دو پس جب تم ایسی (آندھی) دیکھو جو تمہیں ناپسند ہو تو یوں دعا مانگو:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ مِنْ خَيْرِ هٰذِهِ الرِّيْحِ وَخَيْرِ مَا فِيْهَا وَخَيْرِ مَا اُمِرَتْ بِهٖ ، وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ هٰذِهِ الرِّيْحِ وَشَرِّ مَا فِيْهَا وَشَرِّ مَا اُمِرَتْ بِهٖ.

اے اللہ ہم تجھ سے اس تیز ہوا کی بھلائی کا اور اس بھلائی کا جو اس میں ہے اور اس بھلائی کا جس کا اسے حکم دیا گیا ہے تجھ سے سوال کرتے ہیں۔ اور ہم تیری پناہ وحفاظت مانگتے ہیں اس تیز ہوا کے شر سے اور اس چیز کے شر سے جو اس میں ہے اور اس شر سے جس کا اسے حکم دیا گیا ہے۔

-☆-

سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ	رقم الحدیث (۲۷۵۶)	جلد ۶	صفحہ ۲۰۱
قال الالبانی	ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۳۰۷۵)	جلد ۳	صفحہ ۱۱۵۴
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۴۲۳)	جلد ۲	صفحہ ۱۵۰
الادب المفرد	رقم الحدیث (۷۱۹)	جلد	صفحہ ۳۹۹
قال	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۷۳۱۷)	جلد ۲	صفحہ ۱۲۲۳
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۱۰۳۷)	جلد ۱۵	صفحہ ۴۲۵
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۷۰۷)	جلد ۹	صفحہ ۳۴۳

بادل دیکھ کر

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّھَا

عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا : اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا رَاٰی نَاشِئًا فِی اُفُقِ السَّمَاءِ تَرَکَ الْعَمَلَ وَاِنْ کَانَ فِی صَلَاةٍ ثُمَّ یَقُوْلُ:

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّھَا۔فَاِنْ مُطِرَ،قَالَ:

اَللّٰھُمَّ صَیِّبًا ھَنِیْئًا۔

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۰۳۲)	جلد۱	صفحہ ۳۰۸
صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۵۰۹۹)	جلد۳	صفحہ ۲۵۳
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۹۹۳)	جلد۳	صفحہ ۲۷۴
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۹۹۴)	جلد۳	صفحہ ۲۷۵
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۱۰۰۶)	جلد۳	صفحہ ۲۸۸
قال شعیب الارنؤوط	حدیث صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۶۸۷)	جلد۹	صفحہ ۳۳۶

ترجمة الحديث،

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب آسمان کے کنارے پر بادل کا کوئی ٹکڑا دیکھتے تو کام کاج چھوڑ دیتے اگرچہ نفل نماز ہی

السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۶۹۰)	جلد۹	صفحہ۳۳۷
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۶۹۱)	جلد۹	صفحہ۳۳۷
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۸۸۹)	جلد۴	صفحہ۳۴۳
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۱۵۲۲)	جلد۱	صفحہ۴۹۲
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۴۹۷۳)	جلد۲۱	صفحہ۴۲۱
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح علی شرط البخاری		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۰۸۹)	جلد۲	صفحہ۱۴۱
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۴۸۷۷)	جلد۲۱	صفحہ۳۷۰
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۶۸۸)	جلد۹	صفحہ۳۳۷
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۶۸۹)	جلد۹	صفحہ۳۳۷
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۴۰۲۶)	جلد۱۷	صفحہ۲۳۲
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۵۴۴۶)	جلد۱۷	صفحہ۶۲۸
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۴۲۷۰)	جلد۱۷	صفحہ۳۷۶
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۴۲۷۱)	جلد۱۷	صفحہ۳۷۶
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۴۷۵۸)	جلد۱۷	صفحہ۴۷۸
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۴۸۵۴)	جلد۱۷	صفحہ۴۷۸
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۴۹۶۴)	جلد۱۷	صفحہ۵۰۱
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

میں ہوتے اور پھر اللہ کی بارگاہ میں عرض کرتے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّھَا.

اے اللہ! میں اس کے شر سے تیری پناہ وحفاظت مانگتا ہوں۔

اور اگر بارش ہونے لگتی تو یوں عرض کرتے:

اَللّٰھُمَّ صَیِّباً ھَنِیْئاً.

اے اللہ اسے خوب برسنے والی نفع دینے والی اور باعث برکت بنا۔

-☆-

اَللّٰھُمَّ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّھَا.

اے میرے اللہ! میں اس بادل کے شر سے بچنے کے لئے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

حضور سید العالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معمول مبارک تھا کہ آسمان میں اگر بادل کا کوئی ٹکڑا نظر آتا تو آپ جس کام میں مشغول ہوتے اسے چھوڑ دیتے اور فوراً اپنا رخ آسمان کی طرف کرکے مذکورہ بالا دعا مانگتے۔

بادل کی صورت میں ہمیں بھی اپنے رخ آسمان کی طرف کرکے یہ دعا مانگنی چاہئے تاکہ دعا بھی ہوجائے اور سنت پر عمل کا اجر بھی مل جائے۔

اَللّٰھُمَّ سَقْیاً نَافِعاً. یا

اَللّٰھُمَّ صَیِّباً نَافِعاً.

اے اللہ! سیراب کرنے والی، بھرپور اور نفع بخش بارش نازل فرما۔

یہ مختصر دو جملے ان میں کس قدر عافیت کی دعا مانگی گئی ہے۔ بارش اگر طلب سے زیادہ ہوجائے تو مکانات منہدم ہوجاتے ہیں۔ فصلیں تباہ ہوجاتی ہیں اور مویشی پانی میں بہہ جاتے ہیں اگر کم ہوتو اس سے مکمل فائدہ نہیں ہوتا۔

بارش وہی فائدہ مند ہے جو سیراب بھی کردے اور بھرپور بھی ہو۔

زمین پیاسی ہوتی ہے خزاں کا موسم اپنے گہرے پنجے گاڑے ہریالی کو ختم کرچکا ہوتا ہے۔ انسان تو انسان چرند پرند پانی کو ترس رہے ہوتے ہیں، اللہ الکریم کا کرم جوش میں آتا ہے اور بارانِ رحمت کا نزول شروع ہوتا ہے۔ جہاں پژمردہ کلیوں میں حیات نو آجاتی ہے، اداس چہرے کھل اٹھتے ہیں، پیاسی مخلوق کو سکون ملتا ہے۔ اس رحمتوں وکرم نوازیوں سے بھرپور لمحات میں جو مرد مومن اللہ الوھاب کی بارگاہ میں دعا کیلئے ہاتھ اٹھاتا ہے یقیناً اللہ تعالیٰ اس کی دعا کو قبول کرتا ہے۔ اور اٹھے ہوئے ہاتھوں کو گوہر مراد سے بھر دیتا ہے۔ رب تعالیٰ مخلوق پر کرم کر رہا ہو، اس کا جود وسخا جوبن پر ہو، اور مخلوق کے چہرے رحمت الٰہیہ سے شاداب ہوں، ان لمحات میں مانگنا یقیناً فیروز بختی ہے اور مانگنے والا محروم نہیں رہا کرتا۔

ظاھری بارش سے خشک سالی ختم ہوجاتی ہے، قحط کا دورانیہ سمٹ جاتا ہے۔ اسی طرح دعا سے کرم کی بارش شروع ہوجاتی ہے۔ جس سے انسانیت کے بختِ خفتہ کو بیداری ملتی ہے۔ اجڑے نصیب آباد ہوتے ہیں، دل کی مردہ زمین زندگی کی بہاروں سے آشنا ہوتی ہے۔

اے خالق ومالک! ہمیں رحمتوں والے لمحات کی قدر کرنے کی توفیق عطا فرما۔ اے رحیم وکریم اللہ! ہمیں اپنے در سے مانگنے کی سعادت عطا فرما۔

اے ارحم الراحمین! ہمیں وہ فکر وسوچ عطا فرما جو تیری رحمتوں کے لمحات میں تجھے یاد کرنے کا کیف لے اور تیری بارگاہ بے کس پناہ میں آکر سکون واطمیناں سے لبریز ہو۔

-☆-

بادل کی گرج سن کر

سُبْحَانَ الَّذِیْ یُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِہٖ وَالْمَلَائِکَۃُ مِنْ خِیْفَتِہٖ

عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ الزُّبَیْرِ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا – اَنَّہُ کَانَ اِذَا سَمِعَ الرَّعْدَ تَرَکَ الْحَدِیْثَ وَقَالَ:

سُبْحَانَ الَّذِیْ یُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِہٖ وَالْمَلَائِکَۃُ مِنْ خِیْفَتِہٖ۔

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما جب بادل کے گرجنے کی آواز سنتے تو گفتگو ترک فرما دیتے اور اللہ تعالیٰ کی یوں تسبیح بیان کرتے:

سُبْحَانَ الَّذِیْ یُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِہٖ وَالْمَلَائِکَۃُ مِنْ خِیْفَتِہٖ۔

ہر عیب ونقص سے پاک ہے وہ ذات کہ بادل کی گرج اس کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کرتی ہے۔ اور فرشتے اس کے ہیبت وجلال سے اس کی تسبیح کرتے ہیں۔

المستدرک للحاکم — رقم الحدیث (۷۷۷۰) — جلد ۷ — صفحہ ۳۷۷۰
قال الحاکم — ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین
الادب المفرد — رقم الحدیث (۷۲۳) — صفحہ ۳۰
قال — صحیح

بادل گرجتے وقت

اَللّٰھُمَّ لاتَقْتُلْنَا بِغَضَبِکَ وَلا تُھْلِکْنَا بِعَذَابِکَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذَالِکَ

عَنِ ابْنِ عُمَرَ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا – قَالَ :

کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اِذَا سَمِعَ الرَّعْدَ وَالصَّوَاعِقَ قَالَ:

اَللّٰھُمَّ لاتَقْتُلْنَا بِغَضَبِکَ وَلا تُھْلِکْنَا بِعَذَابِکَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذَالِکَ.

ترجمۃ الحدیث،

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بادل کی گرج اور اس کی آواز سنتے تو اللہ تعالیٰ سے عرض کرتے:

السنن الکبریٰ للنسائی	رقم الحدیث (۱۰۶۹۷)	جلد۹	صفحہ۳۳۹
السنن الکبریٰ للنسائی	رقم الحدیث (۱۰۶۹۸)	جلد۹	صفحہ۳۴۰
الادب المفرد	رقم الحدیث (۷۲۱)		صفحہ۲۰۰
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۳۲۸)	جلد۴	صفحہ۲۶۵
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۵۷۶۳)	جلد۵	صفحہ۲۳۳
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		

اَللّٰھُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِکَ وَلَا تُھْلِکْنَا بِعَذَابِکَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِکَ۔

اے اللہ! ہمیں اپنے غضب سے نہ مارنا اور نہ ہمیں اپنے عذاب سے ہلاک کرنا اور ہمیں اس سے قبل ہی عافیت کا پروانہ عطا فرمانا۔

-☆-

پہلی امتوں پر جب عذاب آتا تو بادل کی صورت میں بھی آتا۔لوگ بادل کو دیکھ کر کہتے کہ اب بارش خوب برسے گی اور ہر طرف ہریالی ہو جائے گی لیکن درحقیقت وہ اللہ کا غضب ہوتا جو عذاب بن کر انہیں نیست ونابود کر دیتا۔

اللہ صمد ہے۔بے نیاز ہے اس سے ہر وقت ڈرتے رہنا چاہیے اور کبھی بھی بے خوف نہیں ہونا چاہیے۔اس لئے بادل کی گرج چمک دیکھ کر بھی اس جناب میں سر کو جھکا دینا چاہیے۔

اس کا ارشاد ہے

وَلَا یَأْمَنُ مَکْرَ اللّٰہِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخَاسِرُوْنَ۔

اللہ کی تدبیروں سے بے خوف نہیں ہوتی مگر نقصان اٹھانے والی قوم۔

-☆-

بارش دیکھ کر

اَللّٰھُمَّ صَیِّباًھَنِیْئاً

عَنْ عَائِشَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا : اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلّٰی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا رَاَی الْمَطَرَ ، قَالَ:

اَللّٰھُمَّ صَیِّباً ھَنِیْئاً۔

صحیح البخاری	رقم الحدیث(۱۰۳۲)	جلد۱	صفحہ۳۰۸
صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث(۵۰۹۹)	جلد۳	صفحہ۲۵۳
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث(۹۹۳)	جلد۳	صفحہ۲۷۴
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث(۹۹۴)	جلد۳	صفحہ۲۷۵
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث(۱۰۰۶)	جلد۳	صفحہ۲۸
قال شعیب الارنؤوط	حدیث صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث(۱۰۶۸۷)	جلد۹	صفحہ۳۳۶
السنن الکبری	رقم الحدیث(۱۰۶۸۸)	جلد۹	صفحہ۳۳۷

ترجمۃ الحدیث،

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بارش دیکھتے تو اللہ تعالیٰ سے عرض کرتے:

اے اللہ اسے خوب برسنے والی نفع دینے والی اور برکت والی بارش بنا۔

السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۶۸۹)	جلد۹	صفحہ۳۳۷
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۶۹۰)	جلد۹	صفحہ۳۳۷
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۶۹۱)	جلد۹	صفحہ۳۳۷
مشکوۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۰۸۹)	جلد۴	صفحہ۱۴۱
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۸۹۰)	جلد۴	صفحہ۳۳۴
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۱۵۲۲)	جلد۱	صفحہ۴۹۲
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۴۹۷۳)	جلد۱۴	صفحہ۴۱۴
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح علی شرط البخاری		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۴۸۷۷)	جلد۱۴	صفحہ۳۷۰
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۴۰۲۶)	جلد۱۷	صفحہ۴۲۴
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۵۴۴۶)	جلد۱۷	صفحہ۶۲۸
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۴۴۷۰)	جلد۱۷	صفحہ۳۷۶
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۴۴۷۱)	جلد۱۷	صفحہ۳۷۶
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۴۷۵۸)	جلد۱۷	صفحہ۴۵۳
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۴۸۵۴)	جلد۱۷	صفحہ۴۷۸
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۴۹۶۴)	جلد۱۷	صفحہ۵۰۱

حصول باران رحمت کیلئے کسی نیک وصالح آدمی کو بطور وسیلہ پیش کرنا

اَللّٰھُمَّ اِنَّا کُنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّنَا – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ – فَتَسْقِیْنَا وَاِنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَیْکَ بِعَمِّ نَبِیِنَا

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ:

اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – کَانَ اِذَا قُحِطُوا اسْتَسْقٰی بِالْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – فَقَالَ:

اَللّٰھُمَّ اِنَّا کُنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّنَا – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ – فَتَسْقِیْنَا وَاِنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَیْکَ بِعَمِّ نَبِیِنَا فَاسْقِنَا قَالَ فَیُسْقَوْنَ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۰۱۰)	جلد ۱	صفحہ ۳۰۲
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۷۱۰)	جلد ۳	صفحہ ۱۱۴۳
مشکوٰۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۳۵۴)	جلد ۲	صفحہ ۱۱۷
غایۃ الاحکام	رقم الحدیث (۵۸۰۴)	جلد ۳	صفحہ ۴۸۰

ترجمة الحديث،

حضرت انس بن مالک -رضی اللہ عنہ- روایت کرتے ہیں کہ امیر المومنین حضرت عمر بن خطاب -رضی اللہ عنہ- کے زمانہ میں جب قحط پڑتا تو حضرت عباس بن عبد المطلب -رضی اللہ عنہ- کے واسطے سے بارش کی دعا مانگتے اور اللہ تعالیٰ سے عرض کرتے:

اے اللہ! ہم تیری بارگاہ میں اپنے نبی -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کے وسیلہ سے التجا کیا کرتے تھے تو تو ہم پر باران رحمت نازل فرماتا تھا۔ اور آج ہم تیری بارگاہ میں اپنے نبی -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کے چچا کے وسیلہ سے التجا کرتے ہیں تو ہم پر بارش نازل فرما۔ راوی حدیث بیان فرماتے ہیں اس دعا کے بعد ان پر بارش نازل ہو جاتی تھی۔

-☆-

حضرت عمر -رضی اللہ عنہ کا عمل مبارک کتنا عمدہ اور مزاج اسلام کے مطابق ہے۔ وہ حصول بارش کیلئے حضرت عباس -رضی اللہ عنہ کا سہارا لیتے تھے اور یہ سہارا و وسیلہ ان کے کام بھی آتا تھا۔

حدیث پاک کے یہ الفاظ كَانَ اِذَا قُحِطُوْا قابل توجہ ہیں۔ یعنی جب بھی خشک سالی ہوتی ایک آدھ مرتبہ کی بات نہیں بلکہ بارہا ایسے ہوا بارش بند ہوگئی، فصلیں تباہ ہونے لگیں، مویشی پیاسے مرنے لگے تو عمر فاروق حضرت عباس -رضی اللہ عنہ- کا نام لیکر اللہ کی بارگاہ میں دعا کرتے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اسلاف کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

-☆-

جامع الاصول رقم الحدیث (۷۴۲۹) جلد ۶ صفحہ ۲۱۸
قال المحقق صحیح

حصول بارش کیلئے

اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا ، اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا ، اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا

اور جب بارش زیادہ ہو جائے تو

بارش کے تھم جانے کیلئے

اَللّٰھُمَّ حَوَالَیْنَا وَلَا عَلَیْنَا ، اَللّٰھُمَّ عَلَی الْاٰکَامِ،

وَالظِّرَابِ ، وَبُطُوْنِ الْاَوْدِیَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَجُلًا دَخَلَ الْمَسْجِدَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ ، مِنْ بَابٍ کَانَ نَحْوَ دَارِ الْقَضَاءِ وَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ قَائِمٌ یَخْطُبُ ، فَاسْتَقْبَلَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ قَائِمًا ،ثُمَّ قَالَ:

یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ، ھَلَکَتِ الْاَمْوَالُ ، وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ ، فَادْعُ اللّٰہَ یُغِیْثُنَا فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ یَدَیْہِ ، ثُمَّ قَالَ:

اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا ، اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا ، اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا ، قَالَ اَنَسٌ : وَلَا وَاللّٰہِ ، مَا نَرَی فِي السَّمَاءِ مِنْ سَحَابٍ ، وَلَا قَزَعَةٍ ، وَمَا بَيْنَنَا وَبَيْنَ سَلْعٍ مِنْ بَيْتٍ وَلَا دَارٍ ، قَالَ :

فَطَلَعَتْ مِنْ وَرَائِهِ سَحَابَةٌ مِثْلَ التُّرْسِ ، فَلَمَّا تَوَسَّطَتِ السَّمَاءَ انْتَشَرَتْ ثُمَّ اَمْطَرَتْ ، فَلَا وَاللّٰہِ ، مَا رَاَيْنَا الشَّمْسَ سِتًّا ، ثُمَّ دَخَلَ رَجُلٌ مِنْ ذَالِکَ الْبَابِ فِي الْجُمُعَةِ – يَعْنِي الثَّانِيَةَ – وَرَسُوْلُ اللّٰہِ – صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ – قَائِمٌ يَخْطُبُ ، فَاسْتَقْبَلَهُ قَائِمًا ، فَقَالَ :

يَارَسُوْلَ اللّٰہِ ، هَلَكَتِ الْاَمْوَالُ ، وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ ، فَادْعُ اللّٰہَ يُمْسِكْهَا عَنَّا .

قَالَ : فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰہِ – صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ – يَدَيْهِ ، ثُمَّ قَالَ :

اَللّٰھُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا ، اَللّٰھُمَّ عَلَى الْآكَامِ ، وَالظِّرَابِ ، وَبُطُوْنِ الْاَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ ، قَالَ : فَاَقْلَعَتْ ، وَخَرَجْنَا نَمْشِي فِي الشَّمْسِ .

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۰۱۳)	جلد۱	صفحہ۳۰۳
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۰۱۴)	جلد۱	صفحہ۳۰۳
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۰۱۶)	جلد۱	صفحہ۳۰۴
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۰۱۷)	جلد۱	صفحہ۳۰۴
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۰۱۵)	جلد۱	صفحہ۳۰۴
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۹۳۳)	جلد۱	صفحہ۲۷۷
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۰۳۳)	جلد۱	صفحہ۳۰۹
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۸۹۷)	جلد۲	صفحہ۶۱۲
صحیح سنن ابوداود	رقم الحدیث (۱۱۷۴)	جلد۱	صفحہ۳۳۱
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابوداود	رقم الحدیث (۱۱۷۵)	جلد۱	صفحہ۳۳۲
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۹۹۲)	جلد۳	صفحہ۲۷۲
قال شعیب الارنؤوط	حدیث صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۸۵۸)	جلد۷	صفحہ۱۰۵
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		

ترجمة الحديث،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی جمعہ کے دن دار قضا کی طرف جو دروازہ تھا داخل ہوا اور حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہو کر خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ وہ شخص حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف رخ کر کے کھڑا ہوا اور عرض کی:

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! مویشی وغیرہ ہلاک ہو گئے اور راستے منقطع ہو گئے۔ آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ وہ ہم پر بارش برسائے۔ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دونوں ہاتھ اٹھائے پھر عرض کیا:

اَللّٰهُمَّ اَغِثْنَا ، اَللّٰهُمَّ اَغِثْنَا ، اَللّٰهُمَّ اَغِثْنَا

اے اللہ! ہم پر بارش برسا۔ اے اللہ! ہم پر بارش برسا۔ اے اللہ! ہم پر بارش برسا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا:

اللہ کی قسم! ہم آسمان پر کوئی بادل اور نہ بادل کا ٹکڑا دیکھ رہے تھے اور نہ ہی ہمارے اور سلع پہاڑی کے درمیان کوئی گھر اور حویلی تھی۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا:

(سلع پہاڑی) کے پیچھے سے ڈھال کی مثل چھوٹا سا بادل کا ٹکڑا ظاہر ہوا اور جب وہ آسمان کے درمیان آیا تو پھیل گیا۔ اللہ کی قسم! ہم نے چھ دن سورج نہیں دیکھا پھر ایک آدمی آئندہ جمعہ کے دن اسی دروازہ سے آیا اور حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ اس

السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۸۳۷)	جلد ۲	صفحہ ۳۲۲
مشکوٰۃ المصابیح	رقم الحدیث (۵۸۴۴)	جلد ۵	صفحہ ۳۳۳
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۸۵۹)	جلد ۷	صفحہ ۱۰۷
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۳۸۰۱)	جلد ۱۱	صفحہ ۲۹۴
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۳۶۷۸)	جلد ۱۱	صفحہ ۲۶۱
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

آدمی نے کھڑے ہوکر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف رخ کر کے عرض کیا:

یا رسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) مال مویشی ہلاک ہو گئے، راستے منقطع ہو گئے۔ آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ ہم سے وہ بارش کو روک دے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا: حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا کیلئے اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے پھر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کیا:

اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا ، اَللّٰهُمَّ عَلَى الْآكَامِ ، وَالظِّرَابِ ، وَبُطُوْنِ الْاَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ .

اے اللہ! ہمارے گردونواح میں بارش برسا اور ہمارے گھروں پر بارش نہ برسا۔ اے اللہ! اونچے ٹیلوں اور چھوٹے ٹیلوں، وادیوں کے اندر اور درختوں کے اگنے کے مقامات پر بارش برسا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا:

بارش رک گئی اور ہم (مسجد) سے نکلے اس حال میں کہ ہم دھوپ میں چل رہے تھے۔

-☆-

باران رحمت کے
نازل ہو جانے کے بعد
مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللّٰهِ وَرَحْمَتِهٖ

عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – صَلٰوةَ الصُّبْحِ بِالْحُدَيْبِيَةِ فِيْ اِثْرِ سَمَآءٍ كَانَتْ مِنَ اللَّيْلِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ:

هَلْ تَدْرُوْنَ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟ قَالُوْا: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ، قَالَ:

قَالَ اَصْبَحَ مِنْ عِبَادِيْ مُؤْمِنٌ بِيْ وَكَافِرٌ بِيْ فَاَمَّا مَنْ قَالَ: مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللّٰهِ وَرَحْمَتِهٖ فَذٰلِكَ مُؤْمِنٌ بِيْ كَافِرٌ بِالْكَوْكَبِ، وَاَمَّا مَنْ قَالَ: مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا فَذٰلِكَ كَافِرٌ بِيْ مُؤْمِنٌ بِالْكَوْكَبِ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۸۴۶)	(۱۰۳۹)	
الادب المفرد	رقم الحدیث (۹۰۷)		صفحہ ۵۰۲
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۱۸۸)	جلد ۱	صفحہ ۴۱۷
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		

ترجمة الحديث،

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں مقام حدیبیہ میں رات بارش ہونے کے بعد صبح کی نماز پڑھائی جب آپ نماز سے فارغ ہوگئے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا:

صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۶۱۳۲)	جلد۱۳	صفحہ۵۰۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۵۴۰)	جلد۴	صفحہ۴۹۳
قال الالبانی	متفق علیہ		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۱۸۸)	جلد۱	صفحہ۴۷۳
قال الالبانی	صحیح		
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۷۱)	جلد۱	صفحہ۸۳
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۶۹۹۸)	جلد۱۳	صفحہ۲۵۳
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۱۸۴۶)	جلد۲	صفحہ۳۲۶
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۵۲۱۴)	جلد۵	صفحہ۲۳۱
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۷۰۲۸)	جلد۲	صفحہ۱۱۷۷
قال الالبانی	صحیح		
ارواء الغلیل	رقم الحدیث (۶۸۱)	جلد۳	صفحہ۱۴۳
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابو داؤد	رقم الحدیث (۳۹۰۶)	جلد۲	صفحہ۴۷۳
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۱۰۶۹۴)	جلد۹	صفحہ۳۳۸
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۱۰۶۹۵)	جلد۹	صفحہ۳۳۹
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۶۰۹۹)	جلد۸	صفحہ۴۷۷
قال الالبانی	صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۹۱۹۸)	جلد۱۱	صفحہ۵۵۶
قال المحقق	صحیح		
حصن المسلم من اذکار الکتاب والسنۃ			صفحہ۲۶۰
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۵۲۱۵)	جلد۵	صفحہ۲۳۱

کیا تم جانتے ہو تمہارے رب نے کیا فرمایا ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی:

اللہ ورسولہ اعلم۔اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زیادہ جانتے ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

میرے بندوں میں سے آج صبح کچھ نے مجھ پر ایمان کا اظہار کیا ہے اور کچھ نے میرے ساتھ کفر کیا ہے۔بہر حال جس نے کہا:

مُطِرْنَابِفَضْلِ اللہِ وَرَحْمَتِہٖ

ہم پر اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور اس کی رحمت سے بارش نازل ہوئی۔

تو ایسا کہنے والا مجھ پر ایمان لانے والا اور کوکب کا انکار کرنے والا ہے۔اور جس نے کہا:

مُطِرْنَابِنَوْءِ کَذَاوَکَذَا۔

ھم پر فلاں فلاں تارے کی وجہ سے بارش ہوئی۔

تو ایسا آدمی میرے ساتھ کفر کرنے والا اور کوکب-تارے پر ایمان لانے والا ہے۔

-☆-

متفرق اذکار

جب کسی کی شادی کی اطلاع ملے

بَارَکَ اللّٰہُ لَکَ

عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ : اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ رَاٰی عَلٰی عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ اَثَرَ صُفْرَۃٍ قَالَ:

مَاھٰذَا ؟ قَالَ : اِنِّی تَزَوَّجْتُ امْرَاَۃً عَلٰی وَزْنِ نَوَاۃٍ مِنْ ذَھَبٍ ، قَالَ:

بَارَکَ اللّٰہُ لَکَ اَوْلِمْ وَلَوْبِشَاۃٍ۔

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۱۵۵)	جلد۳	صفحہ۱۶۵۹
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۳۸۶)	جلد۴	صفحہ۲۰۰۶
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۴۲۷)	جلد۲	صفحہ۱۰۴۲
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۳۱۲۶)	جلد۳	صفحہ۳۱۵
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۰۹۴)	جلد۱	صفحہ۵۵۳
قال الالبانی:	صحیح		
صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۲۱۰۹)	جلد۱	صفحہ۵۸۹
قال الالبانی	صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۹۰۷)	جلد۲	صفحہ۴۲۹
قال محمود محمد محمود	الحدیث متفق علیہ		

ترجمة الحديث،

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ پر زرد رنگ کا نشان دیکھا تو آپ نے ارشاد فرمایا:

یہ کیا ہے؟ انہوں نے عرض کی: (یا رسول اللہ! صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) میں نے ایک عورت سے نکاح کیا ہے سونے کی ایک گٹھلی حق مہر پر۔ آپ نے فرمایا:

بَارَکَ اللّٰہُ لَکَ۔ اللہ تعالیٰ تیرے لئے اس شادی میں برکت فرمائے۔

ولیمہ کرو اگرچہ ایک بکری ہی ہو۔

-☆-

السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۵۵۳۳)	جلد ۵	صفحہ ۲۳۹
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۰۱۸)	جلد ۹	صفحہ ۱۰۷
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۰۱۹)	جلد ۹	صفحہ ۱۰۷
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۳۳۰۳)	جلد ۱۱	صفحہ ۱۶۲
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

بَارَکَ اللّٰهُ عَلَيْکَ

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ لِجَابِرٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – حِيْنَ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ تَزَوَّجَ:

بَارَکَ اللّٰهُ عَلَيْکَ۔

ترجمة الحديث،

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جب حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے اپنی شادی کی خبر پہنچائی تو آپ نے ان سے فرمایا:

بَارَکَ اللّٰهُ عَلَيْکَ۔

اللہ تعالیٰ تم پر اپنی برکت فرمائے۔

-☆-

صحیح البخاری رقم الحدیث (۶۳۸۷) جلد ۴ صفحہ ۲۰۰۶

شادی کی مبارک دیتے ہوئے

بَارَکَ اللّٰہُ لَکَ وَبَارَکَ عَلَیْکَ، وَجَمَعَ بَیْنَکُمَا فِی خَیْرٍ

عَنْ اَبِی ھُرَیْرَۃَ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – اَنَّ النَّبِیَّ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ – کَانَ اِذَا رَفَّأَ الْاِنْسَانَ اِذَا تَزَوَّجَ قَالَ:

بَارَکَ اللّٰہُ لَکَ وَبَارَکَ عَلَیْکَ ، وَجَمَعَ بَیْنَکُمَا فِی خَیْرٍ.

مشکاۃ المصابیح رقم الحدیث (۲۴۲۹) جلد۳ صفحہ۱۳
قال الالبانی: حسن صحیح
صحیح سنن الترمذی رقم الحدیث (۱۰۹۱) جلد۱ صفحہ۵۵۴
قال الالبانی: صحیح
صحیح سنن ابی داود رقم الحدیث (۲۱۳۰) جلد۱ صفحہ۵۹۴
قال الالبانی صحیح
سنن ابن ماجہ رقم الحدیث (۱۹۰۵) جلد۲ صفحہ۴۲۸
قال محمود محمد محمود الحدیث صحیح
السنن الکبری رقم الحدیث (۱۰۰۱۷) جلد۹ صفحہ۱۰۷
جامع الاصول رقم الحدیث (۸۹۸۱) جلد۱۱ صفحہ۴۰۴
مسند الامام احمد رقم الحدیث (۸۹۳۶) جلد۹ صفحہ۵۷
قال حمزہ احمد الزین اسنادہ صحیح

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کسی کو اس کی شادی کی مبارک باد دیتے تو فرماتے:

بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ وَبَارَكَ عَلَيْكَ ، وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِي خَيْرٍ.

اللہ تعالیٰ تمہیں برکت دے، تم پر اپنی برکت فرمائے اور تم دونوں کو خیر پر اکٹھا رکھے۔

-☆-

یہ باراتیوں کی طرف سے دولہا کو ایک انوکھا تحفہ ہے۔ یہ ان کی طرف سے اندرونی محبت والفت کا اظہار ہے۔

واقعی جس نکاح میں برکت نہ ہو وہ نکاح نہیں بلکہ عذاب ہے اور جس گھرانے میں باہم ہم آہنگی نہ ہو وہ گھر جنت نہیں بلکہ جلتا ہوا آشیانہ ہے۔ اگر میاں بیوی کے درمیاں اتحاد واتفاق نہ ہو تو وہ نکاح دیرپا نہیں ہوتا۔ اگر حالات کی مجبوری سے یہ دونوں اس رشتہ میں بندھے بھی رہیں تو ان کی اولاد پر اس کا اثر پڑتا ہے اور وہ بھی محبت والفت کی بہار سے ناآشنا ہوتے ہیں۔

اللہ ہر گھر امن وسکون کا گہوارہ بنائے اور شیطان کے فتنہ وفساد سے محفوظ فرمائے۔ ہاں یہ بات بھی بدیہی ہے کہ جب دونوں عزم مصمم کر لیں کہ ہم نے باہمی اتفاق واتحاد سے رہنا ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ وہاں اتفاق واتحاد کا بسیرا نہ ہو۔

-☆-

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۹۳۷)	جلد۹	صفحہ ۵۸
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۴۰۵۲)	جلد۹	صفحہ ۳۵۹
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ حسن		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۲۷۴۵)	جلد۳	صفحہ ۱۰۳۸
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح علی شرط مسلم ولم یخرجاہ		

شادی کے وقت

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ خَیْرَھَا وَخَیْرَ مَا جَبَلْتَھَا عَلَیْہِ ،
وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا جَبَلْتَھَا عَلَیْہِ

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

اِذَا تَزَوَّجَ اَحَدُکُمُ امْرَأَۃً اَوِ اشْتَرَی خَادِمًا فَلْیَقُلْ:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ خَیْرَھَا وَخَیْرَ مَا جَبَلْتَھَا عَلَیْہِ ، وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا جَبَلْتَھَا عَلَیْہِ،

وَاِذَا اشْتَرَی بَعِیْرًا ، فَلْیَأْخُذْ بِذِرْوَۃِ سَنَامِہٖ ، وَلْیَقُلْ مِثْلَ ذٰلِکَ.

مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۴۸۰)	جلد۳	صفحہ۱۴
قال الالبانی:	اسنادہ حسن		
صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۲۱۶۰)	جلد۱	صفحہ۶۰۱
قال الالبانی	حسن		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۸۹۸۰)	جلد۱۱	صفحہ۳۰۲

ترجمۃ الحدیث،

جناب عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ اپنے والد (شعیب) سے اور وہ انکے دادا (عبداللہ بن عمرو) سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کوئی کسی عورت سے شادی کرے یا کوئی خادم خریدے تو چاہئے کہ یہ دعا کرے:

اَللّٰھُمَّ اِنّیْ اَسْأَلُکَ خَیْرَھَا وَخَیْرَ مَا جَبَلْتَھَا عَلَیْہِ ، وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا جَبَلْتَھَا عَلَیْہِ،

اے اللہ! میں اس کے خیر و بھلائی کا سوالی ہوں اور اس خیر و بھلائی کا جس پر تو نے اسے پیدا فرمایا۔ اور میں تیری پناہ و حفاظت مانگتا ہوں اس کے شر سے اور اس شر سے جس پر تو نے اسے پیدا فرمایا۔

اور جب کوئی اونٹ خریدے تو اس کے کوہان کی چوٹی پکڑے اور اسی طرح دعا کرے۔

-☆-

اَللّٰھُمَّ اِنّیْ اَسْأَلُکَ خَیْرَھَا وَخَیْرَ مَا جَبَلْتَھَا عَلَیْہِ ، وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا جَبَلْتَھَا عَلَیْہِ،

اے اللہ! اس رفیقہ حیات میں اور اس کی فطرت میں جو خیر اور بھلائی ہے وہ مجھے نصیب فرما اور اس میں اور اس کی فطرت میں جو برائی ہو مجھے اس سے محفوظ فرما۔

سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۹۱۸)	جلد۲	صفحہ۳۵۳
قال محمود محمد محمود	الحدیث حسن		
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۹۹۹۸)	جلد۹	صفحہ۱۰۰
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۰۳۱)	جلد۹	صفحہ۱۰۸
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۲۷۵۷)	جلد۳	صفحہ۱۰۳۲
قال الحاکم	ھٰذا حدیث صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۲۲۵۲)	جلد۳	صفحہ۶۷
قال محمود محمد محمود	الحدیث حسن		

نکاح کو نئی زندگی کہا جاتا ہے جو پہلی زندگی سے بالکل مختلف ہے۔ اگر رفیقہ حیات میں خیر نہ ہو تو انسان کا سکون اکارت ہو جاتا ہے۔ اس لئے اللہ سے ہی استدعا ہے کہ اسے سراپا خیر بنا دے اور اسے فطرتی خیر سے بھی سرفراز فرمائے۔

نیک اور صالحہ بیوی کا مل جانا اللہ کا بہت بڑا انعام ہے۔ امید ہے جب بندہ بوقت نکاح یہ دعا مانگ لے اگر اس کی اہلیہ فطرۃً اچھی نہ ہوگی تب بھی اللہ اسے محض اپنے فضل و کرم سے صالحہ اور فرمانبردار بنا دے گا۔

وَمَا ذَالِکَ عَلَی اللّٰہِ بِعَزِیْزٍ۔

-☆-

اہلیہ کے پاس جاتے ہوئے

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ ! جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَارَزَقْتَنَا

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ:
لَوْ اَنَّ اَحَدَكُمْ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَأْتِيَ اَهْلَهُ قَالَ:
بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ ! جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا ، ثُمَّ قُدِّرَ اَنْ يَكُوْنَ بَيْنَهُمَا وَلَدٌ فِي ذٰلِكَ لَمْ يَضُرَّهُ شَيْطَانٌ اَبَدًا.

مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۳۵۲)	جلد ۳	صفحہ ۳
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۹۱۹)	جلد ۲	صفحہ ۲۵۲
قال محمود محمد محمود	الحدیث متفق علیہ		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۹۸۳)	جلد ۳	صفحہ ۲۶۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۸۹۸۱)	جلد ۸	صفحہ ۲۰۵
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۸۹۸۲)	جلد ۸	صفحہ ۲۰۶
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۰۲۴)	جلد ۹	صفحہ ۱۰۹
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۰۲۵)	جلد ۹	صفحہ ۱۰۹

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

تم میں سے کوئی جب اپنی اہلیہ کے پاس جانے کا ارادہ کرے تو یوں کہے:

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ!جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَارَزَقْتَنَا.

اللہ کے نام سے، اے اللہ! ہم کو شیطان سے دور رکھ اور شیطان کو اس سے دور رکھ جو تو ہمیں عنایت فرمائے۔

اگر ان کے نصیب میں بچہ مقدر ہوا تو اسے شیطان نقصان نہ دے گا۔

-☆-

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ ! جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَارَزَقْتَنَا.

السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۰۲۷)	جلد ۹	صفحہ ۱۰۹
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۰۲۸)	جلد ۹	صفحہ ۱۰۹
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۰۲۹)	جلد ۹	صفحہ ۱۱۰
ارواء الغلیل	رقم الحدیث (۲۰۱۲)	جلد ۷	صفحہ ۷۵
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۸۶۷)	جلد ۲	صفحہ ۴۳۲
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۹۰۸)	جلد ۲	صفحہ ۴۲۷
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۱۷۸)	جلد ۳	صفحہ ۵
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۵۵۵)	جلد ۳	صفحہ ۱۵۶
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۵۹۷)	جلد ۳	صفحہ ۱۶۹
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		

اے میرے اللہ! تو ہمیں شیطان کے شر سے بچا لے اور جو تو ہمیں اولاد دے اسے بھی شیطان کے شر سے محفوظ فرما۔

شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے اور اس کی ساری کوششیں اس بات پر صرف ہو رہی ہیں کہ انسان کو صراط مستقیم سے ہٹایا جا سکے۔ انسان صراطِ مستقیم سے ہٹ جائے تو برباد ہو جاتا ہے۔

اسی طرح اگر اس کی اولاد سیدھا راستہ چھوڑ دے اور شیطان کے پیچھے لگ جائے تو پھر بھی اس کے لئے خیر نہیں۔ بلکہ اس کی روح کی بے قراری برقرار رہتی ہے۔ اس لئے اس دعا کی تعلیم دی گئی کہ اپنی اہلیہ کے پاس جاتے وقت یہ دعا مانگیے۔

حضور رسول رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اگر اللہ نے اسے بیٹا عطا فرمایا تو شیطان کبھی بھی اسے نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ جب اولاد شیطان کے شر سے محفوظ ہوگی تو لامحالہ نیکی کی جانب راغب ہوگی اور جب نیک اعمال کرے گی تو اس کے ثمرات اس کے والدین کو بھی ضرور ملیں گے۔

-☆-

نیا لباس پہنتے ہوئے دعا
جس کے سبب اگلے پچھلے گناہ معاف

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ کَسَانِیْ هٰذَا وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ

عَنْ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

مَنْ لَبِسَ ثَوْبًا جَدِیْدًا فَقَالَ : اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ کَسَانِیْ هٰذَا وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَا تَأَخَّرَ.

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۰۸۶)	جلد۲	صفحہ۱۰۵۰
قال الالبانی	هٰذا الحدیث حسن		
ارواء الغلیل	رقم الحدیث (۱۹۸۹)	جلد۷	صفحہ۴۷
قال الالبانی	صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۲۸۵)	جلد۴	صفحہ۲۰
قال محمود محمد محمود	الحدیث حسن		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۷۴۰۹)	جلد۷	صفحہ۲۶۴۴

ترجمة الحديث،

حضرت معاذ بن انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے نیا لباس پہنا اور یوں کہا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ هٰذَا وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَاقُوَّةٍ۔

تمام تعریفیں اس اللہ کیلئے ہیں جس نے مجھے یہ لباس پہنایا اور عطا فرمایا میری کوشش اور میری طاقت کے بغیر۔

اس کے اگلے اور پچھلے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔

-☆-

صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۴۰۲۳)	جلد۲	صفحہ۵۰۱
قال الالبانی	حذا الحدیث حسن		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۴۵۸)	جلد۳	صفحہ۴۲۶
قال الالبانی	صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۸۷۰)	جلد۲	صفحہ۷۱۳
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۵۵۶۹)	جلد۱۲	صفحہ۲۵۳
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۰۴۲)	جلد۲	صفحہ۴۶۱
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۱۶۴)	جلد۲	صفحہ۵۱۲
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۳۰۲۴)	جلد۳	صفحہ۱۳
قال المحقق	حذا الحدیث حسن		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۳۱۹۴)	جلد۳	صفحہ۸۴
قال المحقق	حذا الحدیث حسن		
مشکوٰة المصابیح	رقم الحدیث (۴۳۷۰)	جلد۲	صفحہ۲۰۵
قال الالبانی	صحیح		

نیا کپڑا - لباس - پہنتے ہوئے

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ كَسَوْتَنِيْهِ ، اَسْأَلُكَ خَيْرَهُ وَخَيْرَ مَا صُنِعَ لَهُ ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهِ وَشَرِّمَاصُنِعَ لَهُ

عَنْ اَبِى سَعِيْدِالْخُدْرِىِّ – رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ :

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – اِذَا اسْتَجَدَّ ثَوْبًا سَمَّاهُ بِاسْمِهِ – عِمَامَةً ، اَوْ قَمِيْصًا ، اَوْ رِدَاءً – يَقُوْلُ :

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ كَسَوْتَنِيْهِ ، اَسْأَلُكَ خَيْرَهُ وَخَيْرَ مَا صُنِعَ لَهُ ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهِ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهُ.

صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۴۰۲۰)	جلد۲	صفحہ ۵۰۱
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۷۶۷)	جلد۲	صفحہ ۳۸۲
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۱۸۷)	جلد۱۰	صفحہ ۹۶
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

ترجمۃ الحدیث،

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کوئی نیا کپڑا زیب تن فرماتے تو اس کا نام لیتے۔ (مثلاً) پگڑی، قمیص یا چادر اور یہ دعا پڑھتے:

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ کَسَوْتَنِیْہِ ، اَسْاَلُکَ خَیْرَہٗ وَخَیْرَ مَا صُنِعَ لَہٗ ، وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّہٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَہٗ.

اے اللہ! تیرے لئے ہی ہیں تمام تعریفیں، تو نے ہی مجھے یہ لباس پہنایا، میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس کی خیر کا اور جس مقصد کیلئے بنایا گیا اس کے خیر کا اور میں تیری پناہ وحفاظت کا طلبگار ہوں اس کے شر وفساد سے اور جس مقصد کیلئے اسے بنایا گیا ہے اس کے شر وفساد سے۔

-☆-

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں:

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کوئی نیا کپڑا، پگڑی، قمیص یا چادر پہنتے تو اس کا نام لیتے پھر درج بالا دعائیہ کلمات زبان مبارک سے ادا فرماتے۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت سے فوراً ذہن اس طرف جاتا ہے کہ حضور رسول عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دعا سے پہلے اس کپڑے کا نام لیتے مثلاً پگڑی، قمیص وغیرہ۔

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۱۲۴۷)	جلد ۱۰	صفحہ ۱۵۳
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۳۶۹)	جلد ۲	صفحہ ۲۰۳
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۰۶۸)	جلد ۹	صفحہ ۱۲۳
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۴۲۰)	جلد ۱۲	صفحہ ۲۳۹
قال شعیب الارنؤوط:	حدیث صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۴۲۱)	جلد ۱۲	صفحہ ۲۴۰
قال شعیب الارنؤوط:	اسنادہ صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۴۴۰۵)	جلد ۴	صفحہ ۲۵۱

لیکن بعض علماء کا خیال ہے کہ آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جس طرح اپنی سواریوں، تلواروں اور زرہوں کے نام رکھے ہوئے تھے۔ اسی طرح آپ کے لباس کے بھی نام تھے۔ اور آپ اپنی دعا سے پہلے اس لباس کا خاص نام اپنی زبان مبارک سے ادا فرماتے تھے۔ جیسے آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ایک پگڑی مبارک کا نام ''السحاب'' تھا۔

كَانَتْ لَهُ عَمَامَةٌ تُسَمَّى السَّحَابَ.

یہ کتنی عمدہ دعا ہے کہ کپڑا پہنتے وقت ہی اپنے پروردگار کے حضور عرض کر دی جائے اے میرے اللہ! اس لباس کی خیر میرے مقدر میں کر دے۔ جب بھی میری نظر اس لباس پر پڑے تو زبان و دل سے تیرا شکر ادا کروں۔ بلکہ جسم کا ہر بال تیرے شکر کے لئے رطب اللسان رہے۔

الٰہی! جس کارخانے میں یا جس مشین میں یہ لباس تیار ہوا مجھے اس بنانے والے کی نیت کا علم نہیں۔ لباس کی غرض و غایت گرمی و سردی سے بچنا اور ستر پوشی ہے۔ اب اے خالق و مالک! تو مجھے گرمی و سردی کے حملوں سے محفوظ فرما۔ اور جس طرح تو نے اس دنیا میں اس لباس کے ذریعے میری ستر پوشی فرمائی ہے اسی طرح روز جزا بھی محض اپنے فضل و کرم سے میرے عیبوں اور گناہوں کو اپنی رحمت و مغفرت کی چادر سے ڈھانپ لینا یقیناً تو ہی ستار ہے۔

اے میرے اللہ! میں تیری بارگاہ میں التجا کرتا ہوں کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ جب میری نظر اس لباس پر پڑے تو میرے دل میں غرور و تکبر پیدا ہو جائے۔

اَلْعَیَاذُ بِاللّٰہِ مِنْ ذَالِکَ.

اے پاک پروردگار! میں تیرا عاجز و ناتواں بندہ ہوں کہیں ایسا نہ ہوا کہ تیری بندگی کو بھول کر بدنصیبوں کے گروہ میں شامل ہو جاؤں۔

الٰہی! اگر اس کپڑے بنانے والے کی نیت میں فتور تھا تو تو مجھے اس کے شر سے محفوظ رکھ۔ اور اس لباس کو میرے لئے نافرمانی اور گناہ کا سبب بننے سے بچا لے۔

وَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ.

کپڑے پہنتے وقت مستحب یہ ہے کہ دائیں طرف سے ابتدا کی جائے یعنی قمیض پہنتے وقت پہلے دائیں آستیں پہنی جائے۔

شلوار پہنتے وقت پہلے دائیاں پاؤں شلوار میں داخل کیا جائے۔

اسی طرح

سرمہ پہلے دائیں آنکھ میں ڈالا جائے۔

مسواک دائیں طرف سے شروع کی جائے۔

-☆-

کسی کو نئے لباس میں دیکھ کر
لباس پہننے والے کیلئے دعا

اِلْبَسْ جَدِیْدًا ، وَعِشْ حَمِیْدًا ، وَمُتْ شَهِیْدًا ،
یَرْزُقَکَ اللّٰهُ تعَالٰی قُرَّةَ عَیْنٍ فِی الدُّنْیَا وَالْآخِرَةِ

عَنْ اِبْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ رَاٰی عَلٰی عُمَرَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَمِیْصًا اَبْیَضَ ، فَقَالَ:

اَجَدِیْدٌ قَمِیْصُکَ هٰذَا اَمْ غَسِیْلٌ ؟ فَقَالَ : بَلْ جَدِیْدٌ ، فَقَالَ النَّبِیُّ –صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

اِلْبَسْ جَدِیْدًا ، وَعِشْ حَمِیْدًا ، وَمُتْ شَهِیْدًا ، یَرْزُقَکَ اللّٰهُ تَعَالٰی قُرَّةَ عَیْنٍ فِی الدُّنْیَا وَالْآخِرَةِ ، قَالَ :

وَاِیَّاکَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ.

مجمع الزوائد　رقم الحدیث (۱۳۴۵۵)　جلد ۹　صفحہ ۷۵

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ بن عمر و رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو سفید قمیص پہنے ہوئے دیکھا تو آپ نے ارشاد فرمایا:

آپ کی یہ قمیص نئی ہے یا دھلی ہوئی ہے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی:

نئی ہے۔پس حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اِلْبَسْ جَدِيْدًا ، وَعِشْ حَمِيْدًا ، وَمُتْ شَهِيْدًا ، يَرْزُقُكَ اللّٰهُ تَعَالٰى قُرَّةَ عَيْنٍ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ .

نئے کپڑے پہنو، قابل تعریف زندگی گزارو اور شہادت کی موت سے سرفراز ہو جاؤ، اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں تمہیں آنکھوں کی ٹھنڈک نصیب فرمائے۔

یہ دعا سن کر حضرت عمر-رضی اللہ عنہ- نے عرض کی:

یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ آپ کو بھی دنیا و آخرت میں آنکھوں کی ٹھنڈک نصیب فرمائے۔

-☆-

اسلام انسان کی اندرونی بیماریوں کو کس احسن طریقے سے ختم کرتا ہے۔تقریباً ہر آدمی حسد

السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۰۷)	جلد ۹	صفحہ ۱۴۲
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۵۶۲۰)	جلد ۵	صفحہ ۱۴۳
قال احمد محمد شاکر:	اسنادہ صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۵۵۸)	جلد ۴	صفحہ ۱۶۱
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۱۳۱۲۷)	جلد ۱۲	صفحہ ۲۱۹
کتاب الدعا	رقم الحدیث (۳۹۹)		صفحہ ۱۵۱
قال سامی انور جاھین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۶۸۹۷)	جلد ۱۵	صفحہ ۳۲۰
قال شعیب الارنؤوط	حدیث حسن		

کینہ اور بغض جیسی مہلک بیماریوں میں مبتلا ہوتا ہے۔ حضور رسول عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سایہ عاطفت میں پناہ لینے والا اور آپ کی نور بھری تعلیمات پر عمل کرنے والے کا باطن ایسی کریہہ بیماریوں سے پاک ہوا کرتا ہے۔ اپنے کسی مومن بھائی کے جسم پر نیا لباس پہنے دیکھ کر ایسی عمدہ دعا مانگنا آپس میں محبت والفت کی روح پرور بہار کی غمازی کرتا ہے۔

سلام ہو اس معلم انسانیت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جس نے انسان کو شرف انسانیت سے ہمکنار کیا۔

-☆-

لباس پہننے والے کو دیکھ کر
درازی عمر کی دعا
تُبْلِيْ وَيُخْلِفُ اللّٰهُ تعَالَى

قَالَ اَبُوْ نَضْرَةَ:

فَكَانَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – اِذَا لَبِسَ اَحَدُهُمْ ثَوْبًا جَدِيْدًا قِيْلَ لَهٗ:

تُبْلِيْ وَيُخْلِفُ اللّٰهُ تَعَالَى.

ترجمة الحديث،

حضرت ابونضرہ نے بیان کیا:

صحیح سنن ابی داؤد　　رقم الحدیث (۴۰۲۰)　　جلد ۲　　صفحہ ۵۰۱
قال الالبانی　　صحیح
حصن المسلم من اذکار الکتاب والسنۃ　　صفحہ ۲۳

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے جو کوئی نیا لباس پہنتا تو اسے دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی طرف سے کہا جاتا:

اللہ تمہیں لمبی عمر دے کہ تم اس لباس کو استعمال کرو یہاں تک کہ تم اسے بوسیدہ کردو اور اللہ تعالیٰ اس کے بعد تمہیں اور لباس عطا فرمائے۔

-☆-

قرض کی ادائیگی کی دعا

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ
وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ

عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ مُکَاتَبًا جَآءَ ہٗ فَقَالَ :

اِنِّیْ عَجَزْتُ عَنْ کِتَابَتِیْ فَاَعِنِّیْ قَالَ:

اَلَا اُعَلِّمُکَ کَلِمَاتٍ عَلَّمَنِیْھِنَّ رَسُوْلُ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ –

لَوْ کَانَ عَلَیْکَ مِثْلُ جَبَلٍ دَیْنًا اَدَّاہُ اللّٰہُ عَنْکَ ؟ قُلْ:

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ.

ترجمة الحدیث،

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مکاتب غلام ان کی خدمت میں حاضر ہوا،

اورعرض کیا:

میں اپنی کتابت کا معاوضہ ادا کرنے سے عاجز آ گیا ہوں آپ میری مدد فرمائیں ۔حضرت

علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

کیا میں تجھے وہ کلمات نہ سکھادوں جو حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے تعلیم فرمائے اگر تیرے ذمہ پہاڑ کے برابر بھی قرض ہو تو اللہ تعالیٰ تیرا قرض اتار دے گا۔ تم یہ دعا کیا کرو:

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ.

اے اللہ! اپنے حلال کے ذریعے مجھے کافی ہو جا حرام سے بچا کر اور اپنے فضل سے مجھے دوسروں سے بے نیاز کر دے۔

-☆-

اس دعاء کا یہ فائدہ ہوگا کہ حلال روزی سے قرض بھی اتر جائے گا اور حرام روزی سے اللہ نجات عطا فرمائے گا اور سب سے بڑا فضل یہ ہوگا کہ اپنے علاوہ کسی کا محتاج نہیں فرمائے گا۔

حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ تشریف فرما تھے کہ آپ کے پاس ایک مکاتب غلام آیا جو زرِ کتابت ادا کرنے سے قاصر تھا۔ وہ آپ کے پاس مدد کے سلسلے میں حاضر ہوا تھا۔

آپ رضی اللہ عنہ نے اس دعا کی تعلیم دی اور فرمایا:

مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۴۸۴)	جلد۳	صفحہ۱۵
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۷۱۴)	جلد۲	صفحہ۵۹۷
قال المحقق	حسن		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۳۷۴)	جلد۴	صفحہ۳۱۹
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۵۶۳)	جلد۳	صفحہ۴۶۴
قال الالبانی	حسن		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۹۷۳)	جلد۲	صفحہ۷۵۰
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح الاسناد		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۳۱۸)	جلد۲	صفحہ۱۴۵
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۸۲۰)	جلد۲	صفحہ۳۶۰
قال الالبانی	حسن		

لَوْ كَانَ عَلَيْكَ مِثْلُ جَبَلٍ كَبِيْرٍ دَيْناً اَدَّاهُ اللّٰهُ عَنْكَ

اگر تجھ پر کسی بڑے پہاڑ کے برابر قرض ہو تو اللہ اس دعا کی برکت سے اللہ تجھ سے وہ قرض دور فرمادے گا۔

-☆-

غصہ دور کرنے کیلئے

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ صُرَدٍ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – قَالَ :
کُنْتُ جَالِسًا مَعَ النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ – وَرَجُلَانِ یَسْتَبَّانِ ، وَاَحَدُھُمَا قَدِ احْمَرَّ وَجْھُہٗ ، وَانْتَفَخَتْ اَوْدَاجُہٗ ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ – :
اِنِّی لَاَعْلَمُ کَلِمَۃً لَوْ قَالَھَا لَذَھَبَ عَنْہُ مَا یَجِدُ ، لَوْ قَالَ :
اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ ذَھَبَ عَنْہُ مَا یَجِدُ ، فَقَالُوْا لَہٗ :
اِنَّ النَّبِیَّ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ – قَالَ :
تَعَوَّذْ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ۔

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۱۱۵)	جلد ۴	صفحہ ۱۹۳۸
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۶۱۰)	جلد ۴	صفحہ ۱۹۷
سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۴۷۸۰)	جلد ۴	صفحہ ۹۱
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۳۰۳)	جلد ۸	صفحہ ۳۳۲

ترجمة الحديث :

حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا:

میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معیت میں بیٹھا تھا اور دو آدمی ایک دوسرے کو برا بھلا کہہ رہے تھے۔ان میں سے ایک کا چہرہ سرخ ہو گیا اور اس کی گردن کی رگیں پھول گئیں تو حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بیشک میں ایک کلمہ جانتا ہوں اگر یہ اسے پڑھ لیتا تو اس کا غصہ جاتا رہتا کاش کہ وہ پڑھ لے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ.

میں اللہ کی پناہ وحفاظت میں آتا ہوں مردود شیطان کے شر سے۔تو اس کا غضب وغصہ دور ہو جائے گا۔صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس آدمی سے کہا:

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ. پڑھیے۔

-☆-

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ.

میں اللہ کی پناہ وحفاظت میں آتا ہوں مردود شیطان کے شر سے۔

شیطان انسان کو اپنا مطیع وغلام بنانے کے بارے میں موقع کی تلاش میں رہتا ہے۔انسان جب غصہ کی حالت میں ہو اس وقت شیطان کے لئے فرزند آدم کو قابو کرنا بڑا سہل وآسان ہوتا ہے اس لئے درج بالا دعاء کی تعلیم دی گئی۔

حضور رسول عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما تھے کہ دو آدمی آپس میں الجھ پڑے اور

صحیح سنن ابی داؤد رقم الحدیث (۴۷۸۱) جلد۵ صفحہ۹۳

صحیح سنن الترمذی رقم الحدیث (۳۴۵۲) جلد۳ صفحہ۴۲۳

قال الالبانی: حذا الحدیث صحیح (بالفاظ مختلف)

نوبت گالی گلوچ تک آ پہنچی۔ان میں سے ایک کا چہرہ سرخ ہو گیا اور اس کی رگیں پھول گئیں۔

یہ حالت دیکھ کر حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

میں وہ کلمہ جانتا ہوں اگر یہ آدمی کہہ دے تو اس کا غصہ ختم ہو جائے اور وہ ہے:

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْم.

معلم انسانیت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَنْ کَظَمَ غَیْضاً وَھُوَ قَادِرٌ عَلٰی اَنْ یُنَفِّذَہٗ دَعَاہُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی عَلٰی رُؤُوْسِ الْخَلَائِقِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ.

جس آدمی نے اپنے غصہ پر قابو پالیا حالانکہ وہ غصہ نافذ کرنے پر قادر تھا۔اللہ سبحانہ وتعالیٰ اسے قیامت کے روز سب مخلوق کے سامنے بلائے گا (اور خصوصی انعامات سے نوازے گا)۔

حضور نبی عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غصہ ختم کرنے کا ایک اور طریقہ ارشاد فرمایا ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اِنَّ الْغَضَبَ مِنَ الشَّیْطَانِ وَاِنَّ الشَّیْطَان خُلِقَ مِنَ النَّارِ وَاِنَّمَا تُطْفَأُ النَّارُ بِالْمَاءِ فَاِذَا غَضِبَ اَحَدُکُمْ فَلْیَتَوَضَّاْ.

غصہ شیطان کی طرف سے ہے اور شیطان آگ سے پیدا کیا گیا ہے اور آگ کو پانی سے ہی بجھایا جاتا ہے۔جب تم میں سے کسی کو غصہ آئے اسے چاہئے کہ وہ وضو کرے۔

وضو کرنے سے گناہ جھڑ جاتے ہیں اور نیکیوں میں اضافہ ہوتا ہے۔گناہوں میں کمی اور نیکیوں میں اضافہ شیطان کو مغلوب کر دیتا ہے۔اس لئے وضو سے شیطان کا اثر زائل ہو جاتا ہے اور مومن دوبارہ اللہ کی رحمتوں میں ڈھل جاتا ہے۔

اللہ کا نام بڑی برکتوں والا ہے اس کے نام کے ہوتے ہوئے مصیبتوں کا کیا کام۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھ کر شیطان بھاگ جاتا تھا اسی طرح اللہ کے نام کا حصار دیکھ کر آفتیں اور بلائیں اپنا

منہ چھپا کر بھاگ جاتی ہیں۔

حضور رسول اللہ -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

جو آدمی صبح وشام اس دعا کو تین تین مرتبہ پڑھے اسے کوئی تکلیف اور ضرر نہیں پہنچے گی۔

راوی حدیث -رحمۃ اللہ علیہ- پر فالج کا حملہ ہوا اور اس سے آپ کے جسم کا ایک طرف کا حصہ متاثر ہوگیا۔ اسی حالت میں آپ مذکورہ بالا حدیث بیان فرمارہے تھے۔ مجمع میں ایک آدمی بڑا گھور کر انہیں دیکھ رہا تھا۔ آپ اس کا مطلب سمجھ گئے اور فرمانے لگے:

بھائی ایک دن مجھے سخت غصہ آیا اور میں یہ دعا پڑھنا بھول گیا بس اسی دن مجھ پر فالج کا حملہ ہوگیا۔

معلوم ہوا آپ کو فالج کا حملہ اس دن ہوا جس دن آپ یہ دعا پڑھنا بھول گئے۔ یہ دعا بڑی برکت سے لبریز ہے اس کے پڑھنے سے انسان تمام مصیبتوں دکھوں اور بیماریوں حتی کہ فالج وغیرہ سے بھی محفوظ رہتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنَا اَنْ نَعْمَلَ عَلٰى سُنَّةِ حَبِيْبِكَ الْاَكْرَمِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ -.

-☆-

غصہ کی حالت میں

اَللّٰهُمَّ رَبَّ مُحَمَّدٍ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِی ، وَاَذْهِبْ غَيْظَ قَلْبِیْ ، وَاَجِرْنِیْ مِنْ مُضِلَّاتِ الْفِتَنِ

عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِی بَكْرٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ:

كَانَتْ عَائِشَةُ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا – اِذَا غَضِبَتْ عَرَكَ النَّبِیُّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – بِاَنْفِهَا ، ثُمَّ يَقُوْلُ:

يَاعُوَيْشُ ! قُوْلِیْ:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ مُحَمَّدٍ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِی ، وَاَذْهِبْ غَيْظَ قَلْبِیْ ،وَاَجِرْنِیْ مِنْ مُضِلَّاتِ الْفِتَنِ.

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۶۴۵۵)	جلد ۱۸	صفحہ ۲۶۶
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۱۰۸۸۸)	جلد ۷	صفحہ ۴۶
عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی	رقم الحدیث (۴۵۵)		صفحہ ۴۴۹
قال المحقق	حسن		

ترجمۃ الحدیث،

حضرت قاسم بن محمد بن ابوبکر رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو جب غصہ آتا تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کی ناک کو ہلاتے اور ارشاد فرماتے:

اے عویش یہ پڑھو:

اَللّٰھُمَّ رَبَّ مُحَمَّدٍ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِی ، وَاَذْھِبْ غَیْظَ قَلْبِیْ ،وَاَجِرْنِیْ مِنْ مُضِلَّاتِ الْفِتَنِ۔

اے اللہ! اے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رب! میرے گناہ معاف کردے، میرے دل کے غصے کو دور کردے، ختم کردے اور گمراہ کرنے والے فتنوں سے میری حفاظت فرما۔

-☆-

بہادر اور طاقتور کون؟

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ – :

مَا تَعُدُّوْنَ الصُّرَعَةَ فِيكُمْ ، قُلْنَا : اَلَّذِىْ لَا تَصْرَعُهُ الرِّجَالُ ، قَالَ: لَيْسَ بِذٰلِكَ وَلٰكِنَّهُ الَّذِىْ يَمْلِكُ نَفْسَهُ عِنْدَ الْغَضَبِ.

ترجمة الحديث:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۶۰۸)	جلد ۴	صفحہ ۲۰۱۴
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۶۴۳)	جلد ۴	صفحہ ۱۹۹۲
صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۴۷۷۹)	جلد ۳	صفحہ ۱۷۴
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۹۵۰)	جلد ۷	صفحہ ۲۱۴
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۳۶۲۶)	جلد ۳	صفحہ ۵۱۷
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۳۰۰)	جلد ۸	صفحہ ۳۳۱
قال المحقق	صحیح		

نے ارشاد فرمایا:

تم بہادراور زورآور کسے شمار کرتے ہو؟ ہم نے عرض کی: بہادراور زورآور وہ ہے جس کو آدمی نہ پچھاڑ سکیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

بہادراور زورآور وہ نہیں ہے۔ بلکہ بہادراور زورآور وہ ہے جو غصہ کے وقت اپنے نفس پر قابو پائے۔

-☆-

غصہ کے وقت انسان بے قابو ہو جاتا ہے اور اپنے آپ میں نہیں رہتا اور وہ ظلم وتعدی پر اُتر آتا ہے۔ اس کے نتیجہ میں وہ ہاتھ یا زبان کا ناجائز استعمال کرتا ہے جو انسانیت کے وقار کے منافی ہے۔ اس لئے حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دریافت فرمایا:

مَا تَعُدُّوْنَ الصُّرَعَةَ فِيْكُمْ ، قُلْنَا : اَلَّذِیْ لَا تَصْرَعُهُ الرِّجَالُ ، قَالَ:

لَيْسَ بِذٰلِكَ وَلٰكِنَّهُ الَّذِیْ يَمْلِكُ نَفْسَهُ عِنْدَ الْغَضَبِ.

تم بہادر کسے شمار کرتے ہو؟ ہم نے عرض کی جسے لوگ پچھاڑ نہ سکیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایسا نہیں لیکن بہادر وہ ہے جو غصہ کے وقت اپنے نفس کو قابو میں رکھے۔

غصہ دور کرنے کی ایک دعا یہ بھی ہے:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَأَذْهِبْ غَيْظَ قَلْبِیْ وَأَجِرْنِیْ مِنَ الشَّيْطَانِ.

اے میرے اللہ! میرے گناہ بخش دے۔ میرے دل کا غصہ مجھ سے دور کر دے اور مجھے شیطان کے شر سے بچا کر اپنی حفاظت میں لے لے۔

غصہ کے وقت درج بالا مانگی گئی دعا غصہ کو ٹھنڈا کر دے گی اور انسان انسانیت کے جامہ سے باہر نہیں آئے گا۔

-☆-

سورج گرہن کے وقت

سُبْحَانَ اللّٰهِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

اَللّٰهُ اَكْبَرُ

متعدد مرتبہ

عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ:
اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَقَدْ كَسَفَتِ الشَّمْسُ وَهُوَ قَائِمٌ فِي الصَّلَاةِ رَافِعٌ يَدَيْهِ فَجَعَلَ يُسَبِّحُ وَيَحْمَدُ وَيُهَلِّلُ وَيُكَبِّرُ وَيَدْعُوْ حَتّٰى حُسِرَ عَنْهَا قَالَ:
فَلَمَّا حُسِرَ عَنْهَا قَرَأَ سُوْرَتَيْنِ وَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ .

صحیح مسلم رقم الحدیث (۹۱۳) جلد ۲ صفحہ ۶۲۹
صحیح مسلم رقم الحدیث (۲۱۱۸) جلد ۲ صفحہ ۳۲
صحیح مسلم رقم الحدیث (۲۱۱۹) جلد ۲ صفحہ ۳۲

ترجمة الحديث،

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا تو سورج گرہن لگا ہوا تھا۔حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسے کھڑے تھے جیسے نماز میں کھڑے ہوتے ہیں ہاتھوں کو بلند کیے ہوئے تھے۔

تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سبحان اللہ، الحمد للہ، لا الہ الا اللہ، اللہ اکبر کہنا شروع کیا اور دعا مانگنے لگے۔اتنی دیر آپ یہ کلمات اور دعا مانگتے رہے کہ سورج گرہن ختم ہو گیا۔جب سورج کھل گیا تو آپ نے دو سورتیں پڑھیں اور دو رکعتیں ادا فرمائیں۔

-☆-

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۱۲۰)	جلد۲	صفحہ۴۲
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۱۱۹۵)	جلد۱	صفحہ۳۲۷
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۰۴۹۵)	جلد۱۵	صفحہ۲۶۴
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۴۳۱۰)	جلد۶	صفحہ۱۹۶
قال المحقق	صحیح		

نیا چاند دیکھ کر

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ ، وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ ، رَبِّیْ وَرَبُّکَ اللّٰہُ ، ھِلَالُ رُشْدٍ وَخَیْرٍ

عَنْ طَلْحَۃَ بْنِ عُبَیْدِاللّٰہِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَارَاٰی الْھِلَالَ قَالَ:

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ ، وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ ، رَبِّیْ وَرَبُّکَ اللّٰہُ ھِلَالُ رُشْدٍ وَخَیْرٍ۔

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۴۵۱)	جلد ۳	صفحہ ۴۲۲
قال الالبانی	صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۷۷۶۷)	جلد ۷	صفحہ ۲۷۶۸
قال الحاکم	سکت عنہ الذہبی		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۸۸۸)	جلد ۳	صفحہ ۱۷۱
قال شعیب الارنؤوط	حدیث صحیح لغیرہ		
سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ	رقم الحدیث (۱۸۱۶)	جلد ۴	صفحہ ۴۳۰
قال الالبانی	ھذا حدیث حسن غریب		

ترجمۃ الحدیث،

حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب چاند دیکھتے تو یوں دعا مانگتے:

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ ، وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ ، رَبِّیْ وَرَبُّکَ اللّٰہُ ھِلَالُ رُشْدٍ وَخَیْرٍ۔

اے اللہ! اس چاند کو ہم پر طلوع فرما امن، ایمان، سلامتی اور اسلام کے ساتھ۔ اے چاند! ہمارا رب اور تیرا رب اللہ ہے۔ الٰہی یہ چاند رشد وہدایت اور خیر و بھلائی والا چاند ہو۔

انسانی زندگی مراحل پر مشتمل ہے۔ نئے چاند سے ایک مرحلہ جو ۲۹، ۳۰ دن پر مشتمل تھا ختم ہوا نیا مرحلہ شروع ہوا۔ نئے مرحلہ کی ابتدا میں ہی بارگاہِ ذوالجلال میں عرض ہے کہ یہ امن وایمان اور سلامتی واسلام سے گزار دے۔ اس مرحلہ میں اگر میری موت مقدر ہو چکی ہے تو امن وایمان سے مجھے دنیا سے لے جانا۔ اور اگر زندہ رہنا میری تقدیر میں ہے تو سلامتی نصیب فرمانا اور اسلام کا قلاوہ گلے میں رکھنے کی سعادت بھی دیئے رکھنا۔

وہ انسان جو ہر ماہ کے شروع ہوتے گزشتہ ماہ کی کوتاہیوں پر نادم وشرمسار ہو اور نیکیوں پر اللہ کے حضور شکرگزار ہو اور آئندہ ماہ کیلئے برائے حصول وبرکات اپنے اللہ سے ملتجی ہو یقیناً وہ انسان سعادت مند ہے۔

چاند کو مخاطب کرکے رَبِّیْ وَرَبُّکَ اللّٰہُ کہنا اس بات کا اقرار ہے کہ بندہ مومن اللہ کے علاوہ کسی چاند تارے کو معبود نہیں مانتا بلکہ جمیع مخلوقات کو اللہ کی تخلیقات تسلیم کرتا ہے۔

-☆-

مسند الامام احمد　رقم الحدیث (۱۳۹۷)　جلد ۲　صفحہ ۱۷۸
قال احمد محمد شاکر　اسنادہ صحیح

نیا چاند دیکھ کر

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ ، وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ ، وَالتَّوْفِیْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضَی رَبُّنَا وَرَبُّکَ اللّٰہ

عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ عُمَرَ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا – قَالَ :

کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ – اِذَا رَاٰی الْھِلَالَ قَالَ :

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ، اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ ، وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ ، وَالتَّوْفِیْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضَی رَبُّنَا وَرَبُّکَ اللّٰہُ۔

مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۱۷۱۳۸)	جلد ۱۰	صفحہ ۲۰۲
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۱۳۳۳۰)	جلد ۱۲	صفحہ ۳۴۷
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۸۸۸)	جلد ۳	صفحہ ۱۷۱
قال شعیب الارنؤوط	حدیث صحیح لغیرہ		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۸۸۵)	جلد ۲	صفحہ ۲۳۵
قال الالبانی	صحیح لغیرہ		
صحیح الاذکار من کلام خیر الابرار	رقم الحدیث (۳۱۹)		صفحہ ۲۳۸

ترجمة الحدیث،

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب چاند دیکھتے تو یوں دعا مانگتے:

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ، اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ ، وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ ، وَالتَّوْفِیْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی رَبُّنَا وَرَبُّکَ اللّٰہُ۔

اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے، اے اللہ! اس چاند کو ہمارے لئے طلوع فرما امن، ایمان، سلامتی اور اسلام اور ان اعمال کی توفیق کے ساتھ جنہیں تو پسند فرماتا ہے اور راضی ہو جاتا ہے۔

اے چاند! ہمارا رب اور تیرا رب اللہ ہے۔

-☆-

مسجد میں گم شدہ چیز کے اعلان کرنے والے کیلئے

لَا رَدَّهَا اللّٰهُ عَلَيْكَ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ –:

مَنْ سَمِعَ رَجُلًا يَنْشُدُ ضَالَّةً فِي الْمَسْجِدِ ، فَلْيَقُلْ :
لَا رَدَّهَا اللّٰهُ عَلَيْكَ ، فَإِنَّ الْمَسَاجِدَ لَمْ تُبْنَ لِهٰذَا.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۶۸)	جلد۱	صفحہ۳۹۷
صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۴۷۳)	جلد۱	صفحہ۱۳۸
قال الالبانی	صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۸۷۳۶)	جلد۱۱	صفحہ۲۱۲
قال المحقق	صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۷۶۷)	جلد۱	صفحہ۲۱۷
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۷۲۵)	جلد۱	صفحہ۲۳۲
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۹۰)	جلد۱	صفحہ۲۳۶
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جس نے سنا کسی آدمی کو کہ وہ گم شدہ چیز کا مسجد میں اعلان کر رہا ہے تو اسے چاہئے کہ اعلان کرنے والے کو کہے:

لَا رَدَّهَا اللّٰهُ عَلَيْكَ.

اللہ تجھے یہ چیز واپس نہ لوٹائے کیونکہ مساجد اس کام کیلئے نہیں بنائی گئیں۔

-☆-

الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۴۴۱)	جلد۱	صفحہ۲۷۶
قال المحقق	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۳۰۲)	جلد۲	صفحہ۱۰۸۰
قال الالبانی:	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۵۷۲)	جلد۸	صفحہ۳۵۸
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۴۱۱)	جلد۹	صفحہ۲۱۱
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

مسجد میں کسی کو خرید و فروخت کرتے دیکھ کر

لَا اَرْبَحَ اللّٰهُ تِجَارَتَکَ

عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ –:

اِذَا رَاَیْتُمْ مَنْ یَبِیْعُ اَوْیَبْتَاعُ فِی الْمَسْجِدِ فَقُوْلُوْا : لَا اَرْبَحَ اللّٰهُ تِجَارَتَکَ ، وَاِذَا رَاَیْتُمْ مَنْ یَنْشُدُ فِیْهِ ضَالَّةً فَقُوْلُوْا :

لَا رَدَّ اللّٰهُ عَلَیْکَ.

جامع الاصول	رقم الحدیث (۸۷۳۶)	جلد ۱۱	صفحہ ۴۱۲
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۹۱)	جلد ۱	صفحہ ۲۳۶
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۴۴۲)	جلد ۱	صفحہ ۲۷۶
قال المحقق	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۵۷۳)	جلد ۱	صفحہ ۱۶۰
قال الالبانی:	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب تم کسی کو مسجد میں دیکھو کہ وہ کوئی چیز بیچ رہا ہے یا کوئی چیز خرید رہا ہے تو اسے کہیے:

لَا اَرْبَحَ اللّٰهُ تِجَارَتَکَ۔

اللہ تیری تجارت میں نفع نہ دے۔

اور جب تم کسی کو مسجد میں دیکھو کہ وہ گم شدہ چیز کا اعلان کر رہا ہے تو کہیے:

لَا رَدَّ اللّٰهُ عَلَيْکَ۔

اللہ تجھے یہ چیز واپس نہ لوٹائے۔

-☆-

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۳۲۱)	جلد۲	صفحہ ۲۳
قال الالبانی:	صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۲۳۳۹)	جلد۳	صفحہ ۸۸۱
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح علی شرط مسلم ولم یخرجاہ		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۹۹۳۳)	جلد۹	صفحہ ۷۷

بازار یا منڈی میں داخل ہو کر کلمات طیبات ادا کرنا

ان کے ادا کرنے والے کو 10 لاکھ نیکیاں ملتی ہیں

10 لاکھ گناہ مٹا دیئے جاتے ہیں

10 لاکھ درجات بلند کر دیئے جاتے ہیں

اور اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت میں گھر بناتا ہے

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہُ لَا شَرِیْکَ لَہُ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ ، وَھُوَ حَیٌّ لَا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ ، وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – عَنِ النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ – قَالَ :

مَنْ دَخَلَ السُّوْقَ فَقَالَ : لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہُ لَا شَرِیْکَ لَہُ ، لَہُ الْمُلْکُ ،وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ ، وَھُوَ حَیٌّ لَا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ ، وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ،

كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ اَلْفَ اَلْفِ حَسَنَةٍ وَمَحَا عَنْهُ اَلْفَ اَلْفِ سَيِّئَةٍ ، وَرَفَعَ لَهُ اَلْفَ اَلْفِ دَرَجَةٍ وَبَنٰى لَهُ بَيْتاً فِي الْجَنَّةِ.

ترجمة الحديث،

امیر المؤمنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جو آدمی بازار گیا اور اس نے یوں کہا:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ، لَهُ الْمُلْكُ ،وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ ، وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ،

اللہ تعالیٰ اسکے لئے دس لاکھ نیکیاں لکھ دیتا ہے اور دس لاکھ گناہ مٹا دیتا ہے۔ اور اس کے لئے دس لاکھ درجات بلند کر دیتا ہے اور اس کے لئے جنت میں گھر بنا دیتا ہے۔

-☆-

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۲۳۱)	جلد۲	صفحہ ۱۰۷۰
قال الالبانی	صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۹۷۴)	جلد۲	صفحہ ۷۵۱
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۵۲۳)	جلد۲	صفحہ ۵۱۷
قال المحقق	ھذا الحدیث حسن		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۶۹۴)	جلد۲	صفحہ ۳۰۹
قال الالبانی	حسن لغیرہ		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۴۲۸)	جلد۳	صفحہ ۴۱۱
قال الالبانی	صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۲۲۳۵)	جلد۳	صفحہ ۵۸
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۴۲۹)	جلد۳	صفحہ ۴۱۱
قال الالبانی	ھذا الحدیث حسن		

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ، لَهُ الْمُلْكُ ، وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ ، وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ،

اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں وہ یکتا ہے ذات وصفات میں اس کا کوئی شریک نہیں، کل حکمرانی اسی کی ہے اور تمام تعریفوں کا وہی مستحق ہے۔ وہی زندہ کرتا ہے اور وہی موت دیتا ہے اور وہ زندہ جاوید ہے اسے کبھی فنا نہیں۔ تمام خیروبرکت اسی کے دستِ قدرت میں ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

یہ کلمات مبارکہ اللہ کی رحمتوں کا ایک لازوال خزینہ ہیں۔ جن کی برکات سے دامن بھرتے چلے جائیں۔

یہ اللہ کی حمد وثناء بھی ہے اور اس کی بارگاہ میں التجا بھی۔

یہ معبود حقیقی کی تعریف وتوصیف بھی ہے اور اسی کی جناب میں مقبول دعا بھی۔ بازار جسے غفلت کا گھر کہتے ہیں جہاں شر اپنے تمام لوازمات سمیت موجود ہوتی ہے وہاں بندہ مومن داخل ہوتے ہی ان کلماتِ مبارکہ کو زبان پر لے آئے تو یقیناً وہ اللہ کی بے پناہ کرم نوازیوں کا سزاوار ہے۔ انسان عرض کرتا ہے:

اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں میرا اس پر کامل ایمان ہے۔ میرے گلے میں اسی کا طوق بندگی ہے میں سیم وزر کا غلام نہیں، میرا اللہ یکتا ہے۔ اس کے علاوہ اور کوئی نہیں کہ میں بھاگ کر اس کے پاس چلا جاؤں۔ میں تو اللہ کو واحد مانتا ہوں اور اسی ایک در سے اپنی تمام امیدیں وابستہ کیے ہوئے ہوں۔

اس کا کوئی شریک نہیں نہ ذات میں نہ صفات میں، یہاں شراکت کا تصور بھی نہیں۔ وہ خالق ہے، وہ مالک ہے، وہ ابدی ہے، وہ سرمدی ہے، باقی سب مخلوق ہیں، مملوک ہیں فانی ہیں اور اسی کے محتاج ہیں۔

حکمرانی اسی اللہ کی ہے۔ میں بازار میں داخل ہو کر بھی اس کے حکم سے سرتابی نہیں کرسکتا۔ میں اس کے ارشادات کے مطابق ہی خرید وفروخت کروں گا۔ وہ دیکھتا ہے اس کی نظروں سے کچھ بھی

اوجھل نہیں ۔

تمام تعریفیں بھی اسی کی ہیں ۔اے اللہ! اے ارحم الراحمین میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنا مال بیچنے کیلئے کسی چیز کی ناجائز تعریف نہیں کروں گا۔سراپا خوبی تو تیری ذات ہے ۔میں اپنے عمل سے شرمندہ ہوں اور تجھ سے رحم کی درخواست کرتا ہوں ۔

وہی اللہ زندہ کرتا ہے اور وہی موت دیتا ہے ۔اے اللہ! میں عہد کرتا ہوں کہ کوئی ناجائز کام نہیں کروں گا کیونکہ زندگی تو نے عطا فرمائی ہے اور اس کی قدر کرنا میرے ذمہ ہے ۔اگر میں کوئی غلط کام کروں تو مجھے ڈر ہے کہ تو ابھی مجھے موت سے ہمکنار کردے میری ساری زندگی کی محنت اکارت جائے ۔

اے اللہ! دلوں کو زندگی اور موت دینے والا بھی تو ہی ہے ۔مجھے ہر اس کام سے ہر اس کاروبار سے، ہر اس سودے سے جو دل کو مردہ کردے بچالے اور مجھے وہ کام کرنے کی سعادت عطا فرما جو دل کو حیاتِ جاودانی نصیب فرمادے ۔

وہ خود زندہ ہے اسے فنا نہیں ۔وہ ازلی ہے وہ ابدی ہے سب کائنات اور کائنات کی بہاریں جملہ مخلوق اور ان کی قوتیں سب اللہ جل جلالہ کے دست قدرت میں ہیں کسی کو دم مارنے کی مجال نہیں ۔اے حیی وقیوم مجھے اپنی رضا سے سرفراز فرما اور اپنی ناراضگی سے محفوظ فرما۔

اس کے ہاتھ میں سب بھلائی اور خیر ہے ۔اے اللہ میں خیر کا طلبگار ہوں ۔خیر تو تیرے مبارک ہاتھ میں ہے ۔تو دستِ غیب سے مجھے خیر وبرکت عطا فرما۔

وہ ہر چیز پر قادر ہے ۔اسکی قدرت ہمہ گیر اور عالمگیر ہے ۔کوئی متنفس کوئی فرد بشر اس کی قدرت سے خارج نہیں ۔اے قادر مطلق! میں تیری نافرمانی کا سوچ بھی نہیں سکتا۔تیری نافرمانی کرکے کہاں جاؤں جہاں بھی جاؤں تو مجھے پکڑ لے گا ۔اپنی پکڑ سے پہلے ہی مجھے عصیاں سے محفوظ فرما میرے ہاتھ اور پاؤں کو روک لے کہ وہ برائی کی طرف نہ اُٹھ سکیں ۔

اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

یقیناً وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

سبحان اللہ! یہ دعا کتنی ہمہ گیر اور جامع ہے، حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ اَلْفَ اَلْفِ حَسَنَةٍ وَمَحَا عَنْهُ اَلْفَ اَلْفِ سَیِّئَةٍ ، وَرَفَعَ لَهٗ اَلْفَ اَلْفِ دَرَجَةٍ وَبَنٰى لَهٗ بَیْتاً فِی الْجَنَّةِ۔

جو انسان بازار میں داخل ہوتے ہوئے یہ دعا مانگے۔

اللہ اسے دس لاکھ نیکیاں عطا فرماتا ہے۔

اللہ اس کے دس لاکھ گناہ معاف فرماتا ہے۔

اللہ اس کے دس لاکھ درجات بلند فرماتا ہے۔

اور اللہ اس کے لئے جنت میں ایک گھر بناتا ہے۔

-☆-

جس مجلس میں کثرت سے لایعنی باتیں ہوں
اس مجلس سے اٹھنے سے پہلے درج ذیل دعا مانگنے والے
کی مجلس میں جو لغو باتیں وہ معاف کردی جاتی ہیں

سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ ، اَشْھَدُ اَنْ
لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ ، اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ

عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ –:

مَنْ جَلَسَ مَجْلِسًا كَثُرَ فِیْهِ لَغَطُهٗ فَقَالَ قَبْلَ اَنْ یَقُوْمَ مِنْ مَجْلِسِهٖ ذٰلِکَ:
سُبْحَانَکَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِکَ ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ، اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ ، اِلَّا غُفِرَ لَهٗ مَا كَانَ فِیْ مَجْلِسِهٖ ذٰلِکَ.

صحیح سنن الترمذی رقم الحدیث (۳۴۳۳) جلد ۳ صفحہ ۴۱۴
قال الالبانی: صحیح

ترجمۃ الحدیث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جو آدمی کسی ایسی مجلس میں بیٹھا جس میں لایعنی باتیں کثرت سے ہوئی ہوں تو اس نے اٹھنے سے پہلے یہ کلمات طیبات ادا کر لئے:

سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ ، اَشْھَدُ اَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ ، اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ ،

اے اللہ! تو ہر عیب سے پاک ہے اور تیری حمد کے ساتھ تیری تسبیح بیان کرتا ہوں۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے علاوہ کوئی عبادت کا مستحق نہیں۔ میں تجھ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگتا ہوں اور

صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۴۸۵۸)	جلد۳	صفحہ ۱۹۳
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۱۹۲)	جلد۲	صفحہ ۱۰۶۵
قال الالبانی:	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۹۳)	جلد۲	صفحہ ۳۵۴
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۱۵۷)	جلد۹	صفحہ ۱۵۳
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۸۰۳)	جلد۹	صفحہ ۱۹
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۳۶۵)	جلد۹	صفحہ ۴۶۹
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۲۷۰)	جلد۴	صفحہ ۲۲۷
قال المحقق	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۲۲۳)	جلد۲	صفحہ ۳۸۶
قال المحقق	حسن		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۳۶۷)	جلد۳	صفحہ ۸
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۱۶)	جلد۲	صفحہ ۲۱۶
قال الالبانی	صحیح		

تیری طرف توبہ و رجوع کرتا ہوں۔

تو اس مجلس میں جو کچھ ہوا اسے معاف کر دیا جاتا ہے۔

-☆-

اللہ کی تسبیح و تقدیس اور اس کی حمد و ثنا اس کی وحدانیت کا اقرار اور اس کی گواہی استغفار اور توبہ۔ان سب چیزوں کے اجر و ثواب کو اکٹھا کیا جائے تو انسان کی نیکیوں کا دفتر بھر جائے۔

ان کلمات کی ادائیگی کی ترغیب اس لئے دی گئی کہ دوستوں کی محفل میں انسان ہزار غلط باتیں کر دیتا ہے جس سے نامہ اعمال سیاہ ہو جاتا ہے۔یہ کلمات مبارکہ محفل کا کفارہ ہوں گے اور گناہوں کی سیاہی دھل جائے گی۔

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب کسی مجلس میں غلط باتوں کی کثرت ہو جائے تو اٹھتے وقت درج بالا دعا مانگو اللہ اس مجلس کے سب گناہ معاف فرما دے گا۔

-☆-

جب مجلس سے اٹھنے لگے
تو مجلس میں جو کچھ ہوا اس کا کفارہ
سُبْحَانَکَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِکَ ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ، اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَيْکَ

عَنْ اَبِی بَرْزَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ :

کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ بِاَخَرَةٍ [1] اِذَا اَرَادَ اَنْ يَقُوْمَ مِنَ الْمَجْلِسِ :

سُبْحَانَکَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِکَ ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ، اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَيْکَ ، فَقَالَ رَجُلٌ :

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ! اِنَّکَ لَتَقُوْلُ قَوْلًا مَا کُنْتَ تَقُوْلُهٗ فِيْمَا مَضٰی ؟ قَالَ :

ذٰلِکَ کَفَّارَةٌ لِمَا يَکُوْنُ فِی الْمَجْلِسِ .

[1] بِاَخَرَةٍ ای بآخِرِ اَمْرِهٖ.

ترجمۃ الحدیث،

حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے آخری ایام میں جب مجلس سے کھڑے ہونے کا ارادہ فرماتے تو یہ کلمات ارشاد فرماتے:

سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ ، اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ ، اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ ،

(اے اللہ! میں تیری تعریف کے ساتھ ساتھ تیری پاکیزگی بیان کرتا ہوں۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے علاوہ کوئی (سچا) معبود نہیں ہے اور میں تیرے سامنے توبہ کرتا ہوں)۔

ایک آدمی نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ ایسی بات ارشاد فرما رہے ہیں جو پہلے نہیں فرماتے تھے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

یہ کلمات طیبات ان باتوں کا کفارہ ہیں جو مجلس میں ہو جاتی ہیں۔

-☆-

صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۴۸۵۹)	جلد۳	صفحہ۱۹۳
قال الالبانی	حسن		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۱۸۷)	جلد۹	صفحہ۱۶۳
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۵۶۶۹)	جلد۱۲	صفحہ۴۸۸
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۹۶۵۷)	جلد۱۵	صفحہ۳۱
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۹۶۹۸)	جلد۱۵	صفحہ۴۴
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۲۷۳)	جلد۴	صفحہ۲۲۸
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۳۲۵)	جلد۲	صفحہ۳۸۷
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۱۷)	جلد۲	صفحہ۲۱۶
قال الالبانی	صحیح		

جب کوئی آدمی مجلس سے اُٹھتے وقت ان کلمات کو زبان سے ادا کرے تو یہ کلمات اس مجلس کی ساری لغزشوں کا کفارہ ہو جائیں گے۔اور اگر اس مجلس خیر یا مجلس ذکر میں ان کلمات کو کہا جائے تو ان کلمات کو بطور مہر اعمال نامہ پر لگا دیا جاتا ہے جس طرح اہم دستاویز پر مہر لگائی جاتی ہے۔

گویا یہ کلمات مجلس خیر اور مجلس ذکر کو بہت اہم بنا دیتے ہیں اور ان کا بطور مہر لگایا جانا اس بات کی دلیل ہے کہ ان کلمات کی برکت سے وہ ساری محفل کی روئیداد اللہ کی خصوصی بارگاہ میں پیش ہوتی ہے۔

-☆-

اے اللہ! ہم میں تقسیم فرمادے اپنا خوف وخشیت جس کے
ذریعے تو ہمارے درمیان اور اپنی نافرمانیوں- گناہوں- کے درمیان
حائل ہو جائے اور ہم میں اپنی وہ اطاعت وفرمانبرداری تقسیم فرما
جس کے ذریعے تو ہمیں اپنی جنت میں پہنچائے اور ہم میں وہ یقین تقسیم فرما
جس کے ذریعے تو ہم پر دنیا کے مصائب وآلام ہلکے کردے

مجلس سے اٹھنے سے پہلے
عظیم الشان دعا

اَللّٰهُمَّ اَقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُوْلُ بِهِ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ
وَ مِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهِ جَنَّتَكَ ، وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ عَلَيْنَا
مَصَائِبَ الدُّنْيَا، اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا
وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا ، وَاجْعَلْ ثَارَنَا عَلَى مَنْ ظَلَمَنَا ، وَانْصُرْنَا عَلَى

مَنْ عَادَانَا ، وَلَا تَجْعَلْ مُصِيبَتَنَا فِي دِيْنِنَا ، وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّنَا ، وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا ، وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَا يَرْحَمُنَا

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ :

قَلَّمَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ – يَقُوْمُ مِنْ مَجْلِسٍ حَتّٰى يَدْعُوَ بِهٰؤُلَاءِ الدَّعَوَاتِ:

اَللّٰهُمَّ اَقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُوْلُ بِهِ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ ، وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهِ جَنَّتَكَ ، وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ عَلَيْنَا مَصَائِبَ الدُّنْيَا.

اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا ، وَاَبْصَارِنَا ، وَقُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا ، وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا ، وَاجْعَلْ ثَارَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا ، وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا ، وَلَا تَجْعَلْ مُصِيبَتَنَا فِي دِيْنِنَا ، وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّنَا ، وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا ، وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَا يَرْحَمُنَا.

ترجمة الحديث:

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ کم ہی ایسا ہوتا کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کلمات کو کہے بغیر کسی مجلس سے اٹھتے:

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۵۰۲)	جلد۳	صفحہ۴۴۲
قال الالبانی:	حسن		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۲۶۸)	جلد۱	صفحہ۲۷۴
قال الالبانی:	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۱۶۱)	جلد۹	صفحہ۱۵۴
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۱۶۳)	جلد۹	صفحہ۱۵۵
غایۃ الاحکام	رقم الحدیث (۳۲۳۳)	جلد۲	صفحہ۴۱۳

اَللّٰهُمَّ اَقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُوْلُ بِهٖ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ ، وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ جَنَّتَكَ ، وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ عَلَيْنَا مَصَائِبَ الدُّنْيَا۔

اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا ، وَاَبْصَارِنَا ، وَقُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا ، وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا ، وَاجْعَلْ ثَارَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا ، وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا ، وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا ، وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّنَا ، وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا ، وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَا يَرْحَمُنَا۔

اے اللہ! اپنے خوف کا اتنا حصہ ہم میں تقسیم فرمادے جو ہمارے اور تیرے حکم کی نافرمانی کے درمیان حائل ہو جائے۔ اور اپنی اطاعت وبندگی اتنی تقسیم کردے جس کے ذریعے تو ہمیں جنت میں پہنچادے۔ اور اتنا یقین عنایت فرمادے جس کے ذریعے تو ہم پر دنیا کے مصائب آسان کردے۔

اے اللہ! ہمیں فائدہ اٹھانے دینا اپنی سماعتوں سے، اپنی بصارتوں سے اور اپنی قوت سے جب تک تو ہمیں زندہ رکھے۔ اور اسے ہمارا وارث بنا۔ اور جو ہم پر ظلم کرے اس سے تو ہمارا بدلہ لے۔ اور جو ہم سے دشمنی کرے اس کے مقابلہ میں ہماری مدد فرما۔ اور ہماری مصیبت کو ہمارے دین میں نہ کرنا اور دنیا کو ہمارا سب سے بڑا غم نہ بنانا اور نہ اسے ہمارا مبلغ علم بنانا۔ اور اسے ہم پر مسلط نہ کرنا جو ہم پر رحم نہ کرے۔

-☆-

یہ دعا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ رسالت اور شانِ بندگی کو واضح کررہی ہے۔ یہ ایسی جامع اور ہمہ گیر دعا ہے کہ شاید ہی کوئی گوشہ باہر رہ گیا ہو۔ اللہ سے اگر کسی نے مانگنے کا سلیقہ سیکھنا ہو تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعاؤں کا مطالعہ کرے۔

یقیناً خوفِ خدا وہی فائدہ مند ہے جو اس کی نافرمانیوں کے سامنے سدِ سکندری بن جائے۔ یہ خوف ہی وہ قیمتی متاع ہے جس کے سبب انسان مصیبت ونافرمانی کا تصور بھی نہیں کرسکتا۔ اور اطاعت وہی اطاعت ہے جو اس کے مقامِ رضا جنت تک پہنچادے۔

اے اللہ! ہمیں اطاعت وفرمانبرداری کی توفیق عطا فرما اور معصیت ونافرمانی سے محفوظ فرما۔ وہ انسان دون ہمت ہے جس کا مطمع نظر دنیا ہو اور دنیا کی دلفریبیوں کو پانا ہی ہو اور یہی کچھ اس کا مبلغ علم ہو۔ یہ دعا ہر مسلمان کے سینے پر نقش ہونی چاہئے۔

-☆-

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ –:

مَا مِنْ قَوْمٍ يَقُوْمُوْنَ مِنْ مَجْلِسٍ لَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ تَعَالَى فِيْهِ اِلَّا قَامُوْا عَنْ مِثْلِ جِيْفَةِ حِمَارٍ ، وَكَانَ لَهُمْ حَسْرَةً.

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۴۸۵۵)	جلد۳	صفحہ۱۹۲
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۵۷۵۰)	جلد۲	صفحہ۱۰۰۲
قال الالبانی:	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۰۳۹)	جلد۹	صفحہ۸۹
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۱۶۳)	جلد۹	صفحہ۱۵۵
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۱۶۹)	جلد۹	صفحہ۱۵۷
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۶۳۸)	جلد۹	صفحہ۵۳۷
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۷۶۹)	جلد۹	صفحہ۵۷۷
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۵۵۸)	جلد۴	صفحہ۴۳۷
قال المحقق	صحیح		

جولوگ کسی مجلس سے اللہ تعالیٰ کا ذکر کیے بغیر اٹھ جاتے ہیں تو وہ ایسے ہیں جیسے وہ کسی مردار گدھے کے پاس سے اٹھتے ہیں اور یہ مجلس ان کیلئے حسرت ہے۔

-☆-

عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ –:

مَنْ قَعَدَ مَقْعَدًا لَمْ یَذْکُرِ اللّٰهَ تَعَالٰی فِیْهِ کَانَتْ عَلَیْهِ مِنَ اللّٰهِ تِرَةٌ ، وَمَنِ اضْطَجَعَ مَضْجَعًا لَا یَذْکُرُ اللّٰهَ تَعَالٰی فِیْهِ کَانَتْ عَلَیْهِ مِنَ اللّٰهِ تِرَةٌ.

صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۴۸۵۶)	جلد۳	صفحہ۱۹۲
قال الالبانی	حسن صحیح		
صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۵۰۵۹)	جلد۳	صفحہ۲۴۴
قال الالبانی	حسن		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۴۷۷)	جلد۲	صفحہ۱۱۰۴
قال الالبانی:	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۳۱۲)	جلد۲	صفحہ۴۲۳
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۹۰)	جلد۲	صفحہ۳۵۱
قال شعیب الارنؤوط	حدیث صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۹۱)	جلد۲	صفحہ۳۵۲
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۹۲)	جلد۲	صفحہ۳۵۲
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۸۵۳)	جلد۳	صفحہ۱۳۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۱۶۴)	جلد۹	صفحہ۱۵۵
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۱۶۵)	جلد۹	صفحہ۱۵۶
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۱۶۶)	جلد۹	صفحہ۱۵۶
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۱۶۷)	جلد۹	صفحہ۱۵۶

ترجمۃ الحدیث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جو شخص کسی مجلس میں بیٹھا اس میں اس نے اللہ کا ذکر نہیں کیا تو یہ مجلس اس پر اللہ کی طرف سے حسرت وندامت ہوگی ۔ اور جو کسی خواب گاہ میں لیٹا اس میں اللہ کا ذکر نہیں کیا تو یہ اس کیلئے اللہ کی طرف سے حسرت وندامت ہوگی ۔

-☆-

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ –:

مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَجْلِسًا لَمْ يَذْكُرُوْا اللّٰهَ تَعَالَى فِيْهِ ، وَلَمْ يُصَلُّوا عَلَى نَبِيِّهِمْ فِيْهِ ، إِلَّا كَانَ عَلَيْهِمْ تِرَةٌ ، فَإِنْ شَاءَ عَذَّبَهُمْ وَإِنْ شَاءَ غَفَرَلَهُمْ.

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۳۸۰)	جلد۳	صفحہ۳۸۸
قال الالبانی:	صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۵۵۷)	جلد۴	صفحہ۴۲۶
قال المحقق	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۲۳۰)	جلد۲	صفحہ۳۸۲
قال المحقق	حسن		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۱۲)	جلد۲	صفحہ۲۱۲
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۹۰)	جلد۲	صفحہ۳۵۱
قال شعیب الارنؤوط	حدیث صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۹۱)	جلد۲	صفحہ۳۵۲
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۹۲)	جلد۲	صفحہ۳۵۲
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		

ترجمۃ الحدیث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جو لوگ کسی مجلس میں بیٹھیں اس میں اللہ کا ذکر نہ کریں اور نہ اپنے نبی۔صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔پر درود بھیجیں تو یہ مجلس ان کیلئے حسرت ہوگی۔پس اگر اللہ چاہے تو انہیں عذاب دے اور اگر چاہے تو معاف فرمادے۔

-☆-

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ –:

مَا مِنْ قَوْمٍ جَلَسُوْا مَجْلِسًا لَمْ يَذْكُرُوْا اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ فِيْهِ ، إِلَّا كَانَتْ عَلَيْهِمْ تِرَةً ، وَمَا سَلَكَ رَجُلٌ طَرِيْقًا لَمْ يَذْكُرُوْا اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ فِيْهِ ، إِلَّا كَانَتْ عَلَيْهِ تِرَةً . =

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۵۶۰۷)	جلد۲	صفحہ۹۸۱
قال الالبانی:	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۱۶۷)	جلد۹	صفحہ۱۵۶
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۷۳۶)	جلد۹	صفحہ۳۰۴
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۸۰۴)	جلد۹	صفحہ۳۲۸
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۱۹۵)	جلد۹	صفحہ۴۲۵
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۲۳۶)	جلد۹	صفحہ۴۳۵
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۸۱۰)	جلد۲	صفحہ۲۹۱
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۸۲۶)	جلد۲	صفحہ۲۹۷
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاہ		

ترجمة الحدیث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جو لوگ کسی مجلس میں بیٹھیں اس میں اللہ کا ذکر نہ کریں تو یہ مجلس ان کیلئے حسرت ہوگی۔ اگر کوئی آدمی کسی راستے پر چلے اور اس میں اللہ کا ذکر نہ کرے تو اس کا یہ چلنا اس کیلئے حسرت ہوگا۔

-☆-

وَاِمَّا یَنْزَغَنَّکَ مِنَ الشَّیْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ o [1]

ترجمہ،

اور (اے سننے والے) اگر شیطان کی طرف سے تیرے دل میں کوئی وسوسہ پیدا ہو تو (اس کے شر سے) اللہ کی پناہ مانگ۔ یقیناً وہی سب کچھ سننے والا، سب کچھ جاننے والا ہے۔

-☆-

(۱) حم السجدہ:۳۶

=المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۲۰۱۷)	جلد۲	صفحہ۶۶۷
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح علی شرط البخاری		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۳۳۰)	جلد۲	صفحہ۳۸۲
قال المحقق	حسن		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۱۲)	جلد۲	صفحہ۲۱۲
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۱۶۵)	جلد۹	صفحہ۱۵۶
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۱۶۶)	جلد۹	صفحہ۱۵۶
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۱۶۷)	جلد۹	صفحہ۱۵۶
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۵۲۹)	جلد۹	صفحہ۲۵۱
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

مجلس ذکر میں شریک افراد کے لئے آسمان سے ندا
اٹھو تمہاری مغفرت ہوگئی

عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ :
مَا جَلَسَ قَوْمٌ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ تَعَالٰی ، اِلَّا نَادَاھُمْ مُنَادٍ مِنَ السَّمَاءِ :
قُوْمُوْا مَغْفُوْرًا لَکُمْ.

ترجمة الحديث،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب کوئی قوم اللہ تعالیٰ کے ذکر کیلئے بیٹھتی ہے (جب وہ قوم ذکر سے فارغ ہوتی ہے) تو آسمان سے ایک ندا دینے والا ندا دیتا ہے اٹھو تم سب کو بخش دیا گیا ہے۔

-☆-

چند اہل ایمان جب کسی جگہ اکٹھے ہو کر اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں تو اجتماعی ذکر کو محفل ذکر

ومجلس ذکر کا نام دیا جاتا ہے ۔اللہ تعالیٰ کے ذکر سے مراد اس کی حمد بیان کرنا ،اس کی بزرگی بیان کرنا وغیرہ یعنی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، سُبْحَانَ اللّٰهِ ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ، کہنا یا

چند اھل ایمان دین اسلام کی تعلیمات سننے ،سنانے ،سمجھنے کیلئے اکٹھے ہوں ،یعنی ایک آدمی ان میں سے قرآن کریم کی آیت کریمہ کی تشریح کرے ،دوسرے احباب اس کی سماعت کریں ۔ایک آدمی حدیث پاک بیان کرے دوسرے آدمی اس حدیث پاک کو توجہ سے سنیں ۔ایک آدمی نماز ،روزہ کا کوئی مسئلہ بیان کرے دوسرے احباب اسے غور سے سنیں یہ سب ذکر الٰہی کی صورتیں ہیں ۔اور ان احباب کا یوں مل کر بیٹھنا درس لینا اور دینا مجلس ذکر کہلاتا ہے ۔

وہ خوش قسمت احباب جو ذکر الٰہی کی نیت سے کسی جگہ اکٹھے ہوں وہاں وہ پانچ منٹ بیٹھے یا آدھ گھنٹہ یا گھنٹہ جب وہ ذکر الٰہی سے فارغ ہوں تو آسمان سے ایک ندا دینے والا ندا دیتا ہے یعنی اللہ تعالیٰ کے حکم سے کوئی فرشتہ صدا لگاتا ہے ۔

اے ذکر الٰہی کر کے اپنے گھروں کو پلٹنے والو! تمہیں مبارک ہو کہ تمہاری زندگی کی کوتاہیاں معاف کر دی گئی ہیں ۔تمہیں مغفرت وبخشش کی خوش خبری ہے ۔اب گھروں کو جاؤ اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ انعام لیکر کہ اس رحیم وکریم اللہ نے تمہیں بخش دیا ہے ،جہنم سے آزاد کر دیا ہے اور تمہیں سزاوار جنت ٹھہرایا ہے ۔

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۵۶۰۹)	جلد۲	صفحہ۹۸
قال الالبانی	صحیح		
سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ	رقم الحدیث (۲۲۱۰)	جلد۵	صفحہ۲۲۵
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۰۴)	جلد۲	صفحہ۲۱۰
قال الالبانی	ھذا حدیث حسن		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۲۳۰)	جلد۲	صفحہ۳۸۰
قال المحقق	ھذا حدیث حسن		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۲۳۹۳)	جلد۱۰	صفحہ۳۰۶
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ حسن		

مجلس میں مانگی جانے والی سراپا خیر و برکت، مغفرت اور توبہ کی دعا

رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْم

ایک سو مرتبہ

عَنْ اِبْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا قَالَ:

اِنْ کُنَّا لَنَعُدُّ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ – فِیْ الْمَجْلِسِ یَقُوْلُ:

رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ مِائَۃَ مَرَّۃٍ۔

سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۴۳۴)	جلد۲	صفحہ۳۳۱
قال الترمذی:	ھذا حدیث حسن صحیح غریب		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۱۳۴۲)	جلد۱	صفحہ۳۸۳
قال الالبانی:	صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۸۱۴)	جلد۲	صفحہ۳۹۱
قال محمود محمد محمود:	الحدیث صحیح		
سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۱۵۱۶)	جلد۲	صفحہ۱۳۰
صحیح سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۰۹۰)	جلد۳	صفحہ۳۲۸
قال الالبانی:	صحیح		

ترجمة الحديث :

حضرت عبداللہ بن عمر - رضی اللہ عنہما - کا بیان ہے :

ہم حضور رسول اللہ - صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم - کو شمار کیا کرتے تھے کہ حضور ایک ہی مجلس میں اٹھنے سے پہلے سو مرتبہ بارگاہِ الٰہی میں عرض کیا کرتے تھے :

رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ.

-☆-

سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ	رقم الحدیث (۵۵۶)	جلد ۲	صفحہ ۹۶
عمل الیوم واللیلۃ ابن سنی	رقم الحدیث (۳۷۰)		صفحہ ۳۵۷
قال ابن السنی	اسنادہ حسن وصحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۴۷۲۶)	جلد ۴	صفحہ ۳۷۴
قال احمد محمد شاکر:	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۹۲۷)	جلد ۳	صفحہ ۲۰۶
قال شعیب الارنؤوط:	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
شرح السنۃ للبغوی	رقم الحدیث (۱۲۸۹)	جلد ۵	صفحہ ۷۱
قال المحقق:	اسنادہ صحیح		
الادب المفرد	رقم الحدیث (۶۱۸)		صفحہ ۲۱۷
صحیح الادب المفرد	رقم الحدیث (۴۸۱)		صفحہ ۲۳۰
قال الالبانی:	صحیح		

جب چھینک آئے تو چھینکنے والا کہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ،

تو اس کا بھائی کہے

یَرْحَمُکَ اللّٰہ،

چھینکنے والا اس بھائی کے جواب میں کہے

یَھْدِیْکُمُ اللّٰہ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ

عَنْ اَبِی ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ:
اِذَا عَطَسَ اَحَدُکُمْ فَلْیَقُلْ : اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلْیَقُلْ لَہٗ اَخُوْہُ اَوْ صَاحِبُہٗ:
یَرْحَمُکَ اللّٰہ ، فَاِذَا قَالَ لَہٗ : یَرْحَمُکَ اللّٰہ ، فَلْیَقُلْ :
یَھْدِیْکُمُ اللّٰہ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۲۲۴)	جلد۴	صفحہ۱۹۵۷
السنن الکبری	رقم الحدیث (۹۹۸۹)	جلد۹	صفحہ۹۶

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو اسے چاہئے کہ وہ الحمد للہ کہے اور (سننے والا) اس کا بھائی یا اس کا ساتھی کہے:

یَرْحَمُکَ اللّٰہ (اللہ تجھ پر رحم کرے)۔

پس جب وہ اس کو **یَرْحَمُکَ اللّٰہ** کہے تو چھینکنے والا پھر کہے:

یَھْدِیْکُمُ اللّٰہُ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ.

اللہ تعالیٰ تمہیں ہدایت سے سرفراز فرمائے رکھے اور تمہارے حال کی اصلاح فرمائے۔

-☆-

۱ — **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ**

۲ — **یَرْحَمُکَ اللّٰہِ**

۳ — **یَھْدِیْکُمُ اللّٰہُ وَیُصْلِحُ بالکم.**

جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۳۳۷)	جلد۴	صفحہ ۴۰۷
قال المحقق	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۷۴۱)	جلد۴	صفحہ ۳۲۷
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۸۸)	جلد۱	صفحہ ۱۷۹
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۵۰۳۳)	جلد۳	صفحہ ۲۳۶
قال الالبانی	صحیح		
سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ	رقم الحدیث (۱۳۳۰)	جلد۳	صفحہ ۳۲۸
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۸۴)	جلد۱	صفحہ ۱۷۹
قال الالبانی	صحیح		

۱۔ اللہ کے لئے ہی تمام تعریفیں ہیں اور اسی کا شکر ہے۔

۲۔ اللہ تمہیں اپنی رحمت سے سرفراز فرمائے۔

۳۔ اللہ تمہیں ہدایت نصیب فرمائے اور تمہارے حالات و معاملات درست فرمائے۔

جس آدمی کو چھینک آئے وہ **اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ** کہے اور سننے والا **يَرْحَمُكَ اللّٰهُ** کہے پھر وہی آدمی جسے چھینک آئی تھی **يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بالكم** کہے۔

اسلام کتنا ہمہ گیر اور پیارا دین ہے زندگی کے ہر موڑ اور اس کے ہر پہلو پر اس کی ہدایات موجود ہیں۔

کہتے ہیں کہ چھینک، اگر بیماری (زکام وغیرہ) سے نہ ہو، ایک نعمت ہے جس کے ذریعے دماغ ہلکا ہو جاتا ہے۔ اس کے ذریعے جو مادہ خارج ہوتا ہے اگر وہ نہ ہو تو دماغ بیماریوں میں جکڑا جائے۔ اس لئے چھینک آنے پر اللہ کا شکر بجالایا جائے۔

یہ دعاؤں کے تبادلے اخوت و بھائی چارہ کی دلیل ہیں آپس میں محبت و انس کا اظہار ہیں۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں ایک آدمی بیٹھا ہوا تھا اسے ایک مرتبہ چھینک آئی تو آپ نے جواب میں **يَرْحَمُكَ اللّٰهُ** فرمایا پھر دوبارہ اسے چھینک آئی اس پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اسے زکام کا عارضہ لاحق ہے۔

دوسری روایت میں ہے کہ:

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دوسری بار بھی **يَرْحَمُكَ اللّٰهُ** فرمایا اور جب تیسری مرتبہ اسے چھینک آئی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اسے زکام کی تکلیف ہے۔

اس باب میں ہمارے لئے حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیم یہ ہے

شَمِّتِ العَاطِسَ ثَلٰثاً فَمَا زَادَ فَإِنْ شِئْتَ فَشَمِّتْهُ وَإِنْ شِئْتَ فَلا۔

چھینک مارنے والے کے جواب میں تین دفعہ تک یَرْحَمُکَ اللّٰہ کہو اور اگر اس سے زائد اسے چھینک آئے تو تمہیں اختیار ہے یَرْحَمُکَ اللّٰہ کہو یا نہ کہو۔

-☆-

عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ:

اِذَا عَطَسَ اَحَدُکُمْ فَلْیُشَمِّتْهُ جَلِیْسُهُ ، وَاِنْ زَادَ عَلٰی ثَلاثَةٍ فَهُوَ مَزْکُوْمٌ ، وَلَا یُشَمَّتُ بَعْدَ ثَلاثٍ۔

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے سنا حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرما رہے تھے:

جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو اگر چھینکنے والا اَلْحَمْدُلِلّٰہِ کہے تو اس کے جواب میں اس کے پاس بیٹھنے والا یَرْحَمُکَ اللّٰہُ کہے اور تین مرتبہ سے زائد وہ چھینکے تو سمجھ لو اسے زکام ہے تین مرتبہ کے بعد جواب نہیں دینا۔

-☆-

عَنْ أَبِی مُوْسٰی رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ:

فَاِذَا عَطَسَ اَحَدُکُمْ فَحَمِدَ اللّٰهَ فَشَمِّتُوْهُ فَاِنْ لَمْ یَحْمَدِ اللّٰهَ فَلا تُشَمِّتُوْهُ۔

صحیح مسلم — رقم الحدیث (۲۹۹۲) — جلد۴ — صفحہ ۲۲۹۲

صحیح مسلم — رقم الحدیث (۷۳۸۸) — جلد۴ — صفحہ ۲۰۵

ترجمة الحديث،

حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے سنا حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرمارہے تھے:

جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے اور وہ اس پر اللہ تعالیٰ کی حمد کرے۔اَلْحَمْدُلِلّٰہِ ۔ کہے تو تم اس کے حق میں دعائے خیر کرو۔یَرْحَمُکَ اللّٰہ کہو۔اور اگر اس نے اللہ کی حمد بیان نہیں کی تو تم بھی اس کو۔یَرْحَمُکَ اللّٰہ کے ساتھ۔جواب مت دو۔

-☆-

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۸۴)	جلد۱	صفحہ۱۷۸
قال الالبانی	صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۴۸۸۴)	جلد۶	صفحہ۷۱۸
قال المحقق	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۶۶۴)	جلد۳	صفحہ۳۲۸
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۹۵۸۴)	جلد۱۵	صفحہ۷
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ :

عَطَسَ رَجُلَانِ عِنْدَ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – فَشَمَّتَ اَحَدُهُمَا وَلَمْ يُشَمِّتِ الْآخَرَ ، فَقَالَ الَّذِىْ لَمْ يُشَمِّتْهُ : عَطَسَ فُلَانٌ فَشَمَّتَّهُ ، وَعَطَسْتُ فَلَمْ تُشَمِّتْنِىْ ؟ فَقَالَ :

هٰذَا حَمِدَ اللّٰهَ ، وَاِنَّكَ لَمْ تَحْمَدِ اللّٰهَ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث(۶۲۲۱)	جلد۴	صفحہ۱۹۵۶
صحیح البخاری	رقم الحدیث(۶۲۲۵)	جلد۴	صفحہ۱۹۵۷
صحیح مسلم	رقم الحدیث(۲۹۹۱)	جلد۴	صفحہ۲۲۹۲
صحیح مسلم	رقم الحدیث(۷۴۸۶)	جلد۴	صفحہ۴۰۵
صحیح مسلم	رقم الحدیث(۷۴۸۷)	جلد۴	صفحہ۴۰۵
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث(۶۰۰)	جلد۲	صفحہ۳۶۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث(۶۰۱)	جلد۲	صفحہ۳۶۴
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث(۲۷۴۲)	جلد۳	صفحہ۹۵
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث(۵۰۳۹)	جلد۳	صفحہ۲۳۷
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث(۹۹۷۹)	جلد۹	صفحہ۹۳
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث(۳۷۱۳)	جلد۴	صفحہ۲۳۱
قال محمود محمد محمود	الحدیث متفق علیہ		
جامع الاصول	رقم الحدیث(۴۸۸۱)	جلد۶	صفحہ۷۱۷۰
قال المحقق	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث(۴۶۶۲)	جلد۳	صفحہ۳۲۸
قال الالبانی	متفق علیہ		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث(۱۱۹۰۱)	جلد۱۰	صفحہ۳۱۶
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث(۱۲۷۳۳)	جلد۱۱	صفحہ۱۰
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

ترجمۃ الحدیث،

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس دو آدمیوں کو چھینک آئی تو آپ نے ان میں سے ایک کو **یَرْحَمُکَ اللّٰہ** کہا اور دوسرے کو **یَرْحَمُکَ اللّٰہ** نہیں کہا۔ پس جس کیلئے آپ نے **یَرْحَمُکَ اللّٰہ** نہ کہا اس نے عرض کی:

فلاں آدمی کو چھینک آئی تو آپ نے اسے جواباً **یَرْحَمُکَ اللّٰہ** کہا اور مجھے چھینک آئی تو آپ نے مجھے جواباً **یَرْحَمُکَ اللّٰہ** نہیں کہا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اس شخص نے (جب اس کو چھینک آئی) **اَلْحَمْدُلِلّٰہِ** کہا اور تو نے **اَلْحَمْدُلِلّٰہِ** نہیں کہا۔

-☆-

عَنْ أَبِی هُرَيْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – : اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَی الْمُسْلِمِ سِتٌّ:

اِذَا لَقِيْتَهٗ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَاِذَا دَعَاکَ فَاَجِبْهُ، وَاِذَا اسْتَنْصَحَکَ فَانْصَحْ لَهٗ وَاِذَا عَطَسَ فَحَمِدَ اللّٰهَ فَشَمِّتْهُ وَاِذَا مَرِضَ فَعُدْهُ وَاِذَا مَاتَ فَاتَّبِعْهُ.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۱۶۲)	جلد ۲	صفحہ ۱۷۰۵
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۶۵۱)	جلد ۳	صفحہ ۴۳۶
مشکوٰۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۲۴۰)	جلد ۲	صفحہ ۱۵۵
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۸۳۲)	جلد ۹	صفحہ ۳۲
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۳۱۲)	جلد ۹	صفحہ ۱۷۹
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۱۵۱)	جلد ۱	صفحہ ۲۰۳
قال الالبانی	صحیح		
التیسیر شرح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۷۳۶)	جلد ۳	صفحہ ۳۰۸
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھ حق ہیں:

جب تو اس سے ملے تو السلام علیکم کہے۔

جب وہ تیری دعوت کرے تو اس دعوت کو قبول کرے۔

جب وہ تجھ سے نصیحت کا طلبگار ہو تو اسے نصیحت کرے۔

جب اسے چھینک آئے اور وہ الحمد للہ کہے تو اس کے جواب میں یرحمک اللہ کہے۔

جب وہ بیمار ہو تو اس کی عیادت، تیمارداری کرے۔

اور جب وہ مر جائے تو اس کی نماز جنازہ ادا کرے۔

-☆-

جامع الاصول	رقم الحدیث (۴۷۳۳)	جلد ۶	صفحہ ۲۰۵
قال المحقق	صحیح		
الترغیب والترهیب	رقم الحدیث (۳۹۸۶)	جلد ۳	صفحہ ۳۱۴
قال المحقق	صحیح		
الترغیب والترهیب	رقم الحدیث (۵۰۸۳)	جلد ۴	صفحہ ۳۱۱
قال المحقق	صحیح		
الترغیب والترهیب	رقم الحدیث (۵۱۳۶)	جلد ۴	صفحہ ۳۳۴
قال المحقق	صحیح		

چھینکنے والا کہے ----------------- اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

سننے والا بھائی جواباً کہے -------- يَرْحَمُکَ اللّٰهُ

چھینکنے والا پھر کہے --- يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا عَطَسَ اَحَدُكُمْ فَلْيَقُلْ : اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ، وَلْيَقُلْ لَهٗ اَخُوْهُ اَوْ صَاحِبُهٗ : يَرْحَمُکَ اللّٰهُ ، وَيَقُوْلُ هُوَ : يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۲۲۴)	جلد۴	صفحہ۱۹۵۷
السنن الکبری	رقم الحدیث (۹۹۸۹)	جلد۹	صفحہ۹۶
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۳۳۷)	جلد۴	صفحہ۴۰۷
قال المحقق	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۶۶۱)	جلد۴	صفحہ۳۴۷
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۸۸)	جلد۱	صفحہ۱۷۹
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۵۰۳۳)	جلد۳	صفحہ۲۳۶
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث؛

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو اسے چاہئے کہ وہ کہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اللہ کا شکر ہے۔اور (سننے والا) اس کا بھائی یا اس کا ساتھی اس کیلئے یہ دعا کرے:

يَرْحَمُكَ اللّٰه. (اللہ تجھ پر رحم کرے)۔چھینک مارنے والا پھر کہے:

يَهْدِيْكُمُ اللّٰه وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ.

اللہ تعالیٰ تمہیں ہدایت دے اور تمہارے حال کی اصلاح فرمائے۔

-☆-

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعُطَاسَ، وَيَكْرَهُ التَّثَاؤُبَ، فَإِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ وَحَمِدَ اللّٰهَ تَعَالَى كَانَ حَقًّا عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ سَمِعَهُ أَنْ يَقُوْلَ لَهُ:

يَرْحَمُكَ اللّٰهُ، وَأَمَّا التَّثَاؤُبُ فَإِنَّمَا هُوَ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَإِذَا تَثَاءَبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَرُدَّهُ مَا اسْتَطَاعَ فَإِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا تَثَاءَبَ ضَحِكَ مِنْهُ الشَّيْطَانُ.

صحیح البخاری — رقم الحدیث (٣٢٨٩) — جلد٢ — صفحہ١٠١٢
صحیح البخاری — رقم الحدیث (٦٢٢٣) — جلد٤ — صفحہ١٩٥٦
صحیح البخاری — رقم الحدیث (٦٢٢٦) — جلد٤ — صفحہ١٩٥٧
صحیح الجامع الصغیر — رقم الحدیث (١٨٨٣) — جلد١ — صفحہ٣٨٣
قال الالبانی — صحیح
صحیح ابن حبان — رقم الحدیث (٥٩٨) — جلد٢ — صفحہ٣٥٩
قال شعیب الارنؤوط — اسنادہ صحیح علی شرط مسلم
صحیح ابن حبان — رقم الحدیث (٢٣٥٨) — جلد٦ — صفحہ١٢٢
قال شعیب الارنؤوط — اسنادہ حسن

ترجمة الحديث،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بے شک اللہ تعالیٰ چھینک کو پسند فرماتا ہے اور جمائی کو ناپسند فرماتا ہے تو جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے اور وہ کہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ تو ہر مسلمان جو اسے سنے اس پر حق و لازم ہے کہ وہ کہے:

یَرْحَمُکَ اللّٰہ (اللہ تجھ پر رحم فرمائے)۔ اور جمائی شیطان کی طرف سے ہے پھر جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے تو اس کو اپنی طاقت کے مطابق روکے اور جب کوئی جمائی لیتا ہے تو شیطان ہنستا ہے۔

-☆-

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۷۴۶)	جلد۳	صفحہ۹۷
قال الالبانی	حسن صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۷۴۷)	جلد۳	صفحہ۹۷
قال الالبانی	حسن صحیح		
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۵۰۲۸)	جلد۳	صفحہ۴۳۵
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۹۹۷۱)	جلد۹	صفحہ۹۰
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۹۹۷۲)	جلد۹	صفحہ۹۱
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۹۹۷۳)	جلد۹	صفحہ۹۱
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۹۹۷۴)	جلد۹	صفحہ۹۱
جامع الاصول	رقم الحدیث (۳۸۸۷)	جلد۶	صفحہ۷۲۰
قال المحقق	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۶۶۰)	جلد۲	صفحہ۳۲۷
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۳۹۷)	جلد۹	صفحہ۲۳۷
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۶۳۳)	جلد۹	صفحہ۵۴۲
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

گدھے کی آواز سن کر

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم

عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ –:

اِذَا سَمِعْتُمْ صِیَاحَ الدِّیَكَةِ فَاسْأَلُوْا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ فَإِنَّهَا رَأَتْ مَلَكًا ، وَاِذَا سَمِعْتُمْ نَهِیْقَ الْحِمَارِ فَتَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطَانِ ، فَإِنَّهَا رَأَتْ شَیْطَانًا ۔

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۳۰۳)	جلد۲	صفحہ۱۰۱۶
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۷۲۹)	جلد۴	صفحہ۲۰۹۲
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۶۹۲۰)	جلد۴	صفحہ۲۵۶
السنن الکبریٰ للنسائی	رقم الحدیث (۱۰۷۱۴)	جلد۹	صفحہ۳۳۵
السنن الکبریٰ للنسائی	رقم الحدیث (۱۰۷۱۳)	جلد۹	صفحہ۳۳۵
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۱۰۰۵)	جلد۳	صفحہ۲۸۶
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۹۴۶۳)	جلد۱۱	صفحہ۱۴۷
قال المحقق	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب تم مرغ کی بانگ سنو تو اللہ تعالیٰ کا فضل مانگو کیونکہ اس وقت اس نے فرشتے کو دیکھا ہے اور جب تم گدھے کی آواز سنو تو اللہ تعالیٰ کی پناہ و حفاظت مانگو شیطان مردود سے کیونکہ اس نے شیطان کو دیکھا ہے۔

-☆-

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۱۱)	جلد ۱	صفحہ ۱۲۶
قال الالبانی:	صحیح		
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۱۱۳۲۷)	جلد ۱۰	صفحہ ۲۱۳
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۴۵۹)	جلد ۳	صفحہ ۴۲۷
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۰۵۰)	جلد ۸	صفحہ ۱۴۹
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۲۵۱)	جلد ۸	صفحہ ۲۶۰
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مشکوٰۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۳۵۵)	جلد ۳	صفحہ ۲
صحیح سنن ابو داؤد	رقم الحدیث (۵۱۰۲)	جلد ۳	صفحہ ۲۵۴
قال الالبانی	صحیح		

کتے اور گدھے کی آواز سن کر

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم

عَنْ جَابِرِبْنِ عَبْدِاللّٰهِ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

اِذَا سَمِعْتُمْ نُبَاحَ الْكِلَابِ وَنَهِیْقَ الْحَمِیْرِ بِاللَّیْلِ فَتَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ ، فَاِنَّهُنَّ یَرَیْنَ مَا لَا تَرَوْنَ.

صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۵۱۰۳)	جلد۳	صفحہ۲۵۴
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۵۱۷)	جلد۱۲	صفحہ۳۲۶
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ قوی		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۹۳۶۳)	جلد۱۱	صفحہ۷۱۵
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۳۰)	جلد۱	صفحہ۱۶۸
قال الالبانی:	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۳۸۱)	جلد۳	صفحہ۱۴
قال الالبانی:	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب تم رات کو کتوں کا بھونکنا اور گدھوں کی آواز سنو تو اعوذ باللہ پڑھو کیونکہ یہ وہ کچھ دیکھتے ہیں جو تم نہیں دیکھتے۔

-☆-

مشکاۃ المصابیح　رقم الحدیث (۴۳۴۲)　جلد۴　صفحہ۱۸۹

مسند الامام احمد　رقم الحدیث (۱۴۲۱۷)　جلد۱۱　صفحہ۴۰۳

قال حمزۃ احمد الزین　اسنادہ حسن

صحیح ابن حبان　رقم الحدیث (۵۵۱۸)　جلد۱۲　صفحہ۳۲۷

قال شعیب الارنؤوط　اسنادہ قوی

شیطان کی طرف سے وسوسہ کے وقت

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم

عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:
یَاْتِی الشَّیْطَانُ اَحَدَکُمْ فَیَقُوْلُ : مَنْ خَلَقَ کَذَا وَکَذَا حَتّٰی یَقُوْلَ : مَنْ خَلَقَ رَبَّکَ ، فَاِذَا بَلَغَ ذَالِکَ فَلْیَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ وَلْیَنْتَهِ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۲۷۶)	جلد۲	صفحہ۱۰۰۹
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۳۴)	جلد۱	صفحہ۱۱۹
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۳۳۵)	جلد۱	صفحہ۱۲۳
سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ	رقم الحدیث (۱۱)	جلد۱	صفحہ۱۸۳
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۴۳۰۰)	جلد۲	صفحہ۴۲۱
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۶۱۳)	جلد۲	صفحہ۲۶۸
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۷۹۹۳)	جلد۲	صفحہ۱۳۴۴
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۴۴۳)	جلد۹	صفحہ۴۴۶

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

شیطان تم میں سے کسی کے پاس آتا ہے پھر کہتا ہے: کس نے پیدا کیا اس کو اور اس کو؟ یہاں تک کہ یوں کہتا ہے کہ اچھا تیرے رب کو کس نے پیدا کیا۔ پھر جب تم میں سے کسی کو ایسا وسوسہ ہو تو پناہ مانگے اللہ کی شیطان سے یعنی

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھے

اور ایسے خیال سے رک جائے۔

-☆-

مشکوٰۃ المصابیح　رقم الحدیث (٦١)　جلد١　صفحہ ٨٥

قال الالبانی　متفق علیہ

شیطان جب اللہ تعالیٰ کے بارے میں وسوسہ ڈالے
تو اس وقت کہیے
آمَنْتُ بِاللّٰہِ

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ :
لَا یَزَالُ النَّاسُ یَتَسَاَلُوْنَ حَتّٰی یُقَالُ : ھٰذَا خَلَقَ اللّٰہُ الْخَلْقَ ، فَمَنْ خَلَقَ اللّٰہَ ؟
فَمَنْ وَجَدَ مِنْ ذٰلِکَ شَیْئًا فَلْیَقُلْ : آمَنْتُ بِاللّٰہِ.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۳۴)		جلد ۱	صفحہ ۱۱۹
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۳۴۳)	(۳۴۵)	(۳۴۶)	(۳۴۷)
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۳۴۸)	(۳۴۹)	(۳۵۰)	
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۳۴۰۰)		جلد ۲	صفحہ ۴۲۱
قال المحقق	صحیح			
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۶۱۳)		جلد ۲	صفحہ ۲۶۸
قال الالبانی	صحیح			
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۴۷۲۱)		جلد ۳	صفحہ ۱۵۵
قال الالبانی	صحیح			
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۴۴۳)		جلد ۹	صفحہ ۳۴۶=

ترجمۃ الحدیث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

لوگ سوالات کرتے رہیں گے یہاں تک کہ کہا جائے گا: یہ اللہ ہے جس نے مخلوق کو پیدا فرمایا۔ پس اللہ کو کس نے پیدا فرمایا ہے؟ پس جب کوئی اس قسم کا وسوسہ دل میں پائے تو اسے چاہئے کہ وہ کہے:

آمَنْتُ بِاللّٰهِ ۔ میں ایمان لایا اللہ تعالیٰ پر۔

-☆-

عَنْ اَبِی الْعَلَاءِ ، اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ اَبِی الْعَاصِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَتَی النَّبِیَّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – فَقَالَ:

یَارَسُوْلَ اللّٰهِ ! اِنَّ الشَّیْطَانَ قَدْ حَالَ بَیْنِیْ وَبَیْنَ صَلَاتِیْ وَقِرَاَتِیْ ، یُلَبِّسُهَا عَلَیَّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ –:

ذَاکَ شَیْطَانٌ یُقَالُ لَهٗ خِنْزَبٌ ، فَاِذَا اَحْسَسْتَهٗ فَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنْهُ ، وَاتْفُلْ عَلٰی یَسَارِکَ ثَلَاثًا ، قَالَ:

فَفَعَلْتُ ذٰلِکَ فَاَذْهَبَهُ اللّٰهُ عَنِّی.

صحیح مسلم رقم الحدیث (۲۲۰۳) جلد۴ صفحہ۱۷۲۸

مسند الامام احمد رقم الحدیث (۸۳۵۸) جلد۸ صفحہ۲۹۵

قال احمد محمد شاکر اسنادہ صحیح

السنن الکبریٰ رقم الحدیث (۱۰۴۳۳) (۱۰۴۳۴) جلد۹ صفحہ۴۳۶

سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ رقم الحدیث (۱۱۶) جلد۱ صفحہ۱۸۱

صحیح ابن حبان رقم الحدیث (۶۷۳۳) جلد۱۵ صفحہ۱۷۷

قال شعیب الارنؤوط اسنادہ صحیح

صحیح مسلم رقم الحدیث (۵۷۳۸) (۵۷۳۹) (۵۷۴۰)

ترجمة الحديث،

حضرت ابوالعلاء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کی:

یارسول اللہ! شیطان میری نماز میں حائل ہوگیا ہے اور مجھ کو قرآن بھلا دیتا ہے۔ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اس شیطان کا نام خنزب ہے جب آپ اسے محسوس کریں تو اللہ تعالیٰ کی پناہ وحفاظت مانگئے اور تین مرتبہ بائیں ہاتھ تھوک دیجئے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

میں نے ایسا ہی کیا پھر اللہ تعالیٰ نے اس شیطان کو مجھ سے دور کردیا۔

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۷۶۹۶)	جلد۲	صفحہ۱۲۷۳
قال الالبانی:	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۳۲۵)	جلد۹	صفحہ۳۳۶
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۶۲)(۷۱)(۷۴)	جلد۱	صفحہ۸۵/۸۸/۸۹
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۱۹۳)	جلد۸	صفحہ۳۳۶
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۰۰۴)	جلد۹	صفحہ۸۲
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۴۳۷۶)	جلد۶	صفحہ۳۶۵
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۴۰۲)	جلد۲	صفحہ۳۶۲
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۶۱۵)	جلد۲	صفحہ۲۶۹
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۸۲۳)	جلد۱۳	صفحہ۵۴۰
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۸۲۴)	جلد۱۳	صفحہ۵۴۰
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۸۳۶۶)	جلد۹	صفحہ۵۲
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۸۳۶۷)(۸۳۶۸)	جلد۹	صفحہ۵۳

شیطان رات انسان کو تھپکی دیتا ہے کہ وہ نماز ادا نہ کرے

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلہٖ وَسَلَّمَ قَالَ: یَعْقِدُ الشَّیْطَانُ عَلٰی قَافِیَۃِ رَأْسِ اَحَدِکُمْ اِذَا ھُوَ نَامَ ثَلاَثَ عُقَدٍ یَضْرِبُ عَلٰی کُلِّ عُقْدَۃٍ: عَلَیْکَ لَیْلٌ طَوِیْلٌ فَارْقُدْ فَاِنِ اسْتَیْقَظَ فَذَکَرَ اللّٰہَ انْحَلَّتْ عُقْدَۃٌ فَاِنْ تَوَضَّاَ انْحَلَّتْ عُقْدَۃٌ فَاِنْ صَلّٰی انْحَلَّتْ عُقَدُہٗ کُلُّھَا فَاَصْبَحَ نَشِیْطًا طَیِّبَ النَّفْسِ وَاِلَّا اَصْبَحَ خَبِیْثَ النَّفْسِ کَسْلَانَ.

سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۳۲۹)	جلد۲	صفحہ۱۳۲
قال محمود محمد محمود	الحدیث متفق علیہ		
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۱۴۲)	جلد۱	صفحہ۳۳۱
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۲۶۹)	جلد۲	صفحہ۱۰۰۸
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۸۱۰۷)	جلد۲	صفحہ۱۳۲۷
قال الالبانی	صحیح		
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۷۷۶)	جلد۱	صفحہ۵۳۸
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۱۳۰۶)	جلد۱	صفحہ۳۵۷
قال الالبانی	صحیح		

ترجمۃ الحدیث،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کوئی شخص سوجاتا ہے تو شیطان اس کے سر کے پچھلے حصے پر تین گرہیں لگاتا ہے اور ہر گرہ کو ان لفظوں سے بند کرتا ہے۔ تیرے سامنے بہت لمبی رات ہے سوجا۔

پس جب وہ بیدار ہو تو وہ اللہ کا ذکر کرے تو ایک گرہ کھل جاتی ہے۔ اس کے بعد اگر وضو کرے تو ایک اور گرہ کھل جاتی ہے اور پھر اگر وہ نماز پڑھے تو اسکی تمام گرہیں کھل جاتی ہیں اور وہ صبح کو ہوشیار اور پاکیزہ نفس ہوتا ہے۔ ورنہ وہ صبح کو خبیث النفس اور سست ہوتا ہے۔

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۷۳۰۶)	جلد۷	صفحہ۱۳۲
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۱۱۷۹)	جلد۵	صفحہ۳۹
قال الالبانی	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۸۹۳)	جلد۱	صفحہ۳۷۵
قال المحقق	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۹۳۳)	جلد۱	صفحہ۳۹۹
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۶۱۳)	جلد۱	صفحہ۳۹۵
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۶۲۷)	جلد۱	صفحہ۴۰۹
قال الالبانی	صحیح		
مشکوٰۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۱۷۹)	جلد۱	صفحہ۳۳
قال الالبانی	متفق علیہ		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۵۵۳)	جلد۶	صفحہ۲۹۳
قال شعیب الارناؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۱۶۰۶)	جلد۱	صفحہ۵۲۳
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۷۳۳۳)	جلد۷	صفحہ۳۳۲
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		

حاکم وقت کے ظلم سے بچاؤ کے لئے

اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وربَّ الْعَرْشِ الْعَظِیمِ کُنْ لِی جاراً مِنْ شَرِّ فُلانِ بْنِ فُلانٍ وشَرِّ الجِنِّ وَالإنْسِ وَاَتْبَاعِھِم اَنْ یَفْرُطَ عَلَیَّ اَحَدٌ مِنْھُمْ اَوْ أنْ یَطْغٰی عَزَّ جارُکَ وَجَلَّ ثَنَاۤئُکَ ولاَ اِلٰہَ غَیْرُکَ

عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ :

اِذَاتَخَوَّفَ اَحَدُکُمُ السُّلْطَان فَلْیَقُلْ:

اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ ورَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیمِ کُنْ لِی جَاراً مِنْ شَرِّ فُلانِ بْنِ فُلانٍ – یَعْنِی الَّذِیْ یُرِیْدُہٗ – وشَرِّ الجِنِّ وَالإنْسِ وَاَتْبَاعِھِم اَنْ یَفْرُطَ عَلَیَّ اَحَدٌ مِنْھُمْ اَوْأنْ یَطْغٰی – عَزَّ جَارُکَ وَجَلَّ ثَنَاۤئُکَ وَلَا اِلٰہَ غَیْرُکَ.

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کسی کو کسی حاکم وقت سے ڈر ہو کہ وہ زیادتی کرے گا تو اسے چاہیے کہ یوں دعا مانگے۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ کُنْ لِی جَاراً مِنْ شَرِّ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ وَشَرِّ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَاَتْبَاعِھِم اَنْ یَفْرُطَ عَلَیَّ اَحَدٌ مِنْھُمْ اَوْاَنْ یَطْغٰی – عَزَّ جَارُکَ وَجَلَّ ثَنَائُکَ وَلَا اِلٰہَ غَیْرُکَ.

اے اللہ! اے سات آسمانوں کے رب! اے عرش عظیم کے رب! میرا محافظ بن جا فلاں بن فلاں کے شر سے۔ شیاطین جن وانس کے شر سے اور ان کے حمایتیوں کے شر سے یہ کہ ان میں سے کوئی بھی مجھ پر زیادتی نہ کر سکے اور نہ ظلم کر سکے۔ تیری پناہ میں آنے والا بڑا باعزت ہے۔ تیری حمد وثناء بڑی باعظمت ہے اور تیرے سوا کوئی الٰہ (لائق بندگی) نہیں۔

-☆-

حاکم کے شر سے بچاؤ کے لئے اس سے بڑے حاکم سے درخواست کی جاتی ہے۔ دنیا کے حاکموں کی حکومتیں عارضی اور ناپائیدار ہیں۔ وہ اپنی حاکمیت میں بھی دوسرے افراد کے محتاج ہیں۔ اس لئے اگر ان میں سے کوئی ظلم وستم کی طرف مائل ہو تو اس حاکم مطلق جل جلالہ سے درخواست مناسب

مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۱۷۱۳۵)	جلد ۱۰	صفحہ ۱۹۸
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۱۷۳۳۹)	جلد ۱۰	صفحہ ۳۰۰
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۳۳۰۸)	جلد ۳	صفحہ ۱۳۳
قال المحقق	حسن		
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۹۷۹۵)	جلد ۱۰	صفحہ ۱۵
صحیح الادب المفرد	رقم الحدیث (۵۴۵/۷۰۷)	جلد ۱	صفحہ ۲۶۳
قال الالبانی	صحیح		

ہے ۔جس کی حاکمیت ازلی، ابدی اور دائمی ہے اور اپنی حاکمیت میں کسی کا محتاج نہیں ہے۔جس کے ایک اشارے سے نظام کائنات تہہ وبالا ہوسکے ۔جس نے بڑے بڑے فرعونوں کے غرور کو خاک میں ملا دیا ہو۔وہ ذات صرف اور صرف اللہ کی ہے اس لئے جب اس کے حضور عرض کی جائے گی تو دنیا کا کوئی بھی ظالم حکمران اذیت نہیں پہنچا سکے گا۔

-☆-

سخت خطرے کے وقت

اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا

عَنْ اَبِی سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ :

قُلْنَا یَوْمَ الْخَنْدَق : یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ! ھَلْ مِنْ شَیْئٍ نَقُوْلُہُ فَقَدْ بَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ قَالَ:

نَعَمْ اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا ، قَالَ : فَضَرَبَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ وُجُوْہَ اَعْدَائِہٖ بِالرِّیْحِ فَھَزَمَھُمُ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ بِالرِّیْحِ ۔

ترجمة الحديث،

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے غزوہ خندق کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کی:

یارسول اللہ! اس نازک وقت میں جب دہشت اور خوف سے ہمارے دل گلوں تک پہنچ گئے ہیں کیا کوئی دعا ہے جسے ہم اللہ کی بارگاہ سے مانگیں آپ نے ارشاد فرمایا:

ہاں! یہ دعا مانگیے:

اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا

اے اللہ! ہمارے عیبوں پر پردہ ڈال دے اور ہماری گھبراہٹ اور خوف کو امن وسکون نصیب فرما دے۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

اللہ تعالیٰ نے پھر آندھی بھیجی جس سے دشمنوں کے چہرے پھیر دیئے اور اللہ نے صرف اس آندھی کے ذریعے انہیں شکست سے دوچار کر دیا۔

-☆-

مجمع الزوائد رقم الحدیث (۱۷۱۳۵) جلد ۱۰ صفحہ ۱۹۸

مسند الامام احمد رقم حدیث (۱۰۹۳۸) جلد ۱۰ صفحہ ۹

قال حمزہ احمد الزین اسنادہ صحیح

آئینہ دیکھتے وقت

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ الَّذِیْ سَوّٰی خَلْقِیْ وَاَحْسَنَ صُوْرَتِیْ وَزَانَ مِنِّیْ مَا شَانَ مِنْ غَیْرِیْ

عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ :

کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا نَظَرَفِی الْمِرْآةِ قَالَ :

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ الَّذِیْ سَوّٰی خَلْقِیْ وَاَحْسَنَ صُوْرَتِیْ وَزَانَ مِنِّیْ مَاشَانَ مِنْ غَیْرِیْ ۔

ترجمۃ الحدیث،

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب آئینہ دیکھتے تو یہ دعا پڑھا کرتے تھے:

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ الَّذِیْ سَوّٰی خَلْقِیْ وَاَحْسَنَ صُوْرَتِیْ وَزَانَ مِنِّیْ مَاشَانَ مِنْ غَیْرِیْ ۔

مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۱۷۱۴۳)	جلد ۱۰	صفحہ ۲۰۱
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۱۷۱۴۴)	جلد ۱۰	صفحہ ۲۰۱
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۱۰۷۶۶)	جلد ۱۰	صفحہ ۳۱۴

تمام تعریفیں اللہ کے لئے جس نے میری تخلیق نہایت درست اور موزوں بنائی اور میری صورت کو حسین تر بنایا اور مجھے ایسی زیبائی اور دلکشی عطا فرمائی جو میرے علاوہ بعض کو نہ نصیب ہوئی۔

-☆-

بسا اوقات انسان آئینہ میں اپنا حسن و جمال دیکھ کر غلط فہمی میں مبتلا ہو جاتا ہے اور اس کے اندر کا چور کہتا ہے کہ یہ حسن کی رعنائیاں تیرا ذاتی کمال ہے۔ حاشا وکلا مسلمان تو کبھی ایسا سوچتا بھی نہیں کیونکہ اس کا ایمان ہے کہ اس کے جملہ کمالات و خصائل اس کے نہیں بلکہ اللہ کے عطیات ہیں۔

انسان خلیفۃ اللہ ہے اور اسے اللہ تعالیٰ نے حسین صورت سے نوازا ہے۔ اس لئے اسے چاہیے کہ اپنے لباس میں اپنی چال ڈھال میں نفاست و عمدگی کو مدنظر رکھے۔ لباس اگرچہ سادہ ہی کیوں نہ ہو پھر بھی اس طریقہ سے زیب تن کیا جائے کہ اس سے حسن اور شائستگی جھلک رہی ہو۔ آئینہ دیکھنے میں یہی حکمت کارفرما ہے۔

حضور رسول عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان چیزوں کی کوئی ضرورت نہیں پھر بھی آپ تعلیم امت کے لئے اپنے لباس کا خاص خیال رکھتے اور گھر سے باہر نکلنے سے پہلے آئینہ دیکھتے تھے۔

وَقَدْ کَانَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ الْخُرُوْجَ یُسَوِّیْ عِمَامَتَہٗ وَشَعْرَہٗ وَیَنْظُرُ وَجْھَہٗ فِی الْمِرْاٰۃِ۔ قَالَتْ عَائِشَۃُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا:

اَوَتَفْعَلُ ذٰلِکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ:

نَعَمْ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ مِنَ الْعَبْدِ اَنْ تَزَیَّنَ لِاِخْوَانِہٖ اِذَا خَرَجَ اِلَیْھِمْ۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب گھر سے باہر نکلنے کا ارادہ فرماتے اپنی پگڑی مبارک اور بالوں کو درست فرماتے اور اپنا رخ انور آئینہ میں ملاحظہ فرماتے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی:

یا رسول اللہ! آپ بھی ایسا کرتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

ہاں! اللہ تعالیٰ اس بات کو پسند فرماتا ہے کہ اس کا بندہ جب اپنے دینی بھائیوں کے پاس جائے تو آراستہ ہو کر جائے۔

علماء کرام جو اشاعت وتبلیغ دین کے لئے ہر وقت مصروف رہتے ہیں انہیں اپنے باطن کے ساتھ اپنے ظاہر کا بھی خیال رکھنا چاہیے۔ کیونکہ عام آدمی پہلے ظاہری صورت سے متاثر ہوتا ہے پھر سیرت وکردار سے۔ علماء کے ظاہر سے نفاست عمدگی، شائستگی اور وقار جھلکنا چاہیے۔ اس کا یہ مفہوم ہرگز نہیں کہ تکلفات کو اپنا شیوہ بنالیا جائے اور قیمتی لباس پہننے کی عادت اپنائی جائے حالانکہ سادگی میں ہی اصل حسن ووقار ہے۔

-☆-

آئینہ دیکھتے وقت

اَللّٰهُمَّ كَمَا اَحْسَنْتَ خَلْقِيْ فَأَحْسِنْ خُلُقِيْ وَحَرِّمْ وَجْهِيْ عَلَى النَّارِ

عَنْ عَائِشَةَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا – قَالَتْ : كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – يَقُوْلُ:

اَللّٰهُمَّ كَمَا اَحْسَنْتَ خَلْقِيْ فَأَحْسِنْ خُلُقِيْ وَحَرِّمْ وَجْهِيْ عَلَى النَّارِ۔

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۳۰۷)	جلد ۱	صفحہ ۲۸۰
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۶۵۷)	جلد ۳	صفحہ ۱۲
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۳۹۳۰)	جلد ۳	صفحہ ۳۹۵
قال المحقق	حسن		
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۱۲۶۵۷)	جلد ۸	صفحہ ۲۵
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۱۷۳۶۳)	جلد ۱۰	صفحہ ۱۷۳
مسند الامام احمد	رقم حدیث (۲۴۲۷۳)	جلد ۱۷	صفحہ ۳۱۸
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

ترجمة الحديث،

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یوں دعا کیا کرتے تھے:

اے اللہ! جیسے تو نے میری صورت کو حسین بنایا ایسے ہی میری سیرت واخلاق کو بھی حسین کر دے اور میرا یہ چہرہ جہنم کی آگ پر حرام کر دے۔

-☆-

کتنی عمدہ تعلیم ہے۔قربان جائیں اس دین حنیف پر جس نے ہر حالت میں سیرت و کردار کو مدنظر رکھا ہے۔

انسان کی صورت سب مخلوقات کی صورتوں سے حسیں ہے۔

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْٓ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ۔

یقیناً ہم نے انسان کو حسین ترین صورت میں پیدا فرمایا۔

اب تقاضا یہ ہے کہ ہماری سیرت، ہماری صورت سے زیادہ حسین وجمیل اور دلکش ہو پس جس کی سیرت اس کی صورت سے زیادہ پیاری ہو گی اللہ اس پر آتش جہنم بھی حرام فرمادے گا۔

-☆-

مسند الامام احمد رقم حدیث (۲۵۰۹۹) جلد ۱۷ صفحہ ۵۴۵

قال حمزہ احمد الزین اسنادہ صحیح

مجمع الزوائد رقم الحدیث (۱۷۳۶۴) جلد ۱۰ صفحہ ۱۷۴

آئینہ دیکھتے وقت ایک اور دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ سَوّٰی خَلْقِی فَعَدَلَہٗ وَصَوَّرَ صُوْرَۃَ وَجْھِیْ فَاَحْسَنَھَا وَجَعَلَنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنِ

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ :

کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اِذَا نَظَرَ وَجْھَہٗ فِی الْمِرْاٰۃِ قَالَ :

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سَوّٰی خَلْقِی فَعَدَلَہٗ وَصَوَّرَ صُوْرَۃَ وَجْھِیْ فَاَحْسَنَھَا وَجَعَلَنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔

ترجمة الحديث،

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھتے تو یہ دعا پڑھا کرتے تھے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سَوّٰی خَلْقِی فَعَدَلَہٗ وَصَوَّرَ صُوْرَۃَ وَجْھِیْ فَاَحْسَنَھَا وَجَعَلَنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔

تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے میرے جسم کی تخلیق فرمائی پس اس کی تخلیق نہایت مناسب اور عمدہ فرمائی ۔اس نے میرے چہرے کی تصویر بنائی پس اسے حسین تر بنا دیا اور سب سے بڑا احسان یہ فرمایا کہ مجھے مسلمانوں میں سے کر دیا۔

-☆-

یہاں بھی اللہ کی حمد وثنا کر کے اس کی رحمتوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے کی سعی کی گئی ہے۔اس کا یہ فائدہ ہے کہ انسان عجب وتکبر وغیرہ رذیل عادات میں گرفتار نہیں ہوتا اور اللہ کی اس بات پر تعریف وتوصیف کرتا ہے کہ اس نے مجھے مسلمان بنایا ہے یہ اس خواہش کا اظہار ہے کہ اللہ مجھے ہمیشہ ہی اپنا اطاعت گزار اور ہر حکم کے سامنے سر تسلیم خم کرنے والا بنائے رکھے۔

-☆-

جہاد کرتے وقت

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ عَضُدِیْ وَنَصِیْرِیْ ، بِکَ اَحُوْلُ ، وَبِکَ اَصُوْلُ ، وَبِکَ اُقَاتِلُ

عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ :

کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اِذَا غَزَا قَالَ :

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ عَضُدِیْ وَنَصِیْرِیْ ، بِکَ اَحُوْلُ ، وَبِکَ اَصُوْلُ ، وَبِکَ اُقَاتِلُ.

صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۲۳۶۶)	جلد ۷	صفحہ ۴۹۶
قال الالبانی	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
صحیح سنن ابو داؤد	رقم الحدیث (۲۶۳۲)	جلد ۲	صفحہ ۱۳۱
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۵۸۴)	جلد ۳	صفحہ ۴۷۱
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۴۷۶۱)	جلد ۱۱	صفحہ ۷۶
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۸۵۷۶)	جلد ۸	صفحہ ۲۹

ترجمة الحديث،

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب جہاد فرماتے تو یہ دعا مانگتے:

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ عَضُدِىْ وَنَصِيْرِىْ ، بِكَ اَحُوْلُ ، وَبِكَ اَصُوْلُ ، وَبِكَ اُقَاتِلُ.

اے اللہ! تو ہی میرا سہارا اور مددگار ہے۔ میں تیری ہی قوت سے طاقت حاصل کرتا ہوں۔ تیری ہی عطا فرمودہ طاقت سے حملہ کرتا ہوں اور تیری ہی مدد و اعانت سے جہاد کرتا ہوں۔

-☆-

السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۳۶۵)	جلد۹	صفحہ۲۲۳
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۲۸۴۳)	جلد۱۱	صفحہ۳۶
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۱۰۲۹)	جلد۲	صفحہ۳۹۷
مشکوٰۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۳۷۴)	جلد۳	صفحہ۱۱

جب پسندیدہ چیز دیکھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ

عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ :
كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا رَاٰی مَا يُحِبُّ قَالَ:
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ ، وَاِذَا رَاٰی مَا يَكْرَهُ قَالَ:
اَلْحَمْدُلِلّٰهِ عَلٰی كُلِّ حَالٍ.

ترجمة الحديث،

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب ایسی چیز کو دیکھتے جو انہیں پسند ہوتی ، اچھی لگتی تو کہتے:

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ.

تمام تعریفیں اللہ کیلئے جس کی نعمت کے سبب صالحات مکمل ہوتی ہیں ۔ اور جب کسی ایسی چیز کو دیکھتے جو ناپسند ہوتی تو کہتے:

صحیح الاذکار من کلام خیر الابرار رقم الحدیث (۱۳) صفحہ ۱۹

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ۔

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے ہر حال میں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِى بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس کے انعام واحسان سے تمام بھلائیاں مکمل ہوتی ہیں۔

ان الفاظ سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ کچھ مانگا نہیں گیا بلکہ صرف اللہ کی حمد وثناء کی گئی ہے۔یادر ہے کہ اللہ کی حمد وثناء کرنا ہی اس سے سب کچھ مانگنا ہے۔اللہ کے ذکر وفکر، تسبیح ومناجات میں مگن رہنے والے ہر قسم کی نعمتوں سے سرفراز ہوا کرتے ہیں۔

شیخ المشائخ عارف باللہ حضرت قاضی محمد سلطان عالم رحمہ اللہ فرمایا کرتے تھے:

جو کچھ ہم نے کسی کو ذکر وفکر بتایا ہے اگر انسان اسے پورا کرتا رہے تو اسے کسی چیز کی کمی نہ ہوگی بشرطیکہ وہ لالچی نہ ہو جائے۔

بے شمار شہادتیں موجود ہیں کہ آپ کے بتائے ہوئے طریقہ کے مطابق ذکر وفکر کرنے والے کو کسی چیز کی کمی نہیں رہی۔

-☆-

جب ناپسندیدہ چیز دیکھے
اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ

عَنْ عَائِشَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا قَالَتْ :
کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ اِذَا رَاٰی مَایُحِبُّ قَالَ:
اَلْحَمْدُلِلّٰہِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِہٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ ، وَاِذَا رَاٰی مَایَکْرَہُ قَالَ:
اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ۔

ترجمۃ الحدیث،

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب ایسی چیز کو دیکھتے جو انہیں پسند ہوتی ، اچھی لگتی تو کہتے:

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِہٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ۔

تمام تعریفیں اللہ کیلئے جس کی نعمت اور کرم سے تمام بھلائیاں مکمل ہوتی ہیں ۔ اور جب کسی ایسی چیز کو دیکھتے جو ناپسند ہوتی تو کہتے:

صحیح الاذکار من کلام خیر الابرار رقم الحدیث (۱۴) صفحہ ۱۹۱

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ.

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے ہر حال میں۔

-☆-

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ – :

مَا اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلٰی عَبْدٍ نِعْمَۃً فَقَالَ:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اِلاَّ کَانَ الَّذِیْ اَعْطَاہُ اَفْضَلَ مِمَّا اَخَذَ.

ترجمة الحديث،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب اللہ تعالیٰ کسی بندے پر انعام فرمائے تو وہ یوں کہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ.　　　اللہ کا شکر ہے۔

تو جو اس نے زبان سے (کلمہ شکر) ادا کیا وہ افضل ہے اس سے جو اس نے انعام حاصل کیا۔

-☆-

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۵۵۶۳)	جلد۲	صفحہ۹۷۵
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر (۲)	رقم الحدیث (۷۸۳۰)	جلد۵	صفحہ۵۰۳
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الاذکار من کلام خیر الابرار	رقم الحدیث (۱۳۲)		صفحہ۱۹۱
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۸۰۵)	جلد۴	صفحہ۳۸۷
قال محمود محمد محمود	الحدیث حسن		
صحیح سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۸۷۳)	جلد۳	صفحہ۳۲۵
قال الالبانی	الحدیث حسن		

قرآن کریم پڑھ کر پھونک لگانا
شیطان کے اثرات سے بچاتا ہے

عَنْ اَبِی سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ:

اَنَّ نَاسًا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ – اَتَوْا عَلٰی حَیٍّ مِنْ اَحْیَاءِ الْعَرَبِ فَلَمْ یَقْرُوْھُمْ ، فَبَیْنَمَاھُمْ کَذٰلِکَ اِذْ لُدِغَ سَیِّدُ اُوْلٰٓئِکَ فَقَالُوْا:

ھَلْ مَعَکُمْ مِنْ دَوَاءٍ اَوْرَاقٍ ؟ فَقَالُوْا:

اِنَّکُمْ لَمْ تَقْرُوْنَا ، وَلَا نَفْعَلُ حَتّٰی تَجْعَلُوْا لَنَا جُعْلًا ، فَجَعَلُوْا لَھُمْ قَطِیْعًا مِنَ الشَّاءِ ، فَجَعَلَ یَقْرَأُ بِاُمِّ الْقُرْآنِ ، وَیَجْمَعُ بُزَاقَہٗ وَیَتْفُلُ ، فَبَرَأَ فَاَتَوْا بِالشَّاءِ ، فَقَالُوْا:

لَا نَاْخُذُہٗ حَتّٰی نَسْاَلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ ، فَسَاَلُوْہُ فَضَحِکَ وَقَالَ:

وَمَا اَدْرَاکَ اَنَّھَا رُقْیَۃٌ ، خُذُوْھَا وَاضْرِبُوْا لِیْ بِسَھْمٍ۔

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۲۲۷۶)	جلد۲	صفحہ۶۷۱
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۰۰۷)	جلد۳	صفحہ۱۶۱۴
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۷۳۶)	جلد۴	صفحہ۱۸۳۴
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۷۴۹)	جلد۴	صفحہ۱۸۳۵

ترجمة الحديث،

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا:

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں سے کچھ اشخاص قبائل عرب میں سے کسی قبیلہ کے پاس آئے تو قبیلہ والوں نے ان کی ضیافت نہ کی۔اس دوران اس قبیلہ کے سردار کو زہریلے بچھو نے ڈنگ مارا تو قبیلہ والوں نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے کہا:

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۲۰۱)	جلد۴	صفحہ۱۷۲۷
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۹۳۷)	جلد۱۰	صفحہ۵
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۱۰۱۲)	جلد۱۰	صفحہ۳۳
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۱۳۳۷)	جلد۱۰	صفحہ۱۳۹
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۶۱۱۲)	جلد۱۳	صفحہ۴۷۶
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۶۱۱۳)	جلد۱۳	صفحہ۴۸۰
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۲۱۵۶)	جلد۳	صفحہ۱۳
قال محمود محمد محمود	الحدیث متفق علیہ		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۰۶۳)	جلد۲	صفحہ۴۰۷
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۷۴۹۰)	جلد۷	صفحہ۷۰
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۰۶۴)	جلد۲	صفحہ۴۰۸
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۷۴۹۱)	جلد۷	صفحہ۷۱
السنن الکبری	رقم الحدیث (۷۵۰۵)	جلد۷	صفحہ۷۶
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۷۹۹)	جلد۹	صفحہ۳۷۷
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۸۰۰)	جلد۹	صفحہ۳۷۸
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۸۰۱)	جلد۹	صفحہ۳۷۸

کیا تمہارے پاس کوئی دوا ہے یا کوئی دم کرنے والا ہے؟ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے کہا:

تم نے ہمارے مہمان نوازی نہیں کی اور ہم دم نہیں کریں گے۔ یہاں تک کہ تم ہمیں اجرت نہ دو۔

تو قبیلہ والوں نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کیلئے ایک ریوڑ بکریاں اجرت مقرر کی، تو (حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ) نے سورت فاتحہ پڑھنی شروع کر دی اور تھوک منہ میں جمع کرتے اور اس پر تھوکتے رہے تو وہ سردار تندرست ہو گیا۔

قبیلہ والے بکریوں کا ریوڑ لے کر لے آئے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے کہا اس وقت تک ہم نہیں لیں گے جبتک حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھ نہ لیں تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس حکم کے متعلق دریافت کیا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسکرائے اور حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

تمہیں کیسے معلوم ہوا کہ سورۃ فاتحہ رقیہ ہے، بکریاں لے لو (اور ان کو آپس میں تقسیم کر لو) اور میرے لئے بھی حصہ رکھ لو۔

-☆-

جب نیا پھل ملے

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ :

کَانَ النَّاسُ اِذَارَاَوْا اَوَّلَ الثَّمَرِ جَاؤُوْا بِهٖ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – فَاِذَا اَخَذَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ :

سُبْحَانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

ان میں سے جس سے چاہے ابتدا کیجئے۔

-☆-

بندہ، حقیقی بندہ اللہ تعالیٰ کے احکامات پر دل وجان سے عمل کرتا ہے۔وہ اپنا ہر قول وفعل دیکھتا ہے کہ کیا ایسا کہنے سے یا ایسا کرنے سے خالق ومالک راضی ہوتا ہے یا نہیں۔اگر اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی کا اسے علم ہو تو وہ اس کو دل وجان سے سرانجام دیتا ہے۔

یہ کلمات طیبات:

السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۶۱۵)	جلد ۹	صفحہ ۳۱۴
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۸۳۵)	جلد ۳	صفحہ ۱۱۶
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۸۳۹)	جلد ۳	صفحہ ۱۲۰
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۹۹۸۹)	جلد ۱۵	صفحہ ۱۲۸
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۰۰۰۷)	جلد ۱۵	صفحہ ۱۳۲
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۰۱۰۰)	جلد ۱۵	صفحہ ۱۵۵
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۸۱۱)	جلد ۴	صفحہ ۲۹۰
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
مشکوٰۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۲۳۳)	جلد ۲	صفحہ ۳۳۴

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ۔

اللہ تعالیٰ کو بڑے محبوب ہیں اور خدائے ذوالجلال ان کلمات کے ادا کرنے والے سے بھی محبت فرماتا ہے۔ جو فرد ہمیشہ خلوص دل سے ان کلمات طیبات کا ورد کرتا ہے خالق ومالک اس سے راضی ہوتا ہے، اس سے خوش ہوتا ہے اور اسے اپنا محبوب بنالیتا ہے۔ جسے اللہ تعالیٰ اپنا پیارا بنالے وہ دونوں جہاں میں سرفراز ہے اور فیروز بختی اس کے ماتھے کی زینت ہے۔

-☆-

روزانہ ایک ہزار نیکی

عَنْ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ:
أَيَعْجِزُ اَحَدُكُمْ ، اَنْ يَكْسِبَ كُلَّ يَوْمٍ اَلْفَ حَسَنَةٍ ؟ يُسَبِّحُ اللّٰهَ مِائَةَ تَسْبِيْحَةٍ ، فَيُكْتَبُ اللّٰهُ لَهُ بِهَا اَلْفَ حَسَنَةٍ ، وَيَحُطُّ عَنْهُ بِهَا اَلْفَ خَطِيْئَةٍ.

الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۲۲۸۹)	جلد۲	صفحہ۴۰۵
قال المحقق	ھذا حدیث صحیح		
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۶۹۸)	جلد۴	صفحہ۲۰۷۳
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۴۶۳)	جلد۳	صفحہ۴۲۹
قال الالبانی	ھذا حدیث حسن صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۴۹۶)	جلد۲	صفحہ۲۳۳
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۵۶۳)	جلد۲	صفحہ۲۶۱
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۶۱۲)	جلد۲	صفحہ۲۷۹
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۶۱۳)	جلد۲	صفحہ۲۷۹
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

کیا تم میں سے ہر آدمی روزانہ ایک ہزار نیکی نہیں کر سکتا اللہ کی تسبیح بیان کیجئے یعنی سبحان اللہ کہئے سو مرتبہ اس کے بدلے اللہ تعالیٰ ہزار نیکیاں لکھ دیتا ہے اور ہزار گناہ مٹا دیتا ہے۔

-☆-

صحیح الترغیب والترھیب　رقم الحدیث (۱۵۴۴)　جلد۲　صفحہ ۴۲۹
قال الالبانی　ھذا حدیث صحیح
السنن الکبری　رقم الحدیث (۹۹۰۵)　جلد۹　صفحہ ۶۷
السنن الکبری　رقم الحدیث (۹۹۰۶)　جلد۹　صفحہ ۶۷
صحیح ابن حبان　رقم الحدیث (۸۲۵)　جلد۳　صفحہ ۱۰۸
قال شعیب الارنؤوط　اسنادہ صحیح
صحیح الجامع الصغیر　رقم الحدیث (۲۶۶۵)　جلد۱　صفحہ ۵۴۰
قال الالبانی　صحیح

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ارشاد گرامی
اپنی امت کو میرا اسلام کہیے گا اور کہیے گا
جنت کی زمین بڑی زرخیز ہے اس کا پانی بڑا میٹھا ہے
اسے سرسبز کرنے اور اس میں درخت لگانے کیلئے پڑھے
سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ – :

لَقِیْتُ اِبْرَاھِیْمَ عَلَیْہِ السَّلَامَ لَیْلَۃَ اُسْرِیَ بِیْ فَقَالَ:

یَا مُحَمَّدُ اَقْرِئْ اُمَّتَکَ مِنِّیَ السَّلَامَ وَ اَخْبِرْھُمْ اَنَّ الْجَنَّۃَ طَیِّبَۃُ التُّرْبَۃِ عَذْبَۃُ الْمَاءِ وَاَنَّھَا قِیْعَانٌ وَ اَنَّ غِرَاسَھَا سُبْحَانَ اللّٰہِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ ، وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ۔

سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ رقم الحدیث (۱۰۵) جلد۱ صفحہ ۱۶۵
الترغیب والترھیب رقم الحدیث (۲۳۹۳) جلد۲ صفحہ ۲۰۷
قال المحقق حسن

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

معراج کی رات میری ملاقات حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ہوئی۔انہوں نے فرمایا:
یا محمد! اے وہ نبی جس کی بار بار تعریف کی جاتی ہے! اپنی امت کو میری طرف سے سلام کہئے اورانہیں بتایئے کہ جنت کی مٹی زرخیز ہے، اس کا پانی میٹھا ہے، اور وہ کھلا وسیع میدان ہے اور اس کے درخت وباغات:

سُبْحَانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ کہنا ہے۔

-☆-

صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۴۸)	جلد۲	صفحہ ۲۳۱
قال الالبانی	حسن لغیرہ		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۵۱۵۲)	جلد۲	صفحہ ۹۱۶
قال الالبانی	حسن		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۴۶۲)	جلد۳	صفحہ ۴۲۸
قال الالبانی	صحیح		
مشکوٰۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۳۵۵)	جلد۲	صفحہ ۴۳۹
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۳۲۸)	جلد۴	صفحہ ۳۲۲

آیۃ الکرسی پڑھنے والے کی
حفاظت کرتا ہے فرشتہ
دور رہتا ہے اس سے شیطان

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ:

وَكَّلَنِی رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – بِحِفْظِ زَکَاةِ رَمَضَانَ، فَاَتَانِی آتٍ، فَجَعَلَ یَحْثُو مِنَ الطَّعَامِ، فَاَخَذْتُهُ، فَقُلْتُ:

لَاَرْفَعَنَّکَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

اِنِّی مُحْتَاجٌ، وَعَلَیَّ عِیَالٌ وَلِی حَاجَةٌ شَدِیْدَةٌ، فَخَلَّیْتُ عَنْهُ، فَاَصْبَحْتُ فَقَالَ النَّبِیُّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

یَااَبَا هُرَیْرَةَ مَافَعَلَ اَسِیْرُکَ الْبَارِحَةَ، قَالَ: قُلْتُ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! شَکَا حَاجَةً شَدِیْدَةً، وَعِیَالًا، فَرَحِمْتُهُ فَخَلَّیْتُ سَبِیْلَهُ، قَالَ:

اَمَا اِنَّهُ قَدْ کَذَبَکَ وَسَیَعُوْدُ، فَعَرَفْتُ اَنَّهُ سَیَعُوْدُ لِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ – صَلّٰی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – : اِنَّهٗ سَيَعُوْدُ.

فَرَصَدْتُهٗ فَجَاءَ يَحْثُو مِنَ الطَّعَامِ ، فَاَخَذْتُهٗ فَقُلْتُ : لَاَرْفَعَنَّکَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ :

دَعْنِي فَاِنِّي مُحْتَاجٌ وَعَلَيَّ عِيَالٌ ، لَا اَعُوْدُ ، فَرَحِمْتُهٗ فَخَلَّيْتُ سَبِيْلَهٗ ، فَاَصْبَحْتُ فَقَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

يَا اَبَا هُرَيْرَةَ مَا فَعَلَ اَسِيْرُکَ ، قُلْتُ : يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ! شَكَا حَاجَةً شَدِيْدَةً ، وَعِيَالًا فَرَحِمْتُهٗ فَخَلَّيْتُ سَبِيْلَهٗ ، قَالَ :

اَمَا اِنَّهٗ قَدْ كَذَبَکَ وَسَيَعُوْدُ ، فَرَصَدْتُهُ الثَّالِثَةَ ، فَجَاءَ يَحْثُو مِنَ الطَّعَامِ ، فَاَخَذْتُهٗ فَقُلْتُ :

لَاَرْفَعَنَّکَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – وَهٰذَا آخِرُ ثَلَاثِ مَرَّاتٍ اِنَّکَ تَزْعُمُ لَا تَعُوْدُ ، ثُمَّ تَعُوْدُ ، قَالَ :

دَعْنِي ، اُعَلِّمْکَ كَلِمَاتٍ يَنْفَعُکَ اللّٰهُ بِهَا ، قُلْتُ : مَا هُوَ قَالَ :

اِذَا اَوَيْتَ اِلٰى فِرَاشِکَ ، فَاقْرَأْ آيَةَ الْكُرْسِي :

اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ حَتّٰى تَخْتِمَ الْآيَةَ ، فَاِنَّکَ لَنْ يَزَالَ عَلَيْکَ مِنَ اللّٰهِ حَافِظٌ ، وَلَا يَقْرَبَنَّکَ شَيْطَانٌ حَتّٰى تُصْبِحَ ، فَخَلَّيْتُ سَبِيْلَهٗ ، فَاَصْبَحْتُ ، فَقَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

مَا فَعَلَ اَسِيْرُکَ الْبَارِحَةَ ، قُلْتُ : يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ! زَعَمَ اَنَّهٗ يُعَلِّمُنِي كَلِمَاتٍ يَنْفَعُنِيَ اللّٰهُ بِهَا فَخَلَّيْتُ سَبِيْلَهٗ قَالَ :

مَا هِيَ ؟ قُلْتُ : قَالَ لِيْ : اِذَا اَوَيْتَ اِلٰى فِرَاشِکَ فَاقْرَأْ آيَةَ الْكُرْسِيِّ مِنْ اَوَّلِهَا حَتّٰى تَخْتِمَ :

اَللّٰـهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ، وَقَالَ لِیْ : لَنْ یَزَالَ عَلَیْکَ مِنَ اللّٰهِ حَافِظٌ ، وَلَا یَقْرُبُکَ شَیْطَانٌ حَتّٰی تُصْبِحَ - وَکَانُوْا اَحْرَصَ شَیْءٍ عَلَی الْخَیْرِ - فَقَالَ النَّبِیُّ - صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ - :

اَمَا اِنَّهٗ قَدْ صَدَقَکَ وَهُوَ کَذُوْبٌ ، تَعْلَمُ مَنْ تُخَاطِبُ مُنْذُ ثَلَاثِ لَیَالٍ یَا اَبَاهُرَیْرَةَ ؟ قَالَ : لَا قَالَ:

ذَاکَ شَیْطَانٌ.

ترجمة الحدیث،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے رمضان المبارک کی زکاۃ-صدقہ فطر-کی حفاظت کیلئے مقرر کیا۔ایک آنے والا آیا اور اس نے کھانا اٹھانا شروع کر دیا۔تو میں نے اسے پکڑ لیا اور کہا:

میں ہر صورت تجھے حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لے جاؤں گا۔اس نے

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۲۳۱۱)	جلد۲	صفحہ۶۸۷
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۲۷۵)	جلد۲	صفحہ۱۰۰۹
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۰۱۰)	جلد۳	صفحہ۱۲۱۵
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۶۱۰)	جلد۱	صفحہ۳۹۲
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۸۸۸)	جلد۱	صفحہ۴۷۲
قال المحقق	صحیح		
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۱۰۷۲۹)	جلد۹	صفحہ۳۵۰
غایۃ الاحکام	رقم الحدیث (۳۰۱۸)	جلد۲	صفحہ۲۳۹
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۰۶۵)	جلد۲	صفحہ۳۶۸
جامع الاصول	رقم الحدیث (۶۲۳۹)	جلد۸	صفحہ۳۵۶
قال المحقق	صحیح		

کہا: میں محتاج ہوں، اور میرے اہل وعیال ہیں اور مجھے شدید ضرورت ہے، میں نے اسے چھوڑ دیا۔ صبح ہوئی تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اے ابو ہریرہ! گزشتہ رات تیرے قیدی نے کیا کیا؟ میں نے عرض کی:

یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! اس نے شدید ضرورت اور اہل وعیال کی پریشانی کا تذکرہ کیا۔ میں نے اس پر رحم کر دیا اور اس کا راستہ چھوڑ دیا۔ آپ نے ارشاد فرمایا:

اس نے تیرے سامنے جھوٹ بولا ہے، وہ دوبارہ آئے گا۔ مجھے یقین ہو گیا کہ وہ ''وہ دوبارہ آئے گا'' کیونکہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔

میں اس کی گھات میں رہا۔ وہ آیا اور اس نے کھانا اٹھانا شروع کر دیا۔ میں نے اسے پکڑ لیا اور کہا کہ میں تجھے ہر صورت حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لے جاؤں گا۔ اس نے کہا: مجھے چھوڑ دو، میں ضرورت مند ہوں اور میرے اہل وعیال ہیں اب میں نہیں آؤں گا۔

پس مجھے اس پر ترس آ گیا میں نے اس کو چھوڑ دیا۔ صبح ہوئی تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اے ابو ہریرہ! گزشتہ رات تیرے قیدی نے کیا کیا؟ میں نے عرض کی:

یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! اس نے شدید ضرورت اور اہل وعیال کی پریشانی کا تذکرہ کیا۔ مجھے اس پر رحم آ گیا اور میں نے اسے چھوڑ دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اس نے تیرے سامنے جھوٹ بولا ہے، وہ دوبارہ آئے گا۔ میں تیسری مرتبہ اس کی گھات میں رہا۔ وہ آیا اور اس نے کھانا اٹھانا شروع کر دیا۔ میں نے اسے پکڑ لیا اور کہا کہ میں تجھے ہر صورت حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لے جاؤں گا۔

اور کہا یہ تیسری اور آخری باری ہے تو یقین دلاتا ہے کہ تو نہ آئے گا اور پھر آ جاتا ہے، اس نے کہا مجھے چھوڑ دو میں تمہیں کچھ کلمات بتاتا ہوں جن کے ذریعے اللہ تعالیٰ تجھے نفع دے گا۔ میں نے کہا

وہ کیا کلمات ہیں؟اس نے کہا:

جب تو بستر پر لیٹے تو آیت الکرسی اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوم مکمل پڑھ لیا کر،اللہ تعالیٰ کی طرف سے تجھ پر ایک محافظ فرشتہ مقرر رہے گا اور صبح تک شیطان تیرے نزدیک نہیں آئے گا۔ پھر میں نے اسے چھوڑ دیا۔جب صبح ہوئی تو حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

گذشتہ رات تیرے قیدی نے کیا کیا؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس نے یقین دلایا تھا کہ وہ مجھے ایسے کلمات سکھائے گا جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ مجھے فائدہ دے گا لہذا میں نے اسے چھوڑ دیا۔حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

وہ کون سے کلمات ہیں؟ میں نے کہا اس نے مجھے کہا تھا کہ جب تو اپنے بستر پر لیٹے تو آیت الکرسی اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوم شروع سے آخر تک پڑھ لیا کر۔اس نے مجھے کہا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تجھ پر ایک محافظ مقرر رہے گا اور صبح تک شیطان تیرے نزدیک نہیں آئے گا۔حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اس نے تیرے سامنے سچ بولا ہے حالانکہ وہ خود جھوٹا تھا۔اے ابو ہریرہ! تجھے پتہ ہے کہ تین دن سے تیرا مخاطب کون تھا؟ انہوں نے کہا نہیں۔حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

یہ شیطان تھا۔

-☆-

قبولیت کی گھڑی

عَنْ جَابِرٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – یَقُوْلُ :

اِنَّ فِیْ اللَّیْلِ لَسَاعَةً لَا یُوَافِقُهَا رَجُلٌ مُسْلِمٌ یَسْأَلُ اللّٰهَ خَیْرًا مِنْ خَیْرِ الدُّنْیَا وَالْآخِرَةِ اِلَّا اَعْطَاهُ اِیَّاهُ ، وَذَالِکَ کُلَّ لَیْلَةٍ.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (٧٥٧)	جلد١	صفحہ٥٢١
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (٩٠٢)	جلد١	صفحہ٤٨١
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (٦٣٣)	جلد١	صفحہ٣٩٩
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (٢١٣٠)	جلد١	صفحہ٤٢٧
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (١٤٢٩١)	جلد١١	صفحہ٤٢٥
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (١٤٣٨٠)	جلد١١	صفحہ٤٨٠
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح ==		

ترجمة الحديث:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا:

میں نے سنا حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرما رہے تھے:

بیشک رات میں ایک ایسی ساعت-گھڑی ہے جس میں کوئی مسلمان آدمی اللہ تعالیٰ سے دنیا وآخرت کی خیر وبھلائی میں سے جو بھی خیر بھلائی وخیر مانگتا ہے اللہ تعالیٰ اسے وہی خیر وبھلائی عطا فرما دیتا ہے اور یہ دعا کی قبولیت کی گھڑی ہر رات ہوتی ہے۔

-☆-

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

يَنْزِلُ رَبُّنَا كُلَّ لَيْلَةٍ اِلٰى سَمَاءِ الدُّنْيَا حِيْنَ يَبْقٰى ثُلُثُ اللَّيْلِ الْآخِرِ فَيَقُوْلُ : مَنْ يَدْعُوْنِیْ فَأَسْتَجِيْبَ لَهٗ؟ وَمَنْ يَسْأَلُنِیْ فَأُعْطِيَهٗ وَمَنْ يَسْتَغْفِرُنِیْ فَاَغْفِرَ لَهٗ.

ترجمة الحديث:

حضرت ابوھریرۃ-رضی اللہ عنہ-سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ-صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

ہمارا رب تعالیٰ ہر رات جب رات کا آخری تہائی حصہ باقی رہتا ہے آسمانِ دنیا کی طرف نزول فرماتا ہے جیسے اسے زیبا ہے تو ارشاد فرماتا ہے:

== صحیح ابن حبان — رقم الحدیث (۲۵۶۱) — جلد ۶ — صفحہ ۲۰۱

قال شعیب الارنؤوط — اسنادہ صحیح علی شرط مسلم

مشکاۃ المصابیح — رقم الحدیث (۱۱۸۱) — جلد ۲ — صفحہ ۴۳

مسند الامام احمد — رقم الحدیث (۱۳۶۸۲) — جلد ۱۱ — صفحہ ۵۳۱

قال حمزۃ احمد الزین — اسنادہ حسن

کون ہے جو مجھ سے دعا مانگے میں اس کی دعا کو قبول کروں؟ کون ہے جو مجھ سے سوال کرے میں اسے عطا کروں؟ کون ہے جو مجھ سے مغفرت کا سوالی ہو میں اس کی مغفرت فرمادوں؟

-☆-

غور فرمایئے پروردگار عالم جل جلالہ خود فرما رہا ہو مجھ سے مانگو، مجھ سے سوال کرو، مجھ سے مغفرت کی بھیک مانگو اگر ان گھڑیوں کو خواب غفلت کی نذر کر دیا جائے تو یہ حرماں نصیبی نہیں تو اور کیا ہے۔ ازلی سعادتوں کا امین وہی آدمی ہے جو ان رحمت بھری گھڑیوں میں اپنے اللہ سے دست بدعا رہتا ہے۔

نماز ہر مسلمان پر فرض ہے اور دن میں پانچ مرتبہ فرض ہے۔اللہ کی شانِ کریمی اور شان بندہ نوازی ملاحظہ ہو کہ ہر فرض نماز کے بعد بھی اس نے دعا کی مقبولیت کا وقت رکھ دیا ہے اگر اب بھی ہم اس کی قدر نہ کریں تو اس میں رحمتِ خداوندی کا کوئی قصور نہیں۔

صحیح مسلم	رقم الحدیث (٧٥٨)	جلد٢	صفحہ١٨٨
سنن الترمذی	رقم الحدیث (٣٥٠٩)	جلد٥	صفحہ٤٩٩
قال الترمذی:	ھذا الحدیث حسن صحیح		
السنن الکبریٰ للبیہقی	رقم الحدیث (٣٦٥٣)	جلد٣	صفحہ٣
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (١٣٦٦)	جلد٢	صفحہ١٦١
قال محمود محمد محمود:	الحدیث متفق علیہ		
سنن الدارمی	رقم الحدیث (١٤٧٨)	جلد١	صفحہ٤١٢
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (٩٣٠)	جلد٣	صفحہ١٩٩
قال شعیب الارنؤوط:	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
شرح السنۃ للبغوی	رقم الحدیث (٩٠)	جلد١٠	صفحہ١٦٩
صحیح البخاری	رقم الحدیث (٧٠٣١)	جلد٢٥	صفحہ١٨٨ (کتاب التوحید)
جامع الاصول	رقم الحدیث (٣٠٩٧)	جلد٥	صفحہ٥
سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (١٣١٥)	جلد١	صفحہ٤٢٠
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (١٣١٥)	جلد١	صفحہ٣٦٠
قال الالبانی:	صحیح		
الموطا للامام مالک		جلد١	صفحہ١٨٧

اللہ تعالیٰ کا یہ کتنا لطف وکرم ہے کہ اس نے ہم جیسے گناہگاروں اور غافلوں کے لئے وقفہ وقفہ سے ایسے لمحات عطا فرمادیئے جن میں تھوڑا سا بھی مانگنے سے اللہ بہت زیادہ عطا فرماتا ہے۔

اس حدیث پاک میں رات کے آخری تیسرے حصہ کا ذکر ہے۔ رات کا نصف برکات الٰہیہ سے معمور ہے لیکن رات کے آخری تیسرے حصہ میں اللہ کی عنایات کا جوبن نرالا ہوا کرتا ہے اور اس گھڑی بارگاہ ذوالجلال میں دست سوال دراز کرنے والا محروم نہیں رہا کرتا۔

یہ وہ مبارک لمحات ہیں جن میں اللہ والے سر بندگی جھکا کر سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کا کیف لیا کرتے ہیں۔ استغفار سے اپنی زبانیں معطر کیا کرتے ہیں، دستِ سوال دراز کر کے اپنی ارواح کو مزید قرب الٰہی کی دولت سے سرفراز کرتے ہیں۔ باری تعالیٰ کی بارگاہ میں آنسوؤں کا نذرانہ پیش کر کے اس کی رضا حاصل کرتے ہیں۔ یہ وہ مبارک لمحات ہیں جو خالق ومالک کو بڑے پیارے ہیں ان لمحات کی قدر کرنے والا اللہ کی عنایات سے محروم نہیں رہا کرتا۔

سیدالطائفہ حضرت جنید بغدادی -رضی اللہ عنہ- کے وصال کے بعد کسی سے خواب میں ملے تو اس نے سوال کیا حضور! قبر کے احوال سنایئے اور سنایئے کیسی بیتی؟

آپ نے ارشاد فرمایا: ہم جو دنیا میں بڑے بڑے القابات سے مشہور تھے ان القابات نے کوئی فائدہ نہ دیا۔ ہاں سحری کے وقت جو چند رکعات پڑھتا تھا ان کے ذریعے مغفرت ہوگئی اور سرمدی انعامات سے نوازا گیا۔

-☆-

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا – قَالَ:

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ، قَالَهَا إِبْرَاهِيْمُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ أُلْقِيَ فِي النَّارِ ، وَقَالَهَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حِيْنَ قَالُوْا:

إِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ إِيْمَانًا وَقَالُوْا :

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ.

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۴۱۳۰)	جلد ۱	صفحہ ۴۲۷
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۴۴۹۱)	جلد ۱۱	صفحہ ۴۲۵
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۴۴۸۰)	جلد ۱۱	صفحہ ۴۸۰
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۴۵۶۱)	جلد ۶	صفحہ ۳۰۱
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۱۸۱)	جلد ۲	صفحہ ۴۳
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۴۶۸۴)	جلد ۱۱	صفحہ ۵۳۱
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ حسن		

ترجمة الحدیث،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْل ہ، میں اللہ کافی ہے اور وہ کیا اچھا کارساز ہے،اس وقت کہا جب انہیں آگ میں ڈالا گیا۔اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی یہ کلمہ اس وقت کہا:

جب کافر لوگوں نے کہا کہ بے شک لوگ تمہارے مقابلے کیلئے جمع ہو گئے ہیں۔ان سے ڈرو! پس اس بات نے ان کے ایمان میں اور اضافہ کر دیا اور انہوں نے ۔صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ۔کہا:حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْل۔

-☆-

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔

اللہ ہمیں کافی ہے اور وہ ہمارا بہترین کارساز ہے۔

جب ہر در سے منہ موڑ کر اسی وحدہٗ لاشریک کے کافی ہونے اور کارساز حقیقی ہونے کا اعلان کر دیا تو اس پریشان حالی میں اس سے بڑھ کر اور کیا دعاء ہوگی۔کہیں ایسا نہ ہو کہ ظاہری طور پر تو ہم ان کلمات کو ادا کر رہے ہوں لیکن دل کو کہیں اور لگائے بیٹھے ہوں یہ اپنے آپ سے دھوکا ہے۔بلکہ اس ذاتِ حق کو دھوکا دینے کی کوشش ہے جو علیم بذاتِ الصدور ہے۔العیاذ باللہ

یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ انسان حقیقی طور پر اسے کارساز و کافی مانے اور وہ توجہ ہی نہ فرمائے

حضور نبی عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد یاد رکھئے!

جب تم پر کوئی مشکل پیش آئے تو انہیں کلمات سے اللہ کو یاد کرو۔

صحیح البخاری	رقم الحدیث (٤٥٦٣)	جلد٣	صفحہ١٣٨٤
صحیح البخاری	رقم الحدیث (٤٥٦٤)	جلد٣	صفحہ١٣٨٥
السنن الکبری	رقم الحدیث (١٠٣٦٤)	جلد٩	صفحہ٢٢٣
السنن الکبری	رقم الحدیث (١١٠١٥)	جلد١٠	صفحہ٥٤

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ

اَیْ رَبِّ!اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ

اَیْ رَبِّ!اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ

عَنْ اَبِی ھُرَیْرَۃَ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – عَنِ النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ– فِیمَایَحْکِیْ عَنْ رَبِّہٖ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی، قَالَ:

اَذْنَبَ عَبْدٌ ذَنْباً ، فَقَالَ : اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ ، فَقَالَ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی:

اَذْنَبَ عَبْدِی ذَنْباً ، فَعَلِمَ اَنَّ لَہٗ رَبًّا یَغْفِرُ الذَّنْبَ ، ثُمَّ عَادَ فَاَذْنَبَ ، فَقَالَ:

اَیْ رَبِّ ! اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ ، فَقَالَ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی :

اَذْنَبَ عَبْدِی ذَنْباً ، فَعَلِمَ اَنَّ لَہٗ رَبًّا یَغْفِرُ الذَّنْبَ ، وَیَأْخُذُ بِالذَّنْبِ ، ثُمَّ عَادَ فَاَذْنَبَ ، فَقَالَ:

اَیْ رَبِّ ! اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ ، فَقَالَ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی : اَذْنَبَ عَبْدِی ذَنْباً ، فَعَلِمَ اَنَّ لَہٗ رَبًّا یَغْفِرُ الذَّنْبَ ، وَیَأْخُذُ بِالذَّنْبِ ، قَدْ غَفَرْتُ لِعَبْدِیْ فَلْیَفْعَلْ مَاشَاءَ.

ترجمة الحدیث،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ان احادیث قدسیہ میں سے اپنے رب تبارک وتعالیٰ سے حکایت کرتے ہیں کہ اللہ فرماتا ہے:

ایک بندے نے کوئی گناہ کیا تو اس نے کہا: اے اللہ میرا گناہ معاف کردے۔ تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷۵۰۷)	جلد۴	صفحہ۴۳۳
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۷۵۸)	جلد۴	صفحہ۲۱۲
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۶۹۸۶)	جلد۴	صفحہ۲۷۱
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۱۸۰)	جلد۹	صفحہ۲۰
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۲۵۹۷)	جلد۴	صفحہ۸
قال المحقق	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۶۲۲)	جلد۲	صفحہ۳۸۸
قال شعیب الارنووط	اسنادہ صحیح علی شرط البخاری		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۴۱۰۳)	جلد۱	صفحہ۴۲۳
قال الالبانی:	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۳۷۳)	جلد۲	صفحہ۴۴۶
قال الالبانی:	متفق علیہ		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۷۹۳۵)	جلد۸	صفحہ۶۸
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۲۲۸)	جلد۹	صفحہ۱۵۳
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۳۲۸)	جلد۹	صفحہ۴۶۱
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۵۸۷۶)	جلد۸	صفحہ۳۸
قال المحقق	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۶۲۵)	جلد۲	صفحہ۳۹۲
قال شعیب الارنووط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		

میرے بندے نے گناہ کیا اور وہ جانتا ہے کہ اس کا ایک رب ہے جو گناہ کو معاف بھی کر دیتا ہے۔اور گناہ پر پکڑ بھی لیتا ہے۔بندے نے دوبارہ گناہ کیا پھر کہا:

اے میرے رب! میرا گناہ معاف فرما دے۔تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا: میرے بندے نے گناہ کیا اور اسے علم ہے کہ اس کا ایک رب ہے جو گناہ معاف بھی فرما دیتا ہے اور گناہ پر پکڑ بھی لیتا ہے۔بندے نے پھر تیسری بار گناہ کیا اور عرض کی: اے میرے رب! میرا گناہ معاف کر دے۔اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

میرے بندے نے گناہ کیا اور اسے علم ہے کہ اس کا ایک رب ہے جو گناہ معاف بھی فرما دیتا ہے اور گناہ پر پکڑ بھی لیتا ہے، میں نے اس بندے کی مغفرت فرما دی ہے اب وہ جو چاہے کرے۔

-☆-

عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ – يَقُوْلُ :

وَاللّٰهِ ! إِنِّيْ لَأَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ تَعَالٰى وَأَتُوْبُ إِلَيْهِ فِي الْيَوْمِ أَكْثَرَ مِنْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً .

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۳۰۷)		جلد۴	صفحہ۱۹۸۴
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۷۰۹۱)		جلد۲	صفحہ۱۱۹۳
قال الالبانی	صحیح			
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۸۱۵)		جلد۴	صفحہ۲۹۳
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح			
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۷۶۹)		جلد۹	صفحہ۳۱۷
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح			
مشکوٰۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۳۲۳)		جلد۲	صفحہ۳۲۳=
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۲۵۹)		جلد۳	صفحہ۳۲۸
قال الالبانی	صحیح			
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۱۹۵)		جلد۹	صفحہ۱۲۵
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۱۹۶)	(۱۰۱۹۷)	جلد۹	صفحہ۱۲۶
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۱۳۳۱)		جلد۱۰	صفحہ۲۵۸

ترجمۃ الحدیث،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے سنا حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرما رہے تھے:

اللہ کی قسم! میں دن میں ستر مرتبہ سے زیادہ اللہ سے استغفار کرتا ہوں اور اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں۔

-☆-

عَنِ الْأَغَرِّ بْنِ يَسَارٍ الْمُزَنِيِّ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ –صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ –:

يَاۤأَيُّهَا النَّاسُ تُوْبُوْا إِلَى اللّٰهِ وَاسْتَغْفِرُوْهُ فَإِنِّيْ أَتُوْبُ فِي الْيَوْمِ مِائَةَ مَرَّةٍ.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۷۰۲)	جلد۴	صفحہ۲۰۷۵
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۷۸۸۱)	جلد۱	صفحہ۱۳۰۴
قال الالبانی	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۳۶۴)	جلد۲	صفحہ۴۲۲
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۳۶۵)	جلد۲	صفحہ۴۲۳
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۸۸۵)	جلد۱	صفحہ۳۰۱
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۸۸۶)	جلد۱	صفحہ۳۰۱
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۸۸۸)	جلد۱	صفحہ۳۰۲
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۱۵۱۵)	جلد۱	صفحہ۴۱۵
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۷۷۳)	جلد۱۳	صفحہ۵۲۵
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۷۷۴)	جلد۱۳	صفحہ۵۲۵
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۷۷۵)	جلد۱۳	صفحہ۵۲۵
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت اغر بن یسار مزنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اے لوگو! اللہ تعالیٰ کی طرف توبہ (رجوع) کرو اور اس سے استغفار کرو۔ بے شک میں بارگاہ الٰہی میں روزانہ سو مرتبہ توبہ کرتا ہوں۔

-☆-

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۷۷۶)	جلد ۱۳	صفحہ ۵۲۵
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۸۳۰۷)	جلد ۱۴	صفحہ ۱۲۷
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۸۳۰۸)	جلد ۱۴	صفحہ ۱۲۷
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۸۳۰۹)	جلد ۱۴	صفحہ ۱۲۸
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۸۳۱۰)	جلد ۱۴	صفحہ ۱۲۸
قال حمزة احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۹۲۹)	جلد ۳	صفحہ ۲۰۹
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
سلسلة الاحادیث الصحیحة	رقم الحدیث (۱۴۵۲)	جلد ۳	صفحہ ۴۳۵

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ

عَنْ بِلَالِ بْنِ یَسَارِ بْنِ زَیْدٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَنْ جَدِّیْ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِیَّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ – یَقُوْلُ :

مَنْ قَالَ : اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ ، غُفِرَ لَهٗ ، وَاِنْ کَانَ قَدْ فَرَّ مِنَ الزَّحْفِ .

صحیح سنن ابو داؤد	رقم الحدیث (۱۵۱۷)	جلد ۱	صفحہ ۴۱۵
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الترغیب والترهیب	رقم الحدیث (۱۶۲۲)	جلد ۲	صفحہ ۲۷۴
قال الالبانی	صحیح لغیرہ		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۲۲۷)	جلد ۴	صفحہ ۳۳۱
الترغیب والترهیب	رقم الحدیث (۲۳۱۳)	جلد ۲	صفحہ ۲۶۷
قال المحقق	حسن		
صحیح الترغیب والترهیب	رقم الحدیث (۱۶۲۳)	جلد ۲	صفحہ ۲۷۴
قال الالبانی	صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۲۵۵۰)	جلد ۲	صفحہ ۹۵۷
قال الحاکم	هذا حدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاه		

ترجمة الحديث،

حضرت زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے سنا حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرمار ہے تھے جس نے کہا:

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِىْ لَا اِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

میں اللہ جل جلالہ سے اپنے گناہوں کی مغفرت کی درخواست کرتا ہوں جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں وہ حَیٌّ ہے ۔ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہنے والا ہے۔ وہ قیوم ہے ساری کائنات کا وجود اس کی ذات سے وابستہ ہے اور وہ سب کا کارساز ہے اور میں اسی اللہ کی جناب میں اپنے گناہوں سے توبہ کرتا ہوں۔

اس کی مغفرت کردی جائے گی اگر چہ وہ میدان جہاد سے بھاگا ہو۔

-☆-

اسی دعا میں اللہ کے دونام ”حَـیٌّ وقیوم“ سے اسے یاد کیا گیا ہے اور استغفار اور توبہ بھی ہے ۔یہ دعا الفاظ کے اعتبار سے مختصر ہے لیکن اس کی فضیلت بہت زیادہ ہے ۔ارشاد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سنیے:

جس آدمی نے اس دعا کو تین مرتبہ پڑھا اللہ اس کے سب گناہ معاف فرمادے گا۔ اگر چہ وہ گناہ درختوں کے پتوں، ریگستان عالم کے ذروں اور دنیا کے دنوں جتنے ہوں۔

اللہ کی شان کریمی پر قربان جائیں کہ مختصر سے جملے انہیں خلوصِ دل سے ادا کرنے سے ساری زندگی کے گناہ مٹ جائیں یہ اتنا عظیم خزانہ ہے کہ اس کی نظیر نہیں پیش کی جاسکتی۔

-☆-

صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۳۵۷۷) | جلد۳ | صفحہ ۴۶۹
قال الالبانی | صحیح

اسماء الٰہیہ کا ورد
جنت لے جاتا ہے

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِلّٰهِ تَعَالٰی تِسْعَةً وَّتِسْعِیْنَ اِسْمًا مِائَةً اِلَّا وَاحِدًا مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ، اِنَّهٗ وِتْرٌ یُحِبُّ الْوِتْرَ۔

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۲۱۶۶)	جلد۱	صفحہ ۴۳۲
قال الالبانی	صحیح		
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۶۷۷)	جلد۴	صفحہ ۲۰۶۳
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۲۷۳۶)	جلد۲	صفحہ ۸۳۰
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۴۱۰)	جلد۴	صفحہ ۲۰۱۳
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷۳۹۲)	جلد۴	صفحہ ۲۳۰۷
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۲۸۷)	جلد۲	صفحہ ۴۲۸
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۲۸۸)	جلد۲	صفحہ ۴۲۹
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۸۶۰)	جلد۴	صفحہ ۳۱۸
قال محمود محمد محمود	الحدیث حسن صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۸۰۷)	جلد۳	صفحہ ۸۷
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		

ترجمۃ الحدیث،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بے شک اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں یعنی ایک کم سو۔ جس نے ان کو شمار کیا یعنی ان کا ورد کیا وہ جنت میں داخل ہوگا۔ اور اللہ تعالیٰ کی ذات یکتا ہے اور وہ طاق کو پسند کرتا ہے۔

-☆-

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۵۰۸)	جلد۳	صفحہ۴۴۴
قال الالبانی	ھذا الحدیث حسن صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۴۱)	جلد۱	صفحہ۴۰
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۵۰۶)	جلد۳	صفحہ۴۴۴
قال الالبانی	ھذا الحدیث حسن صحیح		
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۴۲)	جلد۱	صفحہ۴۱
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۷۶۱۲)	جلد۷	صفحہ۳۶۳
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۱۳۱)	جلد۸	صفحہ۲۰۸
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۴۳۹)	جلد۹	صفحہ۴۸۵
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۴۸۱)	جلد۹	صفحہ۲۳۳
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۴۸۰)	جلد۹	صفحہ۴۹۷
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

مومن کا خزانہ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُکَ الثُّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَأَسْأَلُکَ عَزِیْمَةَ الرُّشْدِ وَأَسْأَلُکَ شُکْرَ نِعْمَتِکَ وَحُسْنَ عِبَادَتِکَ وَأَسْأَلُکَ لِسَاناً صَادِقاً وَقَلْباً سَلِیْماً وَأَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ وَأَسْأَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَا تَعْلَمُ وَأَسْتَغْفِرُکَ مِمَّا تَعْلَمُ إِنَّکَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ

عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ : قَالَ لِیْ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ :

یَا شَدَّادَ بْنَ اَوْسٍ ! اِذَا رَاَیْتَ النَّاسَ قَدِ اکْتَنَزُوْا الذَّھَبَ وَالْفِضَّةَ ، فَاکْنِزْ ھٰؤُلاءِ الْکَلِمَاتِ:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ الثُّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَاَسْأَلُکَ عَزِیْمَةَ الرُّشْدِ وَاَسْأَلُکَ شُکْرَنِعْمَتِکَ وَحُسْنَ عِبَادَتِکَ وَأَسْأَلُکَ لِسَاناً صَادِقاً وَقَلْباً سَلِیْماً وَأَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّمَاتَعْلَمُ وَأَسْأَلُکَ مِنْ خَیْرِمَا تَعْلَمُ وَأَسْتَغْفِرُکَ مِمَّاتَعْلَمُ إِنَّکَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ.

ترجمة الحدیث،

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے ارشاد فرمایا:

اے شداد بن اوس! جب تم دیکھو کہ لوگ سونے اور چاندی کے خزانے جمع کر رہے ہیں تو تم ان کلمات کو اپنا خزانہ بناؤ۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ الثُّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَاَسْأَلُکَ عَزِیْمَةَ الرُّشْدِ وَاَسْأَلُکَ شُکْرَ نِعْمَتِکَ وَحُسْنَ عِبَادَتِکَ وَاَسْأَلُکَ لِسَانًا صَادِقًا وَقَلْبًا سَلِیْمًا وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَاتَعْلَمُ وَاَسْأَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُکَ مِمَّاتَعْلَمُ اِنَّکَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ.

اے میرے اللہ! میں تجھ سے دین کے معاملہ میں ثابت قدمی کا سوال کرتا ہوں اور تجھ سے رشد وہدایت میں پختگی بھی مانگتا ہوں۔ اور تجھ سے تیری نعمت کے شکر اور حسنِ عبادت کو طلب کرتا ہوں اور تجھ سے سچ بولنے والی زبان اور بری آلائشوں سے پاک دل مانگتا ہوں۔ اور ہر برائی سے جو تو جانتا

صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۱۹۷۴)		جلد۵	صفحہ۳۱۰
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۲۲۸)		جلد۲	صفحہ۸۰
کتاب الدعا	رقم الحدیث (۶۳۱)			صفحہ۲۱۸
قال سامی انور جاہین	اسنادہ صحیح			
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۱۷۳۶۰)		جلد۱۰	صفحہ۲۷۴
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۷۱۵۷)		(۷۱۷۵)	(۷۱۷۶)
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۷۱۷۷)	(۷۱۷۸)	(۷۱۷۹)	(۷۱۸۰)
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۱۸۳)		جلد۴	صفحہ۱۹۲
مسند الامام احمد	رقم حدیث (۱۷۰۵۰)		جلد۱۳	صفحہ۲۶۸
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح			
مسند الامام احمد	رقم حدیث (۱۷۰۶۸)		جلد۱۳	صفحہ۲۷۴
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح			
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۸۷۲)		جلد۲	صفحہ۷۱۳
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح علی شرط مسلم ولم یخرجاہ			

ہے تیری پناہ وحفاظت مانگتا ہوں اور تجھ سے ہر خیر و بھلائی مانگتا ہوں جسے تو جانتا ہے اور تجھ سے اپنے ان گناہوں کیلیے استغفار کرتا ہوں جنہیں تو جانتا ہے۔ یقیناً تو ہی علام الغیوب، تمام غیبوں کو جاننے والا ہے۔

یہ دعا واقعی مومن کا خزانہ ہے۔ درج بالا دعا میں جو کچھ اللہ سے مانگا گیا ہے اس کا مل جانا کسی بھی خزانہ سے کم نہیں۔ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو درد دل سے دعائیں مانگنے کی توفیق عطا فرما دے۔ آمین

-☆-

افرادامت کے لئے

اَللّٰھُمَّ أَصْلِحْ ذَاتَ بَیْنِنَا وَأَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِنَا وَاھْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ
وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَی النُّوْرِ وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَھَرَ مِنْھَا
وَمَا بَطَنَ ، اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْ أَسْمَاعِنَا وَأَبْصَارِنَا وَقُلُوْبِنَا
وَاَزْوَاجِنَا وَذُرِّیَّاتِنَا وَتُبْ عَلَیْنَا إِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ
وَاجْعَلْنَا شَاکِرِیْنَ لِنِعْمَتِکَ مُثْنِیْنَ بِھَا قَائِلِیْنَ لَھَا وَأَتِمَّھَا عَلَیْنَا

عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – قَالَ :
کَانَ النَّبِیُّ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ – یُعَلِّمُنَاھٰذَا الْکَلَامَ:
اَللّٰھُمَّ أَصْلِحْ ذَاتَ بَیْنِنَا وَأَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِنَا وَاھْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَی النُّوْرِ وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَھَرَ مِنْھَا وَمَا بَطَنَ ، اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَافِیْ أَسْمَاعِنَا وَأَبْصَارِنَا وَقُلُوْبِنَا وَاَزْوَاجِنَا وَذُرِّیَّاتِنَا وَتُبْ عَلَیْنَا إِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ وَاجْعَلْنَا شَاکِرِیْنَ لِنِعْمَتِکَ مُثْنِیْنَ بِھَا قَائِلِیْنَ لَھَاوَأَتِمَّھَاعَلَیْنَا .

ترجمۃ الحدیث،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں یہ کلمات سکھایا کرتے تھے:

اَللّٰهُمَّ أَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا وَأَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِنَا وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّوْرِ وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ، اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ أَسْمَاعِنَا وَأَبْصَارِنَا وَقُلُوْبِنَا وَأَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ وَاجْعَلْنَا شَاكِرِيْنَ لِنِعْمَتِكَ مُثْنِيْنَ بِهَا قَائِلِيْنَ لَهَا وَأَتِمَّهَا عَلَيْنَا.

اے ہمارے اللہ! ہمارے باہمی تعلقات کو درست فرما اور ہمارے دلوں میں محبت والفت پیدا فرما اور ہمیں سلامتی کے راستوں پر چلا اور ہمیں ظلمات سے نجات دلا کر نور سے ہم آغوش فرما اور ظاہری وباطنی تمام بے حیائیوں سے ہمیں بچا۔

اے ہمارے اللہ! ہمارے کانوں میں، ہماری آنکھوں میں، ہمارے دلوں میں، ہماری بیویوں میں، ہمارے بچوں میں برکتیں عطا فرما اور ہم پر نظر رحمت فرما تو ہی توبہ کی توفیق عطا فرمانے والا اور ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اور ہمیں اپنی نعمتوں کا شکر گزار بنا دے اور ان کے ذریعے حمد وثنا کرنے والا بنا دے ان انعامات کا اقرار کرنے والا بنا دے اور ہم پر اپنی نعمتیں پوری فرما دے۔

-☆-

امت مسلمہ کی قوت وشوکت باہمی اعتماد اور محبت والفت میں مضمر ہے۔

مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۱۷۳۹۷)	جلد ۱۰	صفحہ ۲۸۲
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۱۰۴۲۶)	جلد ۱۰	صفحہ ۱۹۱
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۹۷۷)	جلد ۱	صفحہ ۳۸۹
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح علی شرط مسلم ولم یخرجاہ		
صحیح الادب المفرد	رقم الحدیث (۶۳۰/۴۹۰)	جلد ۱	صفحہ ۲۳۵
قال الالبانی	صحیح الاسناد		

حضور رسول عربی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَثَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي تَوَادِّهِمْ وَ تَعَاطُفِهِمْ وَتَرَاحُمِهِمْ مَثَلُ الْجَسَدِ إِذَا اشْتَكَى مِنْهُ شَيْئٌ تَدَاعٰى لَهُ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالسَّهْرِ وَ الْحُمّٰى۔

ایمان والوں کی مثال باہمی محبت، الفت اور باہمی رحم دلی میں جسم کی طرح ہے جب جسم کے کسی عضو کو کوئی تکلیف پہنچے تو سارا جسم بیداری اور بخار کے سبب بے آرام ہوتا ہے۔

مسلمانوں کی یہی وہ باہمی محبت و الفت اور اخوت ہے جس سے آج ہم محروم ہیں اور اسی وجہ سے ہم اپنی قوت و شوکت کھو چکے ہیں۔ بارگاہ ذوالجلال والاکرام سے دعا ہے کہ ہماری محبت و الفت اور ایک دوسرے سے لگاؤ ہمیں دوبارہ مرحمت فرمادے۔

اے ہمارے پروردگار! ہمیں سلامتی کے راستوں پر چلا ہمارے دلوں سے حسد کینہ اور بغض نکال دے۔ ہم ایک دوسرے کا عزت و احترام کریں اور قدر کی نگاہ سے دیکھیں۔ ہر برائی اور نافرمانی سے بچا کر نور ہدایت نصیب فرما اور محض اپنے لطف و کرم سے کھلی اور پوشیدہ بے حیائیوں سے ہم سب کو مامون و محفوظ فرما۔

آنکھ، کان اور دل میں برکت کا مفہوم یہ ہے کہ یہ ساری چیزیں ہمارے نصیب میں رہیں اور ان سے ہمیں محروم نہ کر دیا جائے۔ آنکھ دیکھے تو کلام الٰہی کو دیکھے، آنکھ اُٹھے تو کسی اللہ والے کے چہرے پر پڑے۔ آنکھ کھلے تو اسے رب تعالیٰ کے گھر مساجد کی زیارت کے بغیر چین نہ آئے۔ اسی طرح کان ذکر الٰہی سنیں، تلاوت قرآن کریم سنیں اور پند و نصائح کی محفلوں میں جا کر سکون حاصل کریں۔ اور دل ہمیشہ بیدار رہے اس کی بیداری اللہ کی یاد سے ہے جو دل یاد الٰہی سے معمور ہے وہ زندہ ہے اور جس دل میں پروردگار کی محبت و یاد نہیں وہ مردہ ہے۔

بیوی بچے اللہ کی وہ نعمت ہیں کہ اگر ان میں برکت ہو تو یہی اللہ کی بندگی میں مدد و معاون ثابت ہوتے ہیں اور انسان صراطِ مستقیم پر گامزن رہتا ہے۔ اگر ان سے برکت اُٹھ جائے تو یہی بیوی

بچے وبال جان بنتے ہیں اور دین وایمان کی ہلاکت کا سبب بنتے ہیں۔

پھر عرض کی جارہی ہے اے ہمارے پروردگار! ہمیں ہر گھڑی اپنی ذات کی جانب رجوع کی توفیق دے۔ یقیناً تو سب سے بڑا رجوع وانابت اور توبہ کی توفیق مرحمت فرمانے والا ہے اور تیرا سحاب رحمت ہمیشہ ہمیشہ برستا رہتا ہے۔ ہمیں شاکر بنا اپنی نعمتوں پر شکر کی سعادت سے نواز دے۔ اپنی ہی تعریف وتوصیف کی سرمدی دولت عطا فرما اور یہی انعام ہم پر پورا فرما۔

–☆–

صحت، پاکدامنی، امانت وحسنِ خلق اور
تقدیر پر راضی رہنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّی أسْئَلُکَ الصِّحَةَ وَالْعِفَّةَ
وَالْاَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضٰی بِالْقَدْرِ

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ:

اَللّٰهُمَّ اِنِّی أسْئَلُکَ الصِّحَةَ وَالْعِفَّةَ وَالْاَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضٰی بِالْقَدْرِ.

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یوں دعا کیا کرتے تھے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّی أسْئَلُکَ الصِّحَةَ وَالْعِفَّةَ وَالْاَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضٰی بِالْقَدْرِ.

اے میرے اللہ! میں تجھ سے صحت، عفت، امانت، حسن خلق اور تقدیر پر راضی رہنا مانگتا

ہوں۔

(۱) زندگی کی بہاریں صحت وتندرستی سے ہیں۔صحت ہوتو تمام امور بخیر وخوبی سرانجام پا جاتے ہیں۔اس کی قدر ان سے پوچھئے جو نعمتِ صحت سے محروم ہیں۔ان کے معاملات میں بگاڑ ان کے کاروبار میں تعطل اوران کی غذا میں بدمزگی۔جس کی صحت نہیں اس کے دینی معاملات بھی اسکے اثر سے محفوظ نہیں رہتے۔نماز و روزہ ذکر وفکر اور تسبیح ومناجات وقت بے وقت سرانجام پاتے ہیں۔اسی لئے حضور رسول عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اِغْتَنِمْ خَمْساً قَبْلَ خَمْسٍ

پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت جانو!

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان میں سے مرض سے پہلے صحت کا بھی ذکر فرمایا۔

(۲) انسانی اعضاء چاق وچوبند اور توانا ہوں سب اعضاء اپنا کام بطریق احسن سرانجام دے رہے ہوں تو اسے صحت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔اوراگر انسانی روح،اسکا جوہر قدسی،سیرت وکردار ہر قسم کے نقص سے مبرا ہو اورانسانی اخلاق واوصاف اور قلب ونظر پر کوئی داغ نہ ہو اسے عفت وپاکدامنی کہتے ہیں۔بندہ مومن کو صحت کے ساتھ عفت وپاکدامنی مانگنے کی تعلیم دی گئی ہے۔

(۳) انسان کی نسبت اللہ سے بھی ہے اوراس کی مخلوق سے بھی اس کا تعلق ہے۔نسبت الٰہیہ کی وجہ سے انسان پر کچھ ذمہ داریاں ہیں اور مخلوق سے رشتہ وتعلق کی بنا پر بھی اس پر ذمہ داریاں ہیں۔ان تمام ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کے لئے باطن میں فکرواحساس امانت کہلاتا ہے۔

یہی فکرواحساس جتنا شدید ہوگا انسان اتنا ہی ''اچھا انسان'' ہوگا۔اس اندرونی جذبہ میں کمال کمال انسانیت پر دلالت کرتا ہے۔اللہ جل جلالہ سے امانت مانگ کر اپنا کمال مانگا گیا ہے۔

(۴) اسلام کا طرۂ امتیاز ہے کہ وہ حسن خلق کا درس دیتا ہے۔حضور رسول عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی بعثت کے مقاصد میں سے مکارم اخلاق کی تکمیل بھی ایک مقصد قرار دیا۔

بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ مَکَارِمَ الْاَخْلَاقِ۔

مجھے مکارم اخلاق کی تکمیل کے لئے مبعوث فرمایا گیا ہے۔

اسی نبی عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بھی ارشاد فرمایا:

خِیَارُکُمْ اَحْسَنُکُمْ اَخْلَاقاً

تم میں سب سے بہتر وہ ہیں جن کے اخلاق اچھے ہیں۔

آیئے حسن اخلاق سے آراستہ ہونے کی دعا بھی مانگیں اور کوشش بھی کریں۔

(۵) تقدیر پر راضی رہنے والا انسان دنیا میں اپنا وقت بہت اچھا گذارتا ہے۔ اسے نہ حسد لاحق ہوتا ہے اور نہ کینہ جیسی مہلک بیماری میں مبتلا ہوتا ہے۔ اسے جو کچھ اللہ سے ملے اس پر راضی وشاکر رہتا ہے۔ رضا بالقدر کی تعلیم دے کر فرزند آدم کو دنیا کے تفکرات سے چھٹکارا دلایا گیا ہے۔

-☆-

جامع دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أسْئَلُکَ صِحَّةً فِی اِیْمَانٍ
وَاِیْمَاناً فِیْ حُسْنِ خُلُقٍ وَنَجاحاً یَتْبَعُه‘ فَلَاحٌ
وَرَحْمَةً مِنْکَ وَعافِیَةً وَمَغْفِرَةً مِنْکَ وَرِضْوَاناً

عَنْ اَبِی هُرَیْرَ ةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ : اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَوْصٰی سَلْمَانَ الْخَیْرَ فَقَالَ :

اِنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ – یُرِیْدُ اَنْ یَمْنَحَکَ کَلِمَاتٍ تَسْاَلُهُنَّ الرَّحْمٰنَ تَرْغَبُ اِلَیْهِ فِیْهِنَّ وَتَدْعُوْ بِهِنَّ بِاللَّیْلِ وَالنَّهَارِ، قُلْ:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أسْئَلُکَ صِحَّةً فِی اِیْمَانٍ وَاِیْمَاناً فِیْ حُسْنِ خُلُقٍ وَنَجاحاً یَتْبَعُه‘ فَلَاحٌ وَرَحْمَةً مِنْکَ وَعافِیَةً وَمَغْفِرَةً مِنْکَ وَرِضْوَاناً.

مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۱۷۳۶۹)	جلد ۱۰	صفحہ ۲۷۵
المعجم الاوسط	رقم الحدیث (۹۳۳۳)	جلد ۶	صفحہ ۳۲۲

ترجمة الحدیث،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت سلمان الخیر رضی اللہ عنہ کو وصیت فرمائی تو فرمایا:

بے شک اللہ تعالیٰ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چاہتے ہیں کہ تجھے چند کلمات عطا کریں جن سے تو اپنے رحمان اللہ سے سوال کرے، دعا مانگے ،تو اللہ تعالیٰ سے رغبت کرے کہ وہ تجھے یہ چیزیں عطا فرمائے۔ان کلمات طیبات سے تو رات دن اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے،اللہ کی بارگاہ میں عرض کردے۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَسْئَلُکَ صِحَّةً فِی اِیْمَانٍ وَاِیْمَاناً فِیْ حُسْنِ خُلُقٍ وَنَجَاحاً یَتْبَعُه‘ فَلاحٌ وَرَحْمَةً مِنْکَ وَعَافِیَةً وَمَغْفِرَةً مِنْکَ وَرِضْوَاناً.

اے اللہ! میں تجھ سے صحت مانگتا ہوں ایمان کے ساتھ اور ایمان مانگتا ہوں حُسنِ خُلق کے ساتھ اور ایسی کامیابی مانگتا ہوں کہ جس کے بعد تو دونوں جہاں کی کامرانی آئے اور تیری ذات سے رحمت وعافیت کا سوالی ہوں اور تجھی سے مغفرت اور رضا کا طلب گار ہوں۔

-☆-

ایسا انسان جو صحت مند ہو لیکن ایمان کی نعمت سے محروم ہو وہ حیوانات سے بدتر ہے کیونکہ ایسا انسان دائمی عذاب میں گرفتار ہوگا۔

ایمان کا حسن وجمال اخلاق حمیدہ سے ہے۔

-☆-

مسند الامام احمد　　رقم الحدیث (۸۲۵۵)　　جلد ۸　　صفحہ ۲۶۰

قال احمد محمد شاکر　　اسنادہ صحیح

تمام معاملات میں انجام بخیر کیلئے،
دنیا میں ذلت اور آخرت کے عذاب سے
حفاظت و بچاؤ کی دعا

اَللّٰھُمَّ أحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِیْ الاُمُوْرِ کُلِّھَا
وَأجِرْنَا مِنْ خِزْیِ الدُّنْیَا وَعَذَابِ الآخِرَةِ

عَنْ بُسْرِ بْنِ اَبِیْ اَرْطَاةِ الْقُرَشِيِّ قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – يَدْعُوْ:

اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِیْ الاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْیِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الآخِرَةِ .

مسند الامام احمد	رقم حدیث (۱۷۵۶۰)	جلد ۱۳	صفحہ ۴۴۱
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ حسن		
مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۱۷۳۹۰)	جلد ۱۰	صفحہ ۲۸۳
المعجم الکبیر للطبرانی	رقم الحدیث (۱۱۹۶)	(۱۱۹۷)	(۱۱۹۸)
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۶۵۰۸)	جلد ۶	صفحہ ۲۳۲۰

ترجمة الحديث،

حضرت بسر بن ابی ارطاۃ قرشی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے سنا حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا فرمارہے تھے:

اَللّٰهُمَّ أَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الأُمُوْرِ كُلِّهَا وَأَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الآخِرَةِ.

اے اللہ! تمام امور و معاملات میں ہماری عاقبت وانجام محمود فرما اور ہمیں بچا لے دنیا کی ذلت ورسوائی سے اور آخرت کے عذاب سے۔

-☆-

تمام امور کا مدار ان کے انجام پر ہے۔ دینی معاملات ہوں یا دنیاوی ان کے حسن وقبح کا انحصار ان کے عواقب پر ہے اگر نتائج اچھے ہیں تو امور مستحسن قرار پائیں گے اور اگر نتائج اچھے نہیں تو کام بے مقصد گنے جائیں گے۔

ارشاد گرامی ان الفاظ سے بھی ہے

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالْخَوَاتِيْمِ

اعمال کا انحصار ان کے نتائج وعواقب پر ہے۔

اس لئے اللہ وحدہ لاشریک سے حسن انجام کی دعا کرنی چاہیے۔

دنیا میں رسوائی اور ذلت عذاب سے کم نہیں اس لئے اس سے پناہ عذاب آخرت کے ساتھ مانگی گئی ہے۔

-☆-

صحیح ابن حبان   رقم الحدیث (۹۳۹)   جلد ۳   صفحہ ۲۲۹

قال شعیب الارنؤوط   اسنادہ حسن

بڑھاپے میں اور دنیا سے رخصتی کے وقت
رزق میں وسعت وکشادگی کی دعا

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِکَ عَلَیَّ عِنْدَ کِبَرِ سِنِّی وَانْقِطَاعِ عُمْرِیْ

عَنْ عَائِشَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا قَالَتْ :

اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ یَدْعُوْیَقُوْلُ :

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِکَ عَلَیَّ عِنْدَ کِبَرِ سِنِّی وَانْقِطَاعِ عُمْرِیْ .

ترجمۃ الحدیث،

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دعا میں یوں عرض کیا کرتے تھے:

مجمع الزوائد	رقم الحدیث (۱۷۳۴۰)	جلد۱۰	صفحہ۲۹۱
المعجم الاوسط	رقم الحدیث (۳۶۱۱)	جلد۴	صفحہ۳۳۸
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۱۹۸۷)	جلد۲	صفحہ۷۵۶
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاہ		

اے اللہ! میرا رزق مجھ پر وسیع وکشادہ کر دینا جب مجھ پر بڑھاپا آجائے اور جب میری زندگی منقطع ہو رہی ہو۔

-☆-

رزق کی تنگی کسی بھی دور میں اچھی نہیں۔ جوانی میں پھر بھی گذارہ ہو جاتا ہے۔اس وقت انسان کی قویٰ مضبوط ہوتے ہیں اور قوت مدافعت بھی زیادہ ہوتی ہے لیکن بڑھاپے میں جب انسان کے اعضاء ڈھیلے اور کمزور پڑ چکے ہوں اس وقت رزق کی تنگی ناقابل برداشت ہوتی ہے۔

رزق اپنے اندر وسیع مفہوم رکھتا ہے اس میں تمام مادی اور روحانی رزق شامل ہیں۔ حقیقی رزق تو وہی ہے جس سے روح کو توانائی اور تازگی ملے۔اگر بڑھاپے میں ذکر وفکر اور بندگی کا لطف زیادہ ہو تو یہ انسان کی خوش بختی ہے۔خصوصاً جب تارِ حیات ٹوٹ رہی ہو اس وقت رحمان ذات سے رشتہ قائم ہو تو یہ بڑے نصیب کی بات ہے۔

اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو نعمتِ ایمان کے ساتھ دنیا سے رخصت ہونے کی سعادت ارزانی فرمائے۔آمین

-☆-

اَللّٰهُمَّ لا سَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَهْلًا ،
وَاَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ اِذَا شِئْتَ سَهْلًا

عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :
اَللّٰهُمَّ لاسَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَهْلًا ، وَاَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ اِذَا شِئْتَ سَهْلًا.

ترجمة الحديث،

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اَللّٰهُمَّ لاسَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَهْلًا ، وَاَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ اِذَا شِئْتَ سَهْلًا.

اے اللہ! آسان وسہل وہی ہے جسے تو آسان بنائے اور تو جب چاہے سختی اور غم واندوہ کو سہل فرمادیتا ہے یعنی سختی اور غم واندوہ کو دور کردیتا ہے۔

صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۹۷۴)	جلد۳	صفحہ۲۵۵
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ حسن		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۹۷۰)	جلد۳	صفحہ۲۹۹
قال الالبانی	صحیح		
غایۃ الاحکام	رقم الحدیث (۶۸)	جلد۱	صفحہ۳۹

ہدایت واستقامت کی دعا

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ وَسَدِّدْنِیْ

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ الْھُدٰی وَالسَّدَادَ

عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ :قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

قُلْ:اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ وَسَدِّدْنِیْ۔

وَفِیْ رِوَایَةٍ:

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ الْھُدٰی،وَالسَّدَادَ۔

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۷۲۵)	جلد۴	صفحہ۲۰۹۰
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۶۹۱۱)	جلد۴	صفحہ۲۵۱۴
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۶۹۱۲)	جلد۴	صفحہ۲۵۱۴
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۹۳۶۹)	جلد۸	صفحہ۳۸۳
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۹۷۳۹)	جلد۸	صفحہ۴۷۱
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۴۲۲۵)	جلد۳	صفحہ۵۵۱
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت علی-رضی اللہ-عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ-صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-نے مجھ سے فرمایا:

تم یہ دعا کیا کرو:

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ وَسَدِّدْنِیْ۔

اے اللہ! مجھے ہدایت عطا فرما-ہدایت پر استقامت عطا فرما۔

اور ایک روایت میں ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ الْھُدٰی،وَالسَّدَادَ.

اے اللہ! میں تجھ سے ہدایت اور استقامت کا سوال کرتا ہوں۔

-☆-

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَةِ النَّارِ، وَعَذَابِ النَّارِوَمِنْ شَرِّالْغِنٰی وَالْفَقْرِ

عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا – اَنَّ النَّبِیَّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – کَانَ یَدْعُوْ بِهٰؤُلَاءِ الْکَلِمَاتِ:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَةِ النَّارِ ، وَعَذَابِ النَّارِ وَمِنْ شَرِّ الْغِنٰی وَالْفَقْرِ۔

ترجمة الحديث:

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کلمات کے ساتھ دعا کیا کرتے تھے:

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۴۹۵)	جلد۳	صفحہ۴۴۰
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۱۵۴۳)	جلد۱	صفحہ۴۲۳
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۸۳۸)	جلد۲	صفحہ۳۰۶
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		

